آپ کا برج



سعید راٹھور

آپ کا برج

مصنفہ: سمعیہ راٹھور

خوش رہیں جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

مصنف سمعیہ راٹھور

پبلشر خالد اسحاق راٹھور

رابطہ مکان نمبر 2 ' گلی نمبر 11 ' نزد جامعہ نعیمیہ ' محمد نگر '
گڑھی شاہو لاہور ' پاکستان ۔

فون نمبر 6374864
0321-4753240
0300-4783518
0300-8442060

سن اشاعت 2007-اول ایڈیشن

ISBN ISBN 978 - 969-535-045-4

قیمت [redacted]

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

راٹھور پبلشرز ' 2/11 ' محمد نگر ' نزد جامعہ نعیمیہ ' گڑھی شاہو لاہور ۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست مضامین

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پیش لفظ

انسان کی تخلیق جس جہاں میں کی گئی وہ ہماری نظروں سے اوجھل ہے لیکن جس جہاں میں قدرت نے انسان کی افزائش کی اُسے اُس کا مسکن بنا دیا اور اس کے ماحول کو اس کی زندگی کا حصہ ! لیکن اس کے ساتھ ہی اُن جہانوں کا تذکرہ بھی کر دیا جو ہر انسان کی پہنچ میں نہیں لیکن کسی حد تک انسان نے اس میں سے بہت کچھ تسخیر کرنے کی کوشش کی ہے۔

اس دنیا میں رہتے ہوئے زندگی کے اُتار چڑھاؤ پر پورا اُترنا یا ناکام ہو جانا' زندگی میں ترقی حاصل کرنے کا خواب' آسمانوں کو چھونے کی تمنا' ایک بہترین روشن مستقبل' کامیاب حال ! یہ تمام وہ خواہشات ہیں جو انسانی جبلت میں شامل کر دی گئیں ہیں۔ کوئی انسان اِن جذبات اور رویوں سے بھاگ نہیں سکتا۔ لیکن اگر ایک مشکل اور کٹھن مرحلے پر تنکے کا سہارا بھی بہت ہوتا ہے۔ انسانی زندگی میں ہمیشہ مقدر اور عمل کی جنگ جاری ہے۔ اس کے درمیان ایک ایسی طاقت ہے جو سرگرمِ عمل رہتی ہے اور وہ ہے

"آپ کا برج"

جو کتاب آج آپ کے ہاتھ میں ہے۔ اسے اس طرح مرتب کیا گیا ہے کہ ایک نوخیز قاری میں اس علم کا ادراک پیدا ہو اور وہ اس سے اپنی عملی زندگی میں بھی فائدہ حاصل کر سکے۔ کم سے کم وقت میں یہ کتاب آپ کو

اپنے اور دوسرے افراد کی ذات اور اِن سے تعلق کے بارے آگاہ کرسکتی ہے۔ گویا اس کا تعلق حال سے ہو یا آنے والے کل سے' یہ کتاب نہایت دلچسپ اور مفید ثابت ہوگی۔

یہ کتاب اِن بروج سے متعلق تمام پوشیدہ حقائق سے پردہ اُٹھاتی ہے۔ اور اس حوالے سے روزمرہ زندگی میں آنے والے متغیرات اور اُن کے اثرات کو بہتر بنانے میں ممد و معاون ثابت ہوسکتی ہے۔

اس کتاب کو عملی جامعہ پہنانے میں "خالد اسحٰق راٹھور صاحب" ہمیشہ میرے ممد و معاون رہے۔ یہ انہی کی حوصلہ افزائی اور مشوروں کا نتیجہ ہے جس کے لیے میں ان کی حد درجہ شکر گزار ہوں۔

یہ کتاب نہایت آسان فہم ہے۔ لیکن جیسے کہ کوئی بھی انسانی کاوش ہر اعتبار سے مکمل نہیں ہوتی اور اس میں بہتری کی گنجائش ہمیشہ رہتی ہے۔ اسی طرح آپ کو بھی اس میں کوئی خامی نظر آئے تو ضرور مطلع کریں تا کہ اگلے ایڈیشن میں درستگی کے ساتھ پیش کی جا سکے۔

یہ فرش و عرش کیا ہے اللہ جانتا ہے
بندے کے دل میں کیا ہے اللہ جانتا ہے
قسمت کے نام سے واقف ہیں سبھی
لیکن !
قسمت میں کیا لکھا ہے اللہ جانتا ہے۔

شکریہ !

سمیعہ راٹھور

آپ کا برج کون سا ہے؟

بظاہر ایک سادہ سوال ہے۔ جس کا جواب کئی لوگوں کے لیے بہت آسان اور وہ پُرجوش انداز میں آپ کو اپنے برج کا نام بتائیں گے۔ تاہم ہر فرد کے لیے اس کا جواب اس قدر آسان نہیں ہے۔ کیوں؟ کیوں کہ بہت سے لوگ اس بارے میں بنیادی علم نہیں رکھتے یا اگر رکھتے ہیں تو نامکمل معلومات کے باعث درست جواب دینا ان کے لیے قدرے مشکل ہوتا ہے تاہم ذیل میں اس سلسلے میں آسان طریقے سے آپ کو تعلیم کیا جا رہا ہے کہ آپ اپنا یا اپنے ملنے جلنے والوں کا برج کس طرح معلوم کر سکتے ہیں۔

اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم ہے تو برج معلوم کرنے کا سب سے آسان اور موثر طریقہ یہ ہے کہ آپ درج ذیل جدول کو استعمال میں لائیں۔ اس جدول میں "عرصہ حکومت" کے کالم کو توجہ سے دیکھیں اور معلوم کریں کہ دی گئی تاریخوں میں سے آپ کی تاریخ پیدائش سے کون سی تاریخ مطابقت رکھتی ہے۔

بطور مثال ایک فرد "10 اپریل" کو پیدا ہوا ہے تو اس جدول کے مطابق اس کی تاریخ جدول میں دیئے "21 مارچ تا 21 اپریل" کے عرصہ میں آتی ہے۔ سو ہم کہیں گے کہ اس کا برج، برج حمل اور ستارہ مریخ ہے۔ جدول میں آسانی کے لیے عرصہ حکومت کے آگے متعلقہ برج اور ستارہ بھی تحریر کر دیا گیا ہے۔

عرصہ حکومت	بروج	حاکم کوکب
21 مارچ تا 21 اپریل	حمل	مریخ
21 اپریل تا 21 مئی	ثور	زہرہ

21 مئی تا 22 جون	جوزا	عطارد
22 جون تا 23 جولائی	سرطان	قمر
23 جولائی تک 23 اگست	اسد	شمس
24 اگست تا 22 ستمبر	سنبلہ	عطارد
23 ستمبر تا 23 اکتوبر	میزان	زہرہ
24 اکتوبر تا 20 نومبر	عقرب	مریخ، پلوٹو
20 نومبر تا 21 دسمبر	قوس	مشتری
21 دسمبر تا 20 جنوری	جدی	زحل
21 جنوری تا 18 فروری	دلو	زحل، یورانس
19 فروری تا 20 مارچ	حوت	مشتری، نیپچون

اور اگر آپ کو اپنی تاریخ پیدائش معلوم نہیں تو بالیقین مندرجہ بالا طریقہ کام نہیں دے گا۔ لہذا پھر آپ کو اپنا برج معلوم کرنے کے لیے درج ذیل طریقہ استعمال کرنا ہوگا۔

اس مقصد کے لیے یہ دیکھیں کہ آپ کا نام کس حرف سے شروع ہو رہا ہے اور پھر ذیل میں دیے جدول سے دیکھیں کہ آپ کا سرنام یعنی نام کا پہلا حرف کس برج کے تحت آتا ہے۔ پس جس کے تحت آئے گا وہی آپ کا برج ہوگا۔

بروج	حاکم کوکب	منسوبی حروف
حمل	مریخ	ا، ل، ع، ی
ثور	زہرہ	ب، و
جوزا	عطارد	ک، ق
سرطان	قمر	ح، ہ
اسد	شمس	م

سنبلہ	عطارد	پ، غ
میزان ،	زہرہ	ر، ت، ط
عقرب	مریخ، پلوٹو	ظ، ذ، ض، ز، ن
قوس	مشتری	ف
جدی	زحل	ج، خ، گ
دلو	زحل، یورانس	س، ش، ص، ث
حوت	مشتری، نیپچون	ذ، چ

موثر طریقہ:

قارئین کی سہولت کے لیے یہ بتاتی چلوں کہ برج معلوم کرنے کے مندرجہ بالا دونوں طریقوں میں سے پہلا طریقہ زیادہ بہتر ہے۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

سالانہ ممبر شپ

گھر بیٹھے ہر ماہ پرچہ حاصل کریں

اگر آپ چاہتے ہیں کہ "راہنمائے عملیات" خریدنے کے لیے ہر ماہ آپ کو بازار نہ جانا پڑے یا بازار میں پرچہ جلد ختم ہونے سے یا دیگر کسی وجہ سے آپ کو پرچے کے حصول میں دشواری ہوتی ہو تو آپ "راہنمائے عملیات" کی سالانہ ممبر شپ حاصل کر لیں۔ ممبر بننے کے بعد آپ کو ہر ماہ پرچہ بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک آپ کے گھر دفتر یا دوکان وغیرہ کے پتہ پر ارسال کیا جائے گا' جو رجسٹر ہونے کی وجہ سے با حفاظت آپ تک پہنچ جائے گا۔ راہنمائے عملیات کے سال بھر کے بارہ شماروں کی ممبر شپ فیس بذریعہ رجسٹر ڈاک صرف 525 روپے ہے۔

ممبر شپ:

اس مقصد کے لیے 525 روپے بذریعہ منی آرڈر یا بنک ڈرافٹ کے ذریعے بنام خالد اسحق راٹھور' مکان نمبر 2' گلی نمبر 11' محمد نگر' لاہور ارسال کر دیں۔

نوٹ:

اپنا نام اور پتہ جس پر آپ پرچہ منگوانے کے خواہش مند ہیں مکمل اور صاف ستھرا تحریر کر کے ارسال فرمائیں۔ شکریہ۔

حالاتِ زندگی

ہماری یہ نجومی رپورٹ فرد (مرد، عورت، بچہ) کی زندگی کا اجمالی خاکہ اس طور بیان کرتی ہے کہ فرد صرف اپنی خوبیوں کے بارے میں ہی نہیں جانتا بلکہ خامیوں کو بھی جان کر ان پر قابو بھی پا سکتا ہے۔ اس کے علاوہ یہ نجومی رپورٹ آپ کے خوش قسمتی کے پتھر، عدد، اسم الٰہی، صدقہ اور ایسے ذیل میں بیان کردہ 23 امور پر روشنی ڈالتی ہے کہ جن کے لیے آپ الگ الگ فیس دیں تو بہت زیادہ رقم خرچ ہوگی۔ جبکہ اس رپورٹ کے بنوانے سے آپ اپنی زندگی کے 23 امور پر سیر حاصل معلومات معمولی معاوضہ پر حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ رپورٹ آپ کو خوش قسمتی کے حصول کی ایک آسان راہ پر لے جانے کا باعث ہوگی۔

زندگی کے 23 اہم امور پر جو نجومی رپورٹ تیار کی جاتی ہے۔ اس میں یہ امور زیر بحث آئیں گے۔

1	مزاج و کردار
2	زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات
3	محبت اور رومانس
4	مشاغل
5	صحت
6	مالی حالت
7	طریق زندگی
8	کیریئر
9	روزگار
10	آپ کا برج
11	آپ کا کوکب
12	خوش قسمتی کا پتھر
13	خوش قسمتی کا دن
14	خوش قسمتی کا رنگ
15	خوش قسمتی کی دھات
16	خوش قسمتی کا عدد
17	اسم الٰہی برائے ذکر
18	شرف و ہبوط کواکب
19	زائچہ پیدائش
20	خصوصی صدقات
21	قمری برج / ستارہ اور اس کے اثرات
22	شمسی برج / ستارہ اور اس کے اثرات
23	طالع برج / ستارہ اور اس کے اثرات

رپورٹ بنوانے کے لیے وقت، تاریخ اور مقام پیدائش بمعہ فیس ارسال کریں۔

پتھر اور جواہرات

مختلف پتھر مختلف سحری اثرات کے حامل ہوتے ہیں۔ ان کو خوش قسمتی، صحت، ردِ سحر، ذہنی سکون، حصول دولت اور دیگر لاتعداد امور میں استعمال کیا جاتا ہے۔

ادارہ راہنمائے عملیات نے اس امر کا خاص اہتمام کیا ہے کہ آپ کو اصلی پتھر سستی قیمت پر دستیاب ہوں۔ آپ اس سلسلے میں مکمل اعتماد اور یقین سے ادارے سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

منی آرڈر و رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور۔

لوحِ خوش قسمتی

اگر ہم غور کریں تو ہماری زندگی ایک لفظ "قسمت" کے اردگرد گھومتی ہے۔ کبھی یہ لفظ "**خوش قسمتی**" بن کر ہماری زندگی میں خوشیوں کا اُجالا بھر دیتا ہے کبھی "**بد قسمتی**" بن کر مسائل کے اندھیروں میں دھکیل دیتا ہے۔ اب کون ایسا ہوگا کہ جو اپنی زندگی میں خوشی قسمتی کا طالب نہ ہو۔ اس خوش قسمتی کے عنصر کو ہر کوئی جانے انجانے کسی نہ کسی طرح اپنے معاملات زندگی میں لانا چاہتا ہے۔

تو ایسے تمام افراد جو اپنی زندگی میں **خوش قسمتی** کے عنصر کو لانا چاہتے ہیں کے لیے خالد اسحاق راٹھور ایڈیٹر راہنمائے عملیات اپنے طویل تجربے کی بنیاد پر **لوح خوش قسمتی** تیار کرتے ہیں۔ یہ **لوح خوش قسمتی** کواکب کی سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے پر تیار کی جاتی ہے۔ لہذا آپ بھی رزق، شادی، دولت، عہدہ، اولاد، صحت اور دیگر ایسے تمام معاملات کے لیے **لوح خوش قسمتی** کو تیار کروائیں۔ اللہ کے فضل و کرم سے متعلقہ معاملات زندگی میں بہتری اور آسانی آنا شروع ہو جائے گی۔ انشاء اللہ۔

منی آرڈر و رابطہ: خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو لاہور۔

برج حمل



عرصہ	21مارچ تا20اپریل
حروف	ا،ل،ع،ی،ص
حاکم کوکب	مریخ
عنصر	آتشی
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	سر
موافق نگینہ	یاقوت، ہیرا، مرجان
موافق دن	منگل
موافق نمبر	9
موافق رنگ	سرخ، قرمزی، گلابی، پیازی
موافق پھول	گلاب
موافق شریک کار	میزان
موافق افراد	جوزا، دلو
ناموافق افراد	سرطان، جدی
بائیوکیمک نمک	کالی فاس

ظاہری شخصیت

برج حمل سے تعلق رکھنے والے افراد عام طور پر تندرست و توانا اور مضبوط قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ عام لوگ جب ان سے ملتے ہیں تو چاہے ان کی کوئی بات یاد رکھیں یا نہ رکھیں ان کی شخصیت کا سحر سالہا سال قائم رہتا ہے جو دوسرے کو اس بات کا احساس دلاتا ہے کہ وہ برسوں پرانی ملاقات ہمیں یاد کیوں رہ گئی۔ حمل لوگوں کی پرکشش شکل وصورت اور بہترین انداز گفتگو ملنے والوں کے ذہنوں پر انمٹ نقوش ثبت کرتا ہے۔ یہ لوگ پہلی ہی ملاقات میں بے تکلف ہو جاتے ہیں اور وہ بھی اس حد تک کہ آپ یہ محسوس کرنے لگیں کہ نہ جانے کتنی پرانی دوستی ہے۔ بہرحال دیر ہو یا سویر حمل افراد کی ملاقات اور پھر دوستی ایک نعمت سے کم نہیں۔ وہ اتنے خوش اخلاق ہوتے ہیں کہ اپنی خوش اخلاقی سے دوسرے کو بھی اپنا گرویدہ اور دوست بنا لیتے ہیں۔ ان کی شخصیت میں ایک قسم کی متنا طیسیت پائی جاتی ہے جو بہت ہی کم انسانوں کے حصے میں آتی ہے۔ ان کا ایک ایک عمل اور حرکت دیکھنے والے کو متاثر کرتی ہے۔ اس کی ایک وجہ یہ بھی ہے کہ وہ کسی بھی کام میں مصروف ہوں یا محض بات چیت کر رہے ہوں لاکھ تکان وتناؤ کے باوجود آپ انہیں بالکل تروتازہ اور شاداب پائیں گے۔ وہ آپ کی ہر بات کا جواب مسکرا کر خوبصورتی سے دیتے رہیں گے۔ ان کا نقطہ نظر آپ کے ساتھ مکمل شریک ہونا' آپ سے حد درجہ ہمدردی رکھنا اور اختلاف رائے کو ختم کرنا ہوتا ہے۔ اسی دوران وہ اپنے بہترین فن گفتگو کے ذریعے اپنے موقف کو بھی منوا لیتے ہیں۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

برج حمل کے علامتی نشان مینڈھا ہے جو اپنے حق کے لیے لڑنے مرنے پر تیار رہتا ہے۔ لیکن اگر پہلے ہم اس برج کے تحت آنے والے لوگوں کی مختلف طبیعتوں کی بنیاد پر انہیں دو حصوں میں تقسیم کر لیں تو زیادہ بہتر رہے گا۔ ایک قسم تو وہ ہے جس کے تحت آنے والے لوگوں کی شخصیت مکمل اور پختہ ہوتی ہے جبکہ دوسری قسم کے حمل لوگ ناپختہ شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ پہلی قسم کے لوگ با مقصد منزل کے حصول کی ہر ممکن کوشش

کرتے ہیں۔ ہر کام سیکھنے کی کوشش کرتے ہوئے زندگی کو عملی راہوں پر استوار کرنے کے قائل ہوتے ہیں۔ اس سلسلے میں نہایت روشن خیال، بے جھجک اور فوری عمل کو فوقیت دے کر زندگی کی بازی جیت جاتے ہیں۔ جبکہ ایک ناپختہ شخصیت کا حامل حمل فرد خیالی پلاؤ زیادہ پکائے گا۔ بنا ہاتھ ہلائے سب کچھ پالینے کا خیال اسے لالچی بنا دیتا ہے۔ ہر لمحہ بے چین اور بے سکون رہتا ہے۔ حمل افراد کے متعلق یہ بھی کہا جاتا ہے کہ یہ دوسروں کی جانب سے دیئے جانے والے مشوروں کو پسند کرتے ہیں اور مستقبل کو ہمیشہ روشن دیکھنا چاہتے ہیں۔ دفتر ہو یا گھر ہر جگہ ہر چیز سلیقے اور صفائی سے دیکھنا پسند کرتے ہیں۔

بعض حمل کوئی ایک کام دلچسپی سے نہیں کرتے کیونکہ وہ کمزور قوت ارادی کے مالک ہوتے ہیں۔ اس کے برعکس پختہ حمل وہ کام کرتے ہیں جو انہیں کرنا چاہیے۔ جب شروع کر لیتے ہیں تو پھر پایہ تکمیل تک پہنچاتے ہیں۔ اور اسی طرح زندگی کامیاب بناتے ہیں۔

آزادی پسند

حمل فطرتاً آزادی پسند کرتے ہیں۔ اپنی آزادی کی خاطر خود غرضی ان کے نزدیک جائز ہے۔ اگر کوئی حمل بیوی ایک مرتبہ گھر چھوڑ دے تو اس کا انتظار کرنا بے وقوفی ہے۔ خود غرضی یہ بھی ہو سکتی ہے کہ مثلاً حمل بیوی اپنے خاوند سے تو ہر آسائش کی طلب گار رہے لیکن خود اسے کچھ نہ دے سکے۔ بے پناہ قوت مدافعت کے مالک حمل افراد کچھ حد تک طبیعت کے مخالف اثرات قبول کر سکتے ہیں لیکن اس کے بعد ان کی ہٹ دھرمی کا مقابلہ کوئی نہیں کر سکتا وہ جو کہتے ہیں منوا کر چھوڑتے ہیں۔

فولادی انسان

حمل بڑے باعمل، محنتی اور سرگرم ہوتے ہیں۔ اچھی زندگی گزارنے کا خواب رکھتے ہیں لیکن اگر اصولوں پر سمجھوتہ کرنا پڑے تو مفلسی کو ترجیح دیتے ہیں۔ مادی مشکلات انہیں روحانی آسودگی بخشتی ہیں۔

باغیرت اور چاق و چوبند انسان

حمل افراد کافی حد تک باغیرت ہوتے ہیں۔ خوشامد سے نفرت کرتے اور ہر کنویں میں بلا خوف و خطر کود پڑتے ہیں۔ انہیں مشکلات سے لڑنے میں مزہ آتا ہے اس لیے مستعدی سے مقابلہ کرتے ہیں۔ خود بھی چاق و چوبند ہوتے ہیں اور دوسروں سے بھی ہر کام جلد اور درست کرنے کی توقع رکھتے ہیں۔

فکر انگیز پہلو

زندگی میں کامیابی حاصل کرنا ہر انسان کی فطری خواہش ہوتی ہے کامیابی کے ممکن حصول کی خاطر اسے بہت کچھ کرنا پڑتا ہے۔ حمل افراد اس مقابلے میں بہت زیادہ خود غرضی سے کام لیتے ہیں۔ نہایت بے صبری کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ ہر وقت ہر معاملے میں قیادت کا بھوت سوار رہتا ہے۔ ان کا یہ ردعمل درست نہیں ہے۔ کیونکہ سامنے والا جس پر آپ قیادت کا رعب جمانا چاہتے ہیں وہ تو کبھی نہیں چاہے گا کہ آپ کا غلام بن کر رہے۔ ردعمل کے طور پر وہ آپ کے خلاف قدم اٹھائے گا اس لیے غلط رائے سے بچنے کے لیے حمل افراد کو اپنا یہ عمل درست کر لینا چاہیے۔ حمل افراد فضول خرچ بھی ہوتے ہیں۔ جوانی میں جتنا کماتے ہیں بڑھاپے تک سب ختم ہو چکا ہوتا ہے۔ نہایت حساس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اردگرد ہونے والے واقعات انہیں بہت متاثر کرتے ہیں۔ پُرکشش اور ظاہری تاثر کی بناء پر ان کے اردگرد رہنے والے لوگ ان کو لیڈر سمجھتے ہیں اس لیے کسی مشکل میں بھی ان کی مدد کو آگے نہیں بڑھتے۔ حالانکہ ان کو مدد کی ضرورت ہوتی ہے۔ اپنا لہجہ ہمیشہ دھیما اور غیر تحکمانہ رکھیں تاکہ دوسرے آپ کے لیے ہمدردانہ اور اچھے جذبات رکھیں۔

حمل خواتین

حمل خواتین مستحکم مزاج، مضبوط کردار، ارادہ اور عزم و حوصلہ کی مالک ہوتی ہیں۔ ان کی کارکردگی عام حالات میں اتنی قابل دید نہیں ہوتی جتنی غیر معمولی حالات کو ہینڈل کرتے ہیں مثالی کارکردگی انجام دیتی ہے۔ مثبت مقصد کا حصول تو بہتر ہے لیکن ایسی طاقت، توانائی اور غیر معمولی کارکردگی کا استعمال منفی مقاصد میں استعمال کرنے سے گریز کرنا چاہیے۔ خاص منصوبہ بندی نہیں کرتیں لیکن اگر کوئی کام شروع کر لیں تو مکمل کرنے بلکہ سب سے پہلے اور بہترین طریقے سے ختم کرنے کی ممکن کوشش کرتی ہیں۔ دوسروں کی جیت کی صورت میں یہ حسد اور جلن بہت جلد محسوس کرتی ہیں۔ جس وجہ سے ڈپریشن کا شکار ہو جاتی ہیں۔ ضرورت سے زیادہ حساس طبیعت انہیں رقابت، غرور اور سخت گیری جیسے رویے کا شکار بنا دیتی ہے جس پر کنٹرول ضروری ہے۔ حمل خاتون کبھی بھی فالتو وقت کو ضائع نہیں کرتیں بلکہ تعمیری کاموں میں صرف کرتی ہیں۔ حاضر جوابی انہیں سماجی تقریبات میں منفرد کرتی ہے۔ شوہر کا کام کسی قسم کا بھی ہو اس کی مدد کرتی ہیں۔ تعریف کرتے رہنے والے آدمی حمل عورت کے بہترین شوہر ثابت ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں حمل خواتین نہایت چست اور پھرتیلی ہوتی ہیں جو ان کے خوبصورت اور پُرآرائش گھر سے نظر آتا ہے۔ مہمان نوازی حمل خواتین کا خاصہ ہے۔ اپنی تمام تر خوبیوں کے باعث ایک اچھی شریک حیات ثابت ہوتی ہیں۔ حمل بچوں سے بے حد محبت کرنے والی

بہترین مائیں جانی جاتی ہیں۔

حمل مرد

جیسے کہ پہلے بھی بتایا گیا کہ حمل افراد کی دو اقسام ہوتی ہیں جو قطعی مختلف ہوتی ہیں۔ اس لیے حمل مردوں کے بارے میں بتائی جانے والی خصوصیات کو تمام حمل مردوں پر لاگو نہیں کیا جاسکتا پھر بھی چند بنیادی عوامل ایسے ہیں جو حمل مردوں کی زندگی پر اثرانداز ہوتے ہیں۔ حمل مرد عام طور پر پھرتیلا اور جلد منزل کو پانے کی خواہش رکھتا ہے۔ اچھی منصوبہ بندی کرتے ہیں اور ہر کام بہترین طریقے سے شروع کرتے ہیں لیکن عجلت پسندی کی عادت اور بعض اوقات سستی نقصان کا باعث بنتی ہے۔ صبر وتحمل اور سوچ بچار سے اس نقصان پر قابو پایا جاسکتا ہے۔ حمل افراد اپنے مقصد میں کامیابی کے لیے صرف اپنے مفاد کی پرواہ کرتے ہیں۔ جسے لوگ برا محسوس کرتے ہیں۔ اس طرح ان کی سماجی حیثیت متاثر ہونے کا خدشہ رہتا ہے۔

بعض حمل مردوں میں ایک ہی وقت میں کئی کام شروع کر لینے کی عادت انھیں پہلے ذہنی انتشار اور پھر ناکامی سے دوچار کرتی ہے۔ حمل مرد دوسروں سے بہت جلد بہت سی توقعات وابستہ کر لیتے ہیں اور اپنا رویہ ہمیشہ تحکمانہ رکھتے ہیں۔ پھر لوگوں کی طرف سے بے اعتنائی پر قصوروار بھی دوسروں کو ہی ٹھہراتے ہیں۔ حد درجہ تنقیدی ہوتے ہیں۔ شادی سے پہلے ہی اپنی بیوی کے بارے میں ایک تصور قائم کر لیتے ہیں جو بہت خوبصورت چست اور دانش مند شریک سفر کا ہوتا ہے۔ ہر بات دل میں رکھنے کی بجائے کھلم کھلا اپنی رائے کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کی رفیق حیات اگر ان کے مطلوبہ معیار پر پوری اُترتی ہو تو پھر ساری عمر اس سے وفا کرتے ہیں۔

حمل بچہ

حمل بچہ دوسرے بچوں کی نسبت ذہین اور دانش مند ہوتا ہے۔ اگر ابتدائی عمر ہی سے اس کی مناسب راہنمائی (جو اس کی خودی کو مجروح نہ کرے) کی جائے تو بڑے ہونے پر انہیں عملی زندگی میں بڑی مدد ملتی ہے۔ وہ نگرانی کا برا مانتے ہیں لیکن اپنی غلطیوں سے سبق حاصل کرنے والے بچے ہوتے ہیں۔ اگر انہیں بچپن سے ہی حقیقت پسندی کی عادت ڈالی جائے تو بہتر رہتا ہے۔ آزادی مجروح ہونے پر بعض حمل بچوں کا ردعمل انتہائی جارحانہ ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت حال میں والدین کو پیار محبت سے کام لینا چاہیے۔ حمل بچہ ہمیشہ لیڈر بننا پسند کرتا ہے۔ بڑے ہونے پر ایک صورت میں تو یہ فوجی، نڈر اور بہادر کام کرنے والے ہو سکتے ہیں اور

دوسری صورت میں ایسے کردار کے حامل کہ لوگ انہیں نظر انداز کرنے لگیں۔ ایسی صورت حال سے بچاؤ تب ہی ممکن ہے کہ ابتدائی عمر میں ہی حمل بچوں کے کردار کی مثبت تعمیر پر توجہ دی جائے اور والدین اپنے آپ کو بطور نمونہ پیش کرتے ہوئے انہیں تنقید کا کوئی موقع نہ دیں۔

برج حمل کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج حمل برج حمل کے ساتھ

حمل مرد حمل عورت

حمل خاوند ہوتے ہوئے آپ کی خواہش ہے کہ آپ گھر میں "باس" بن کر رہیں ایسے میں اگر حمل زوجہ افہام و تفہیم سے آپ کے اس درجہ کو قبول کر لے تو زندگی اچھی گزرتی ہے۔ آپ کو پُر سکون، خوبصورت اور صاف ستھرا گھریلو ماحول پسند ہے۔ اس لیے حمل بیوی کو چاہیے کہ وہ ان باتوں کا خیال رکھے۔ حمل خاوند ایسی ہی عورت کو پسند کرتا ہے جسے ہر بات بتانی نہ پڑے۔ ایک جیسی عادات ہوتے ہوئے دونوں ٹکراؤ کی بجائے اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

حمل عورت حمل مرد

متضاد مزاج کی صورت میں حمل عورت و مرد کی زندگی ہنگامہ آرائی پر مبنی ہوتی ہے لیکن بہ حیثیت حمل شریک حیات آپ کوشش کرتی ہیں کہ حمل رفیق سفر کو اس کی منزل پر پہنچنے میں مدد دیں۔ آپ کی تھوڑی سی مصروفیات حمل مرد کو ناراض کر دیتی ہے۔ ایسے میں آپ لذیذ پکوانوں کی مدد سے بازی جیت سکتی ہیں۔ اگر آپ گھر اور گھر میں آنے والوں کو اچھے طریقے سے دیکھتی ہیں اور حمل خاوند کی ضروریات کی تسکین کرتی ہیں تو آپ کا گھر جنت کا ٹکڑا بن سکتا ہے۔

برج حمل برج ثور کے ساتھ

حمل مرد ثور عورت

اگر آپ حمل مرد ہیں تو غور فرمائیے! جناب آپ کی ثور بیوی میں وہ تمام خوبیاں تو نہیں ہو سکتیں جو آپ چاہتے ہیں پھر بھی اگر آپ ثور بیوی کو اچھے طریقے سے اپنی محبت کا یقین دلاتے ہیں تو وہ آپ کے لیے سب کچھ کرنے کو تیار ہے۔ اپنی تیز روی میں اسے نظر انداز نہ کریں بلکہ اسے ساتھ لے کر چلیں وہ آپ کو کبھی نا اُمید

نہیں کرے گی۔

حمل عورت ثور مرد

بحیثیت حمل بیوی آپ ثور خاوند کے ساتھ ایک بھرپور اور خوشگوار زندگی گزار سکتی ہیں۔ آپ کا ثور خاوند منصوبہ بندی سے عملی میدان میں کودنے والا انسان ہے۔ لہذا آپ کا اس پر کسی قسم کا انحصار بے کار نہ جائے گا۔ وہ آپ کی مصروفیات میں آپ کا ممد و معاون رہے گا اور جب آپ گھر کو اس کے لیے جنت بنائیں گی تو وہ آپ کی اور گھر کی تمام ضروریات کا خیال رکھے گا۔

برج حمل برج جوزا کے ساتھ

حمل مرد اور جوزا عورت

جوزا بیوی کی پُرکشش شخصیت آپ کے لیے باعث فخر ہوگی اس کے علاوہ اس کی ذہانت آپ کو دوسرے اُمور میں بھی مددگار ثابت ہوگی۔ آپ کی جوزا بیوی ہمیشہ آپ کی وفادار ثابت ہوگی۔ چونکہ آپ دونوں کی راہیں کچھ ملتی جلتی ہیں۔ اس لیے آپ ہر قدم سوچ سمجھ کر اُٹھاتے ہیں۔

حمل عورت اور جوزا مرد

برج جوزا کے تحت پیدا ہونے والے مردوں میں عورت کے لیے بہت کشش ہوتی ہے۔ اس لیے آپ اپنی ذہانت سے فوراً بھانپ لیتی ہیں کہ آپ کے خاوند کی کیا ضرورت ہے۔ اس کے ہر مسئلے میں مفید مشورے دیتی ہیں۔ نتیجتاً وہ آپ کو اپنا تسلیم کرتا ہے اور آپ کی ہر ضرورت اپنے ہاتھوں سے پوری کرنے میں خوشی محسوس کرتا ہے۔

برج حمل برج سرطان کے ساتھ

حمل مرد اور سرطان عورت

سرطان بیوی آپ کو طرح طرح کی آزمائشوں میں ڈالے گی۔ بہ حیثیت حمل خاوند آپ کو احتیاط کرنا ہے حسِ مزاح سے محروم سرطان بیوی سے کوئی ایسا مذاق نہ کریں جو اسے ناگوار گزرے ورنہ آپ مشکل میں پڑ جائیں گے۔ آپ پیسہ لٹانے میں ماہر اور آپ کی زوجہ پیسہ بچانے میں مشاق ہیں۔ اس لیے ٹکراؤ سے بچنے کے لیے آپ پر احتیاط لازم ہے۔

حمل عورت سرطان مرد

سرطان مرد کو اپنے کنٹرول میں کر لینا حمل عورت کا کمال فن ثابت ہوگا۔ سرطان مرد نہایت کفایت شعار ہوتا ہے اس کے ساتھ ساتھ وہ آپ کی شاہ خرچیوں پر بھی نظر رکھے ہوئے ہے۔ حمل بیوی کی نت نئی چیزوں کی تلاش کی تسکین سب سے بہتر سرطان مرد کر سکتا ہے۔ اس لیے آپ کو ہمیشہ اسی سے رجوع رکھنا چاہیے۔

برج حمل برج اسد کے ساتھ

حمل مرد اسد عورت

آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو شوخ و چنچل بیوی ملی لیکن اس کے ساتھ رہنے کے لیے آپ کو اپنے حاسدانہ جذبات کو کنٹرول کرنا ہے کیونکہ اس کا لاجواب حسن و جمال دوسروں کے سامنے آپ کو پریشان کر سکتا ہے۔ بذات خود اس معاملے میں آپ کی شریک حیات مضبوط اعصاب کی مالک ثابت ہوگی۔ آپ کے تحفے اسے آپ کی محبت کا یقین دلاتے ہیں اس طرح وہ آپ کی ہو کر رہتی ہے۔ اس کی آپ کے ساتھ موجودگی باعث فخر و کامیابی ہے۔

حمل عورت اسد مرد

آپ کا اسد خاوند قابل بھروسہ آدمی ہے اور آپ کا بہترین سہارا بھی۔ وہ ہر لمحہ آپ کی مدد کو تیار رہتا ہے اور آپ کی ضرورت کو محسوس کرتا ہے۔ اس لیے آپ کو بھی چاہیے کہ وقت سے پہلے ہی اپنے آپ کو اسد خاوند کی مدد کے لیے تیار رکھیں۔ اسد مرد کو سربراہی کا شوق تو ہوتا ہے لیکن آپ کی محبتوں کے صلے میں وہ کبھی آپ پر بے جا حکم نہیں چلائیں گے۔

برج حمل برج سنبلہ کے ساتھ

حمل مرد سنبلہ عورت

سنبلہ بہت رکھ رکھاؤ والی خواتین ہوتی ہیں اور ایسے ہی لوگوں کو پسند کرتی ہیں۔ سنبلہ خاتون کے ساتھ چند دن گزار کر آپ اسے نہیں جان سکتے۔ وہ ہمیشہ تسلی یقین اور طویل انتظار کے بعد اپنے خول سے باہر نکلتی ہے۔ سنبلہ بیوی کی ناراضگی سے بچنے کے لیے اس پر تنقید نہ کریں۔ وہ آپ کی وفاؤں پر آپ کے نام کی مالا گلے میں ڈال لے گی۔ لیکن آپ کے ساتھ کسی دوسری عورت کا وجود اس کے لیے موت ہے۔

حمل عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد بہت دھیمے مزاج کے ہوتے ہیں۔ آپ اپنی فہم وفراست اور لائحہ عمل سے اس کے ساتھ اچھی زندگی گزار سکتی ہیں۔ مثلاً گھر صاف اور پُر آرائش رکھیں۔ کچن کے برتنوں پر ستارے چمک رہے ہوں۔ کیونکہ یہ سب سنبلہ مرد کی کمزوریاں ہیں۔ اپنی کمزوریوں کی تسکین کے صلے میں وہ آپ کو مایوس نہیں کرے گا۔

برج حمل برج میزان کے ساتھ

حمل مرد میزان عورت

آپ کی میزان بیوی آپ کے لیے باعث صد افتخار رہے۔ اس کی پُر کشش شخصیت اور ٹھوس دلائل ہمیشہ آپ کو اس کا قائل اور ضرورت مند رکھیں گے۔ آپ کے فیصلے اسے کوئی تکلیف نہیں پہنچاتے کیونکہ میزان کو آپ کی خوشی عزیز ہے اگر آپ اس سے کچھ چاہتے ہیں تو اس کا بھرپور خیال رکھیں تب وہ آپ کی سانس تک کی حفاظت کرنے والی شریک حیات ثابت ہوگی۔

حمل عورت اور میزان مرد

میزان مرد بحیثیت شریک حیات محبت کے معاملے میں مشکوک رہے گا۔ میزان مرد آپ کی ذہانت اور بہترین اخلاق کا جہاں معترف ہوتا ہے وہاں غلطی ہو جانے پر آپ کو چاہیے کہ بحث وتمحیص سے پرہیز کریں کیونکہ میزان خاوند بحث کو ناپسند اور خاموشی اختیار کرنا پسند کرتا ہے۔ یہی بہتر زندگی کی چابی ہے۔ اگر آپ چاہیں تو یہ چابی اپنے ہاتھ میں بھی رکھ سکتی ہیں۔

برج حمل برج عقرب کے ساتھ

حمل مرد اور عقرب عورت

عقرب بیوی غصے اور نرمی دونوں میں شدت پر ہوتی ہے۔ اس لیے حمل مرد کو اس کے غصے کا مقابلہ نہیں کرنا چاہیے۔ مخالفت کی صورت میں وہ بدلہ لیے بغیر نہیں رہتی آپ دونوں کی متضاد طبیعتیں جھگڑوں کا باعث بنتی ہیں لیکن عقرب شریک زندگی دوسروں پر یہ کبھی ظاہر نہیں ہونے دیتی ہے۔ حمل مرد کے لیے عقرب بیوی کے ہاں میں ہاں ملانا ہی بہتر ہے۔

حمل عورت عقرب مرد

عقرب مرد عقرب خاتون کی طرح ہر حالت میں عروج پر ہوتا ہے۔ حمل عورت کا کوئی کام اسے مرعوب نہیں کرتا اُلٹا ذراسی کوتاہی پر آپ کے لیے وبال جان بن سکتا ہے۔ آپ کی لاکھ کوششوں کے باوجود اگر وہ محبت کا اظہار کریں تو بھی وہ سطحی ہی ہوگا۔

برج حمل برج قوس کے ساتھ

حمل مرد قوس عورت

قوس عورت کا بہترین باطن اور صاف گوئی حمل مرد کو اس کے بہت سے دوستوں سے محروم کر دیتی ہے۔ حقیقتاً وہ انتہائی قابل اعتماد اور ایمان دار ہے۔ اس لیے آپ حمل خاوند ہونے کی بناء پر اس کی اس عادت پر کچھ محنت سے قابو پاسکتے ہیں۔ آپ کی طرح وہ بھی مصروف رہنا پسند کرتی ہے۔ اچھی بیوی اور بہترین خاتون خانہ ثابت ہوتی ہے۔

حمل عورت قوس مرد

قوس مرد سمارٹ، خوش اخلاق اور کسی حد تک شرمیلے ہوتے ہیں۔ حمل بیوی کو اپنی بات منوانے کے لیے بہترین حکمت عملی تیار کرنی چاہیے۔ قوس خاوند آپ کی شخصی آزادی کا قائل ہے اس لیے وہ آپ پر کوئی پابندی لاگو نہیں کرے گا۔ معاشرے میں آپ کی پرکشش شخصیت کو اپنے ساتھ فخریہ محسوس کرے گا۔ لیکن گھر سارا آپ کو خود سنبھالنا پڑے گا۔

برج حمل برج جدی کے ساتھ

حمل مرد جدی عورت

جدی بیوی کی نظر میں رہنے کے لیے آپ کو اپنی ذات کو تعمیری کاموں میں مصروفیت رکھنا ہے۔ ایسی صورت میں جدی رفیق سفر آپ کی مدد کرے گی ورنہ نظر انداز کر دے گی۔ آپ کے مخالفین سے ڈٹ کر مقابلہ کرے گی۔ آپ کی جانب سے حوصلہ افزائی پر وہ خوش رہتی ہے اور اگر آپ سسرال والوں کے بارے میں وقتاً فوقتاً ذکر کرتے رہیں تو یہ امر بھی اس کے لیے باعث افتخار ہوتا ہے۔

حمل عورت جدی مرد

آپ کے نت نئے منصوبے، رجعت پسند جدی خاوند کے ساتھ رہتے ہوئے مسائل پیدا کر سکتے ہیں۔ وہ

مقابلے کی نگاہ رکھتا ہے لہذا آپ کو ہر معاملے میں احتیاط برتنی ہے۔ اگر آپ گھریلو ماحول پُرسکون رکھیں تو وہ گھر میں رہنا پسند کرتا ہے۔

برج حمل برج دلو کے ساتھ

حمل مرد دلو عورت

حمل مرد کی دلو بیوی اس کی طرح روشن خیال کی مالک ہوتی ہے حقیقت پسند اور آزاد خیال ہوتی ہے۔ اور آپ کی طرف سے بھی اسی بات کی توقع کرتی ہے۔ آزادی پر قطعی سمجھوتہ نہیں کرتی۔ آپ کے لیے اپنی دلو شریک حیات کو سمجھنا انتہائی مشکل ہے۔ وہ اپنا ظاہر و باطن کبھی آپ پر عیاں نہیں کرتی۔ لیکن اکثر آپ کی ناقابل برداشت باتوں کو نظر انداز کر کے خوش و خرم ماحول قائم کرنے کی کوشش کرتی ہے۔

حمل عورت دلو مرد

آپ کی طرح آپ کا دلو خاوند منصوبہ بندی کا قائل اور مقابلے کا شائق ہے آپ کے سیکھنے کے لیے اس میں بہت کچھ ہے۔ آپ کا دلو مرد اپنی مصروفیات میں آپ کو اپنے ساتھ رکھنا پسند کرتا ہے۔ آپ کی محبت کا جواب محبت سے دیتا ہے لیکن کبھی بھی دباؤ کی صورت میں بگڑ سکتا ہے۔ پھر بھی وہ آپ کے لیے ہمیشہ باعتماد رہے گا۔

برج حمل برج حوت کے ساتھ

حمل مرد حوت عورت

حوت بیوی کی یہ خواہش رہے گی کہ وہ گھر پر حکمرانی کرے آپ اس کے ذہن سے بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں وہ مخالفین میں آپ کا دفاع کرتی ہے اور ناراضگی کی صورت میں پس پردہ رہ کر غصہ نکالتی ہے۔ حمل مرد کو حوت کی اداکارانہ طبیعت کو سمجھنا مشکل ہے۔ لیکن آپ کی تھوڑی سی محبت اسے بہت خوش کر دیتی ہے۔

حمل عورت حوت مرد

حمل بیوی کے لیے حوت مرد کا خوابوں کی دنیا میں رہنا جھنجلاہٹ کا باعث بنتا ہے۔ وہ عمل سے زیادہ سوچتا ہے۔ وہ آپ کی پریشانی میں آپ کا ساتھ تو دیتا ہے لیکن حل تلاش کرنا آپ کی ذمہ داری ہے۔ اگر آپ کاروبار وغیرہ میں حوت مرد کی مدد اور مناسب راہنمائی کا بیڑہ اٹھائیں تو وہ خوشی محسوس کرے گا اور کامیابی

اس کے قدم چومے گی۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

برج ثور



عرصہ	21 اپریل تا 21 مئی
حروف	ب، و
حاکم کوکب	زہرہ
عنصر	خاکی
ماہیت	ثابت
حصہ جسم	گردن
موافق نگینہ	زمرد، لاجورد
موافق دن	جمعہ
موافق نمبر	6
موافق رنگ	زرد، نارنجی، ہلکا نیلا
موافق پھول	یاسمین
موافق شریک کار	عقرب
موافق افراد	حوت، سرطان
ناموافق افراد	اسد، دلو
بائیو کیمک نمک	نیٹرم سلف

ظاہری شخصیت :

ثور کی ظاہری شخصیت سمجھنا کچھ مشکل نہیں۔ علامتی نشان دیکھیے "بیل" جس کی جسامت اور اس جسامت کا استعمال انسان سے ڈھکا چھپا نہیں ہے۔ ثور کا جسم پھیلا ہوا' توند نکلی ہوئی ہوتی ہے اس کے ساتھ ساتھ پرسکون عزم و حوصلہ سے معمور آنکھیں پروقار چال' موٹی گردن اور کشادہ سینے کے مالک ہوتے ہیں۔ ان کا جسم متناسب ہوتا ہے اور کسی حد تک پرکشش بھی ہوتے ہیں۔ گردن جھکا کر چلتے ہیں۔ ان کی زندگی ہوتی تو پرعزم ہے لیکن اولین مقصد حیات مسلسل خوراک کی فراہمی ہوتا ہے۔ ہر خوبصورت چیز کو پسند کرتے ہیں۔ خود بھی خوبصورت رہنا اور لگنا پسند کرتے ہیں۔ بعض ثور افراد بیل کی طرح اپنے ماحول میں رہنا اور خاموشی سے زندگی گزارنے کو پسند کرتے ہیں۔ منزل پر پہنچنے کی بھرپور کوشش کرتے ہیں۔ انھیں ان کی راہ سے کوئی کتنا ہی چاہے نہیں ہٹا سکتا۔ ثور افراد اپنے دل کی ہر بات دوسروں پر عیاں کرنا ضروری سمجھتے ہیں کیونکہ وہ زندگی کی آسائشوں کی طرف مائل رہتے ہیں اور اس طرح وہ ایک موقع حاصل کرتے ہیں کہ اپنی خواہشات کی تسکین کے لئے۔ وجدان کی صلاحیت کے مالک ثور افراد کے اندر محبت اور ہمدردی کا جذبہ بے حد ہوتا ہے۔ ثور خواتین پرکشش اور زیادہ عرصے تک حسین اور جوان نظر آنا پسند کرتی ہیں۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

ثور افراد کا زندگی کے متعلق نقطہ نظر کچھ اس طرح کا ہوتا ہے کہ وہ پیٹ نکالے بازو پھیلائے ٹانگیں پسارے ٹی وی کے آگے بیٹھ جائیں اور ان کے آگے کھانے کی چیزوں کا پہاڑ کھڑا ہو جسے وہ کھاتے جائیں۔ اس بات کا ہرگز یہ مطلب نہیں کہ وہ ہمیشہ اسی طرح رہتے ہیں بلکہ یہ عادت ان کی پسندیدہ ہوتی ہے۔ اس کے برعکس ثور محنتی بھی ہوتے ہیں۔ کام میں ہاتھ ڈالنے سے پہلے اچھی طرح پلان کرتے ہیں اور پھر اسے پایہ تکمیل تک پہنچا کر دم لیتے ہیں۔ بیچ راستے میں اگر کوئی ثور کے لیے رکاوٹ بن کر کھڑا ہو جائے تو وہ اس محرک کو نیست و نابود کر دیں گے۔ اپنے پسندیدہ افراد کا بہت خیال رکھتے ہیں۔ مستقل مزاجی کے قائل ہوتے ہیں۔

مالی استحکام ان کی زندگی کا خاص مشن ہوتا ہے۔ ان کی شخصیت میں کسی حد تک سرد مہری بھی نظر آتی ہے جس کے تحت ہاتھ سے کام کرنے کی بجائے بیٹھ کر ہدایات دینا پسند کرتے ہیں۔ کسی حد تک مادیت پرستی کا شکار ہوتے ہیں۔ ذاتی کاروبار کی صورت میں کارکنوں سے مہارت سے کام لیتے ہیں اور تمام اختیارات اپنے ہی ہاتھ میں رکھنا پسند کرتے ہیں۔ محنت کرنے والوں کی قدر کرتے ہیں لیکن کسی بھی کارکن یا روزمرہ زندگی کے ساتھی سے سرزد ایک غلطی اس کے پورے ماضی پر پانی پھیر دیتی ہے۔ اس لیے ثور کی نظروں میں سمانے کے لیے روزانہ نیا ریکارڈ بنانا پڑتا ہے۔ کیونکہ ان کے خیال میں انسان کو روزانہ اچھی اور بہتر کارکردگی کا مظاہرہ کرنا چاہیے۔

ثور افراد ہوتے تو پرعزم ہیں لیکن فیصلہ یا ارادہ کرنے میں بہت وقت لیتے ہیں۔ پچھتاتے کبھی نہیں کہ اوہ' وقت ہاتھ سے نکل گیا۔ جب فیصلہ کر لیتے ہیں تو عظیم سے عظیم قربت بھی انہیں متزلزل نہیں کر پاتی۔ ان کی زندگی کے چند مشن ہوتے ہیں جنہیں وہ مکمل کرنے کی ازحد کوشش کرتے ہیں۔ سوچتے بھی ہیں لیکن عمل سے کم۔ وقت اور حالات کے مطابق اپنے آپ کو یا اپنے طریقہ کار کو تبدیل کرتے رہتے ہیں۔ بامقصد زندگی گزارنے کے قائل ہونے پر وہ ایسے لوگوں کو دوست بنانا پسند کرتے ہیں جو بذات خود باعمل ہوں کیونکہ وہ فضول قسم کی دوستی سے اپنا وقت ضائع نہیں کرنا چاہتے۔

آرام دہ زندگی کے خواہشمند

ثور مرد ایک عالیشان' ویران بنگلے یا ایک مکان کے بجائے ایسے گھر کو ترجیح دیتا ہے جس میں سب پیار و محبت سے رہنے والے لوگ ہوں۔ ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک ہوں۔ ثور مرد کو غصہ نہیں آتا۔ اس وقت تک کہ جب تک وہ اسے کنٹرول کر سکیں۔ لیکن پھر وہ ایک آتش فشاں کی طرح پھٹتا ہے جس کا سارا لاوا باہر آنے تک پہاڑ پر سکون نہیں ہوتا۔

روزمرہ زندگی میں ثور اپنی دنیا میں مگن دوسروں کے معاملات سے لاتعلق ہوتے ہیں اور دوسروں سے بھی اس بات کے خواہش مند ہوتے ہیں کہ وہ ان کے معاملات میں دخل نہ دیں۔

جمالیاتی ذوق

ثور افراد کو موسیقی و مصوری سے بہت دلچسپی ہوتی ہے۔ کوئی بھی خوبصورت "لے" انہیں مسرور و پُر کیف کر دیتی ہے۔ وہ اپنے اردگرد پھیلے قدرت کے حسین نظاروں سے لطف اندوز ہوئے بنا نہیں رہتے۔

فکر انگیز پہلو

ثور افراد کو اس لحاظ سے اپنے خیالات کو بدلنا ہوگا کہ ہر خوبصورت شے ان کی ہے۔ ہر چیز کو اپنے لئے مخصوص نہ کریں۔ کیونکہ کسی بھی چیز پر جتنا آپ کا حق ہے اتنا ہی آپ کے ارد گرد رہنے والوں کا بھی ہے۔ جب آپ کسی بات پر اڑ جائیں تو لچک کا سوال ہی پیدا نہیں ہونے دیتے۔ ایسا مت کریں۔ کیونکہ ناراض بھینسا جب اپنی ضد اور لالچ میں سامنے والے سے خواہ مخواہ ٹکرا جاتا ہے تو کچھ نہ کچھ نقصان تو اس کا بھی ہوتا ہی ہے۔ اپنی تنگ نظری اور حسد پر قابو پائیں۔ ظاہری حسن پر فوراً مرمٹنا آپ کی کمزوری ہے اپنے آپ کو کنٹرول کریں اور محض صورت کی بجائے انسانیت کی تلاش کریں۔ مادیت پرستی میں آپ اتنا دور نہ نکل جائیں کہ واپسی کا راستہ ہی نہ ملے۔ اول تو آپ سکون سے رہنا چاہتے ہیں اور اگر کچھ کرنے کی ٹھان لیں تو چاہے وہ اچھا ہو یا برا کر کے چھوڑتے ہیں۔ یہ رویہ حوصلہ افزا نہیں ہے۔ اپنی غذا اور صحت کا خاص طور پر بہت خیال رکھیں۔ زیادہ اور بے تکا کھانا تکلیف پہنچا سکتا ہے۔ اپنی شخصیت کو ضائع کرنے کی بجائے سنواریئے کیونکہ اس طرح آپ پرکشش نظر آئیں گے۔ باذوق نظر آیئے۔ ملنساری اور خوش مزاجی کو اپنا شعار بنایئے۔

ثور خواتین

ثور خاتون ہمیشہ زندگی کو حسین سے حسین تر بنانے میں مصروف رہتی ہے۔ روز روز اپنی عادات کو بدلتی نہیں بلکہ مستقل مزاج رہتی ہے۔ کفایت شعار، سلیقہ مند اور عمدہ کک ہوتی ہے۔ نہایت جذباتی ہوتی ہے۔ تجربے سے سیکھتی ہے۔ اپنے آپ کو احساس کمتری میں مبتلا رکھنے کی بجائے اپنی توانائی کا خود اعتمادی سے بہتر استعمال کرتی ہے۔ موسیقی سے دلچسپی رکھتی ہے۔ گھر میں ہر وقت ہلکا ہلکا میوزک پسند کرتی ہے۔ ہر چیز کو اس کے خواص کے ساتھ بہت اچھی طرح جان لیتی ہے۔ لیکن یہ کبھی نہیں بتاتی کہ اس نے یہ سب کیسے اور کس سے معلوم کیا۔ جن سے محبت کرتی ہے ان پر جان نچھاور کرتی ہے۔ شوہر کی محبت کے معاملے میں بہت حاسد ہوتی ہے کیونکہ وہ اس پر کسی اور عورت کا سایہ نہیں دیکھنا چاہتی ہے اور بذات خود اپنے اندر پائی جانے والی اخلاقی کمزوریوں پر کنٹرول اشد ضروری ہے۔ خوش گو ہوتی ہیں۔ کسی کام کو ادھورا نہیں چھوڑنا چاہتی اور مالی استحکام کے لئے کوشاں رہتی ہے۔ اپنے احساسات و خیالات دوسروں پر ظاہر نہیں ہونے دیتی۔ ایک اچھی بیوی اور محبت کرنے والی ماں ہوتی ہے۔

ثور مرد

دولت کے پجاری ثور مرد کی منصوبہ بندی بڑی زبردست ہوتی ہے۔ اس لیے وہ مستقبل میں خسارے سے بچ جاتا ہے۔ شخصی آزادی سلب ہونا اس کے لیے اذیت ہے۔ تنقید پسند نہیں کرتا خاص طور پر اس وقت بہت غصہ آتا ہے جب بھی محفل میں بیوی اسے کوٹ صحیح کرنے یا بال درست کرنے کا کہے تاہم اگر بیوی ایسی نہ ہو تو اس سے بے لوث محبت کرتا ہے۔ صاف ستھرا گھر پرسکون ماحول چمکتے قرینے سے رکھے برتن ثور مرد کی کمزوری ہیں۔ یہ کچن میں کام کرنا بھی پسند کرتے ہیں۔ گھر میں خوبصورتی کے لئے عمدہ اور دلکش ڈیکوریشن پیس لاتے رہتے ہیں۔ پیسے کے پجاری ہونے کے باعث حد درجہ سستی مگر عمدہ چیز خریدتے ہیں۔ اگر ثور مرد کا خیال نہ رکھا جائے تو وہ ناراض ہو جاتا ہے۔ ایسے میں اس کے کردار پر رائی برابر تنقید اسے آگ بگولہ کر دیتی ہے اور وہ اپنی سستی کا طعنہ بھی برداشت نہیں کر پاتے۔ تحفے لینے سے بہت خوش ہوتے ہیں خوبصورت موسیقی پسند کرتے ہیں اور انہیں گنگنانا بھی اچھا لگتا ہے۔ مہمان نواز ہوتے ہیں۔ مسائل سے گھبرانے کی بجائے مردانہ وار مقابلہ کر کے منزل مقصود کو پانے کی کوشش کرتے ہیں۔ ان کی رہائش چاہے کیسی ہی ہو ان کے دل میں ہمیشہ ذاتی مکان کا خیال ضرور رہتا ہے۔ جدت پسند اور رومان مزاج آدمی ہوتے ہیں۔ ہر قدم پھونک پھونک کر اٹھاتے ہیں۔ بعض اوقات چھوٹی چھوٹی سی بات انہیں ناراض کر دیتی ہے اور وہ سانڈ کی طرح بلا دیکھے بھالے حملہ آور ہو جاتے ہیں۔ صابر اور آزاد منش بھی ہوتے ہیں۔ مثالی شوہر اور بہترین والد ثابت ہوتے ہیں۔

ثور بچے

ثور کے تحت آنے والا بچہ ابتدائی عمر سے ہی آپ کو ضدی اور ہٹ دھرم معلوم ہوگا۔ لیکن اس کی ان عادتوں کو سلب کرنے کی بجائے تعمیری کاموں کی طرح لائیں اس طرح بڑا ہونے پر وہ مستقل مزاجی اور پختہ ارادے کی بدولت کامیابی کی راہوں پر گامزن رہے گا۔ اس کی روح کو مت کچلیں ورنہ وہ آپ سے متنفر ہو جائے گا اور کھنچا کھنچا رہے گا۔ تعلیم میں دلچسپی لیتا ہے اور اعلیٰ پوزیشن حاصل کر کے حوصلہ پاتا ہے۔ براہ راست تنقید کی بجائے اگر والدین اور اساتذہ متبادل راستہ اختیار کریں تو بہتر ہے۔ کھانے پینے کی احتیاط بھی ضروری ہے۔ بھاری بھر کم جسم کے مالک ثور بچے کو ایسی کھیلوں میں مصروف رکھیں جن سے اس کی ذہنی اور جسمانی ورزش بھی ہو۔ شکل و صورت سے خوبصورت نظر آتا ہے۔ طاقتور و توانا ہوتا ہے۔ مناسب راہنمائی زندگی میں اسے کامیاب کر سکتی ہے۔

برج ثور کے تعلقات دوسرے بروج کے ساتھ

برج ثور برج حمل کے ساتھ :

ثور مرد حمل عورت :

بہ حیثیت ثور مرد آپ کی سوچ سمجھ کر قدم اٹھانے اور سست روی کی عادت اور حمل عورت کی تیز رفتار اور حاکمانہ ذہنیت کے باعث آپ دونوں میں تضاد پیدا ہوتا ہے۔ یعنی کچھوا اور خرگوش اب تو یہ تضاد سمجھنا بہت آسان ہے۔ آپ کی کوئی بھی پابندی اسے بغاوت پر مجبور کر دے گی اور منزل کی تلاش میں وہ اتنی دور نکل جائے گی جہاں آپ کا نام و نشان نہ ہوگا۔

ثور عورت حمل مرد

ثور عورت اور حمل مرد کی شادی عجلت پسندی اور متحمل مزاجی کی گانٹھ ہے۔ طویل عرصہ رفاقت کے لئے آپ دونوں کو صبر و تحمل سے کام لینا ہے۔ بات بے بات آپ کو حمل مرد کی طرف سے سست الوجودی کا طعنہ ملے گا۔ اگر آپ اس کے ساتھ رہنا چاہتی ہیں تو اسے خاموشی سے برداشت کریں اور اپنی کفایت شعاری پر شوہر کی شاہ خرچی کو نظر انداز کرتی رہا کریں۔

برج ثور برج ثور کے ساتھ

ثور مرد ثور عورت

اگر آپ نے کسی ثور عورت کو پسند کر لیا ہے تو پھر ضروری نہیں کہ مزاج کی یکسانیت خوشگوار نتائج مرتب کرے۔ سب کچھ الٹ بھی سکتا ہے۔ اس لیے پھونک پھونک کر قدم رکھیں۔ گھر سنوارنے میں آپ دونوں کی دلچسپی عروج پر ہے۔ اس لیے کم از کم ایک نقطہ پر متفق ہیں۔

ثور عورت ثور مرد

بہ حیثیت ثور عورت آپ کو دیکھنا ہے کہ اگر آپ کا اور ثور شریک سفر کا مطمع نظر ایک ہی ہے تو بہتر۔ ورنہ مذاکرات سے بات بنانے کی کوشش کریں۔ کیونکہ دونوں کی فطرت پرسکون ہے۔ اگر آپ خوش و پُرسکون زندگی کی طرف پہلا قدم بڑھائیں گی تو ثور مرد آپ کے ساتھ ساتھ ہی آئے گا۔

برج ثور برج جوزا کے ساتھ

ثور مرد جوزا عورت

بہ حیثیت ثور خاوند جوزا شریک حیات کے بارے میں اس پر اکتفا کریں جتنا وہ آپ کو بتائے۔ زیادہ جاننے کی کوشش نہ کریں۔ ورنہ وہ آپ کو سبق سکھا دے گی۔ اس کے بدلتے موڈ کو بدلتے موسم سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ آپ کی محبت اس کے دل میں بھی آپ کے لئے محبت کی جوت جگاتی ہے۔

ثور عورت جوزا مرد

جوزا مردوں کے پیروں میں چکر ہوتا ہے۔ ٹک کر کام کر ہی نہیں سکتے۔ ایسے میں آپ کی اولین ذمہ داری یہ ہے کہ انہیں سمجھاتے وقت طنز و طعنہ کی بجائے دانش مندی سے قدم اٹھائیں۔ ورنہ الٹا وہ آپ کو ہی سست الوجود اور مورد الزام ٹھہرائے گا۔

برج ثور برج سرطان کے ساتھ

ثور مرد سرطان عورت

سرطان عورت ہمیشہ سائے اور تحفظ کی تلاش میں رہتی ہے۔ ایسے میں آپ کی وجاہت، ہمدردی اور نیک دلی اسے ہر لمحہ پرسکون رکھتی ہے۔ اگر آپ ایسا کرنے میں کامیاب ہو جائیں اور زندگی کے آنے والے نشیب و فراز میں اس کے لئے ڈھال ہونے کا یقین دلا دیں تو آپ کی سرطان شریک زندگی ساری زندگی آپ کی پوجا کرے گی۔

ثور عورت سرطان مرد

بہ حیثیت ثور بیوی آپ آئیڈیل خاوند کی خصوصیات بدرجہ اتم سرطان مرد میں پائیں گی۔ وہ کاروباری لحاظ سے بھی بہت کامیاب اور آپ کے تعاون کا طلب گار رہتا ہے۔ آپ اپنے ہر معاملے میں اسے شریک کر سکتی ہیں۔ اسے گھر سے بھی دلچسپی ہوتی ہے اس لیے اپنی فنکارانہ صلاحیتوں کو گھر کی خوبصورتی میں بروئے کار

لاکر آپ آپس کی محبت بڑھا سکتی ہیں۔

برج ثور برج اسد کے ساتھ

ثور مرد اسد عورت

آپ دونوں کی اکٹھی زندگی گزارنے کی تصویر کچھ الجھی الجھی نظر آتی ہے۔ آپ اسد بیوی کو کتنا ہی سمجھیں وہ آپ کو اپنے اشاروں پر نچائے گی۔ لیکن اسے قابو میں کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ اسے تحائف سے نوازتے رہیں۔ کاروباری معاہدے کے وقت اسد بیوی کو ساتھ رکھنا ہی آپ کی کامیابی کا ضامن ثابت ہوگا۔

ثور عورت اسد مرد

ویسے تو اسد مرد ایک کھلی کتاب اور گرویدہ حسن ہے لیکن ثور بیوی کے ہاتھوں کا کھلونا۔ اس لیے کھلونے کو ٹوٹنے نہ دیں۔ شریک حیات آپ سے بہتری کی توقع رکھتا ہے۔ خود بھی آپ کے لئے سب کچھ کرنے کو تیار رہتا ہے۔ لیکن جواب میں سرد مہری اس کے مزاج کو بگاڑ دیتی ہے۔ اس لیے احتیاط کریں اور خاص طور پر اسے اپنے رعب میں لانے کی کوشش نہ کریں۔

برج ثور برج سنبلہ کے ساتھ

ثور مرد سنبلہ عورت

سنبلہ عورت دوسری عورتوں کی طرح ہر مرد سے فوراً فری ہو جاتی ہے۔ بلکہ آپ سے یہ توقع کرتی ہے کہ آپ کوئی غیر سنجیدہ اور بچگانہ حرکت نہ کریں۔ آپ کی جانب سے دی جانے والی محبت اور دیانت داری سنبلہ عورت کو صرف اور صرف آپ کا کر دے گی۔ کیونکہ اول تو وہ محبت نہیں کرتی اور جب کرتی ہے تو پھر اس پر قائم رہتی ہے۔

ثور عورت سنبلہ مرد

متحمل مزاج اور پرسکون سنبلہ مرد آپ کے حسن کی بجائے ذہانت اور عملی میدان میں کارکردگی سے متاثر ہوتا ہے۔ گھریلو سگھڑپن آپ کی کامیابی کا زینہ ہے۔ خوبصورت گھر سنبلہ خاوند کی خواہش ہوتی ہے۔ اسے اپنی وفاداری اور محبت کا یقین دلاتی رہا کریں۔

برج ثور برج میزان کے ساتھ

ثور مرد میزان عورت

میزان عورت لمحہ بہ لمحہ اپنا ذہن بدلتی ہے۔ کبھی تو میٹھے رس سے بھرا پھول اور کبھی زہر کی پٹاری۔ اختلاف رائے تو معمولی بات ہے۔ آپ سٹ پٹا بھی سکتے ہیں۔ آپ کی طرح پھولوں اور خوبصورت چیزوں سے آپ کی شریک حیات کو بھی دلچسپی ہے۔ اگر اسے یہ یقین ہو جائے کہ اب اسے آپ کے ساتھ ہی رہنا ہے تو پھر وہ وفا کی دیوی بن جاتی ہے۔

ثور عورت میزان مرد

ثور بیوی ہوتے ہوئے آپ خاوند کے لئے میزان کا انتخاب کریں گی۔ میزان مرد حقیقت پسندی سے دور رہ کر آپ کی عملی زندگی میں آپ کا ساتھ نہیں دیتا۔ لیکن آپ کے حسین ذوق کی تعریف ضرور کرتا ہے۔ آپ اسے حقیقت پسند بنا سکتی ہیں۔ وہ دولت کمانے کی بجائے لٹانے میں زیادہ دلچسپی لیتا ہے۔ اس لیے معاشی امور اپنے ہاتھ میں رکھیں تو بہتر ہے۔

برج ثور برج عقرب کے ساتھ

ثور مرد عقرب عورت

جناب آپ کی عقرب خاتون تو پل میں تولہ اور پل میں ماشہ ہیں۔ مناسب حکمت عملی سے آپ اس پر قابو پا سکتے ہیں۔ راستہ کاٹنے کی صورت میں وہ میدان جنگ گرم کر دے گی۔ لیکن آواز گھر سے باہر کسی کے کانوں میں نہ پڑنے دے گی اور ہمیشہ خوشحالی کا تاثر دے گی۔

ثور عورت عقرب مرد

عقرب خاوند کو سمجھنا نہایت مشکل ہے۔ کیونکہ اس کا غصہ نہایت شدید ہوتا ہے اور ایسی حالت میں بچھو بن جاتا ہے اس لیے اپنی جان کی امان راہ سے ہٹ جانے میں ہی پایئے۔ گھر کے ساتھ ان امور پر بھی توجہ دیں جو آپ کے خاوند کی نظر میں اہم ہیں۔ مثلاً کاروبار اور سیاست وغیرہ۔ عقرب مرد کے مطابق اپنے آپ کو ڈھال لینا ہی خوشگوار زندگی کی ضمانت ہے۔

برج ثور برج قوس کے ساتھ

ثور مرد قوس عورت

اچھی فطرت کی مالک قوس بیوی سے بے وفائی کی توقع نہ کریں۔ بلکہ اگر آپ اس پر تھوڑا بہت کنٹرول رکھنے کی کوشش کریں تو بہت ہے۔ گہری شخصیت کی مالک قوس بیوی آپ کو چند دوستوں سے محروم بھی کر سکتی ہے۔ لیکن اس کی نیک نیتی اور دیانتداری آپ کے لئے قابل فخر ہے۔ ثور خاوند ہوتے ہوئے پیسہ قوس بیوی کے ہاتھ میں دینے کی غلطی نہ کریں۔

ثور عورت قوس مرد

کھلنڈری طبیعت قوس کو ایک جگہ بیٹھنے نہیں دیتی۔ کسی غلطی یا ناکامی کی نشاندہی پر وہ آپ کو اپنی نصیحت محفوظ رکھنے کا مشورہ دے گا۔ اور اپنی فہم و فہراست پر انحصار کرے گا۔ آپ سے دیانتداری کی توقع کرے گا۔ ثور بیوی کی محبت اسے غصہ میں کی گئی غلطی کا ازالہ کرنے پر مجبور کر دیتی ہے۔

برج ثور برج جدی کے ساتھ

ثور مرد جدی عورت

آپ کی سوچ سمجھ کر قدم اٹھانے' مثبت نتائج کے لئے کام کرنے اور فضول کاموں میں وقت ضائع نہ کرنے کی عادتیں جدی عورت میں بھی پائی جاتیں ہیں۔ جو خوشگوار بات ہے۔ محبت پر یقین رکھتی ہے اور شفاف محبت کی قائل ہے۔ اخراجات کے بارے میں پریشان نہ ہوں۔ آپ کی بیوی بہت کفایت شعار ہے۔

ثور عورت جدی مرد

ثور عورت جدی مرد کو بہت جلد سمجھ جاتی ہے۔ آپ اپنی سمجھ بوجھ اور دھیمے پن سے خاموشی اور سکون کے خول میں چھپے جذبات کے طوفان سے جدی مرد کو آسانی سے باہر لا سکتی ہیں۔ سوچنے کی مشترکہ عادت آپس کی محبت بڑھاتی ہے۔ آپ اسے ہر کام کی باگ دوڑ تھما سکتی ہیں کیونکہ وہ جانتا ہے کہ خوشگوار ماحول کیسے استوار کرنا ہے۔

برج ثور برج دلو کے ساتھ

ثور مرد دلو عورت

دلو عورت ہمیشہ پچاس سال آگے کی سوچ رکھتی ہے۔ اس لئے آپ اس کے خیالات کو عجیب و غریب گردانتے ہیں۔ یقین کریں اس کی تجاویز پر عمل آپ کے حق میں ہے۔ آپ کی زوجہ آپ کے لئے کافی پیچیدہ

معمہ ہے۔ اس معمے کو محبت سے حل کرنے کی کوشش کریں۔ انشاء اللہ آپ فتح سے ہمکنار ہوں گے اور پھر وہ بھی صرف اور صرف آپ کی خوشی مدنظر رکھے گی۔

ثور عورت دلو مرد

بہت خوب آپ کا جیون ساتھی توفراخدل اور کشادہ ذہن کا حامل ہے۔ اسے خوابوں کی دنیا سے نکال کر حقیقت سے ہمکنار کرنے میں آپ اہم کردار ادا کرسکتی ہیں۔ بہ حیثیت ثور بیوی وہ آپ کی تجاویز پر تجربے کے طور پر خلوص دل سے عمل ضرور کرتا ہے۔ عمدہ شخصیت کا مالک دلو خاوند کبھی اپنے معیار سے نہیں گرتا۔ آپ کی کفایت شعاری سے متاثر ہوتا ہے۔ اور دونوں مل جل کر اچھی زندگی گزارنے کا سبب کرتے ہیں۔

برج ثور برج حوت کے ساتھ

ثور مرد حوت عورت

آپ کی حوت شریک حیات آئیڈیل بیوی ہے۔ گھر میں دلچسپی لیتی ہے۔ لیکن بالادستی کے خواب سے بالاتر۔ حتیٰ کہ آپ کی لاپرواہی اور غفلت سے ہونے والے نقصان پر بھی آپ کی حوصلہ افزائی کرتی اور نئے منصوبوں سے نوازتی ہے۔ آپ کی محبت اور نرم برتاؤ اسے جنت کی ہوا معلوم ہوتی ہے اور اپنے گھر کو بھی جنت کا ٹکڑا بنانے کی کوشش کرتی ہے۔

ثور عورت حوت مرد

آپ کا حوت شوہر آپ سے بےلوث محبت کرتا ہے۔ آپ کی بیماری اسے پریشان کردیتی ہے۔ ہر قسم کی سہولت آپ کے قدموں میں ڈال دینا چاہتا ہے۔ چھوٹی چھوٹی باتوں کی بجائے مستقبل میں کارآمد منصوبہ بندی کو ترجیح دیتا ہے۔ آپ کی طرف سے معمولی چیزوں کا تذکرہ اس کے دل میں آپ کی قدر کم کردیتا ہے۔ مجموعی طور پر آپ پیار محبت سے ایک خوبصورت زندگی گزارتے ہیں۔

برج جوزا



عرصہ	22 مئی تا 21 جون
حروف	ک، ق
حاکم کوکب	عطارد
عنصر	بادی
ماہیت	ذوجسدین
حصہ جسم	بازو، ہاتھ
موافق نگینہ	زبرجد، عقیق، زمرد
موافق دن	بدھ
موافق نمبر	5
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، سبز
موافق پھول	کنول، نرگس، زرد
موافق شریک کار	قوس
موافق افراد	حمل، اسد
ناموافق افراد	سنبلہ، حوت
بائیو کیمک نمک	کالی میور

ظاہری شخصیت

اس برج کے تحت آنے والے افراد پرکشش شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ دبلا پتلا جسم، چوڑے شانے، لمبے بازو، خوبصورت شکل اور چہرے سے ہی انتھک محنت کرنے والے نظر آتے ہیں۔ ان کی آنکھیں بہت پرکشش ہوتی ہیں۔ تندرست و توانا، خوبرو حسین اور جنس مخالف کے لئے کشش رکھتے ہیں۔

ان کی خوش گوئی انہیں محفلوں کی جان بنا دیتی ہے لوگوں میں آ کر ان کا چہرہ اور ذہن دوبالا ہو جاتے ہیں۔ لطف اندوز اور حس مزاح سے لبریز گفتگو سے دوسرے بہت متاثر ہوتے ہیں۔ ان کا علامتی نشان چونکہ جڑواں بچے ہیں۔ یعنی ایک ہی وقت میں دو پہلو اس لئے یہ لوگ بے شمار چہروں کے مالک ہوتے ہیں۔ اس لمحے نہایت خوش اور اگلے لمحے میں اس قدر مایوس و ناامید کہ اس سرعت انگیزی پر احباب جھنجلا کر رہ جائیں۔ انہیں سیماب صفت بھی کہا جا سکتا ہے۔ کشادہ ذہن و دل کے مالک جوزا افراد پرعزم، باعمل، حقیقت پسند اور منطقی سوچ کے مالک ہوتے ہیں۔ زمانہ طالب علمی میں اپنے ساتھیوں میں بے حد مقبول ہوتے ہیں۔ کیونکہ ان میں ہر تبدیلی کے ساتھ تبدیل ہوتے اور سیکھ لینے اور گھل مل جانے کی صلاحیتیں عروج پر ہوتی ہیں۔ مضبوط قد کاٹھ کے مالک یہ لوگ تھکن کا اظہار کیے بغیر کئی گھنٹے مسلسل کام کر سکتے ہیں۔ بشرطیکہ کام ان کی منشاء کے مطابق ہو۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

عطارد کے زیر اثر اگرچہ جوزا برج کے حامل افراد کی شخصیت بھی عطارد جیسی ہی ہوتی ہے۔ یعنی سورج کے گرد چکر لگاتے ہوئے یہ آدھا سایے اور آدھا روشنی میں ہوتا ہے۔ اور پیغام رسانی کا کام بھی کرتا ہے۔ جوزا افراد اگر اس کے سعد اثرات میں ہوں تو وہ عقلی امور میں عروج پر ہوتے ہیں اور نحس اثرات میں غمگین، فکر انگیز اور غلط فیصلے کرنے والے۔ جوزا افراد کی زندگی دوسروں کے لیے بہت پیچیدہ ہوتی ہے۔ کیونکہ ان کے ہاں موسم ہر دم بدلتا رہتا ہے۔ ان کی زندگی کا موٹو ہے ”تبدیلی زندگی کے لیے ضروری ہے“۔ ایک لمحے میں کئی کام

شروع کرتے ہیں اور بہتر انجام دیتے ہیں لیکن اگر راستے میں بددل ہو جائیں تو راستہ بدل لیتے ہیں۔ منطقی ذہن کے مالک ہوتے ہیں۔ ہر کام سوچ بچار کے بعد شروع کرتے ہیں۔ ان کا جسم اگر ایک جگہ ہے تو دماغ کہیں اور ہوگا۔ گویا ذہنی تخیلاتی سرگرمیاں ہر حالت میں جاری رہیں گی۔ دولت سے پیار کرتے ہیں اور حاصل بھی کرنا چاہتے ہیں۔ جذبات کی رو میں بہہ کر جھوٹ اور سچ کی تمیز کھو بیٹھتے ہیں۔ اپنے مفاد کے پیش نظر کچھ اور گوارا نہیں کرتے۔ خوب سے خوب تر کے متلاشی۔ دوسروں کے ساتھ مل کر کام کرنا پسند کرتے اور نئے منصوبوں سے بے انتہا ترقی پاتے ہیں۔ وہ ایک چیز پر اکتفا کر کے نہیں بیٹھ سکتے۔ مشہور لوگوں سے واقفیت رکھنا پسند کرتے ہیں۔ بوجہ امارت پسندی نہیں بلکہ جوزا ان کی شہرت کی خوبیاں جاننا چاہتے ہیں۔ پرجوش اور باعمل ہونے کی وجہ سے دوسروں کو تعلیم دینا پسند تو کرتے ہیں لیکن سست کارکنوں کو جلد چھٹی دے دیتے ہیں۔ جدت پسندی انہیں ہمیشہ کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔

فکر انگیز پہلو

ہر لحاظ سے دوہری شخصیت کے مالک شخص ہوتے ہیں۔ شہر میں ماڈرن آدمی ہے تو اپنے گاؤں جا کر بالکل دیہاتی نظر آئے گا۔ جوزا کی طبیعت کے یہ رنگ اس کو خود بھی مشکل میں گرفتار کر سکتے ہیں۔ ممکن ہے وہ خود بھول جائے کہ وہ کس جگہ کیا ہے۔ سیارہ عطارد اس دورنگی طبیعت کی نشاندہی اور انسان کو شعور و لاشعور میں فرق کے قابل بناتا ہے۔ بعض اوقات اپنے ہی اصولوں سے گھبرا کر ایک جاری کام چھوڑ کر دوسرا اختیار کرتے ہیں۔ تازہ بہ تازہ کی دوڑ میں وہ اتنا بوجھ اپنے اوپر ڈال لیتے ہیں کہ اعصابی مریض بن جاتے ہیں۔ اس لیے مستقل مزاجی پر کچھ غور کریں کیونکہ ان کا نقطہ نظر ہے کہ دوستیاں پالنے کی بجائے زندگی کے دوسرے مسائل کو اہمیت دو۔ اس لیے جلد غصے میں آنے اور تلخ و ترش بے دھڑک سب کچھ جو دل میں آئے کہہ دینے کا عمل ان کو لوگوں سے دور کر دیتا ہے۔ اپنی طنز گوئی اور بے رحمی پر کنٹرول کرنا چاہیے۔ کسی تنظیم کا رکن بن کر آزادی سلب کرنے کی بجائے لکھنے سے ان کی ذہنی صلاحیتیں استعمال ہوتی ہیں جو اچھی صحت کا باعث ہے۔ غیر متوقع مصائب، اعصابی تناؤ اور گھبراہٹ کا شکار ہو سکتے ہیں۔ ہر فن مولا ہونے کی صلاحیت ان کی دماغی سوچ کو بھی جاں بخشتی ہے اور مالی لحاظ سے بھی خوش آئند ثابت ہوتی ہے۔

دانش ور مسلسل ترقی کی متلاشی

برج جوزا کے زیر اثر افراد زندگی کی پیچیدگیوں کو بے حد پسند کرتے ہیں۔ ہر مسئلہ اور پروجیکٹ کے لیے

نت نئی تجاویز تلاش کرتے ہیں اور اپنی ذہنی صلاحیتوں کے استعمال سے واقف ہوتے ہوئے کامیابی سے صورتحال نبٹاتے ہیں۔

مہم جو، آزاد پرندہ

اس برج کے افراد کی ایک خاص بات ان کی مہم جو اور رنگی طبیعت ہے۔ کسی بھی لمبے زیر نگرانی کام نہیں کر سکتے۔ آزادی ان کے لیے بہت ضروری ہے۔ ورنہ یہ شدید جارحیت پسند ہو جاتے ہیں ایسے میں دنیا کا نقصان ہوتا ہے یا ان کا کچھ فکر نہیں کرتے۔ نہایت وفادار ہوتے ہیں۔

سماجی ضرورت

حسین انداز گفتگو، بذلہ سنجی ہر موضوع پر دلائل کی کثرت اور پھر متوجہ کن شخصیت، انہیں سماجی حلقوں میں بہت مقبول کر دیتی ہے۔ لوگ ان کے ساتھ باتیں کرنا اور کھانا کھانا بہت پسند کرتے ہیں۔

مالی بحران اور نیند

اچھی زندگی ہر انسان کا فطری خواب ہے۔ جوزا افراد کے پاس اتنا آتا نہیں جتنا یہ خرچ کرتے ہیں۔ ایک مقصد کی کئی اشیاء کی خریداری دور دراز کے سفر مالی مشکلات پیدا کرتے ہیں۔ جس سے صحت پر بھی برا اثر پڑتا ہے اور یہ لوگ جس پرسکون میٹھی اور پکی نیند کے لیے مشہور ہوتے ہیں اسے اپنے منتشر ذہن کے باعث کھو بیٹھتے ہیں۔ اس لیے ہر معاملے میں احتیاط ضروری ہے۔

جوزا خواتین

مذکورہ برج کے تحت آنے والی خواتین تنوع پسند، متلون مزاج اور پر کشش شخصیت کی حامل ہوتی ہیں۔ محبت کا جواب محبت سے دیتی ہے۔ مجلس اور ہنگامہ آرائی سے پر زندگی پسند کرتی ہیں۔ روایتی کاموں کی روٹین میں کامیاب نہیں رہتی۔ موسیقی سے دلچسپی رکھتی ہیں۔ سیکھنا اور سکھانا چاہے کسی شعبے میں ہو پسند کرتی ہیں۔ عموماً جوزا خواتین شادی بہت دیر سے کرتی ہیں۔ شوہر کو اپنے کردار سے یہ احساس دلاتی ہیں کہ وہ صرف گھر داری یا بچوں کی دیکھ بھال کرنے والی عورت ہیں۔ بعض حالات میں جوزا خواتین گھریلو زندگی کی خوشحالی کے لئے معاشرتی زندگی ترک کر دیتی ہیں۔ لیکن بعض جوزا خواتین کی ذہانت اور سگھڑپن گھر اور باہر دونوں میں انہیں کامیابی بخشتا ہے۔ وہ کبھی گھاٹے کا سودا نہیں کرنا چاہتی۔ لیکن ناکامی کی صورت میں وہ ذمہ دار بھی خود ہوتی ہے۔ کیونکہ کئی کاموں میں ہاتھ پھیلانے سے ہاتھ جکڑے بھی تو جا سکتے ہیں۔ اس برج کی مالک خواتین کا

شعور عموی اور حفاظتی وجدان بہت زبردست ہوتا ہے۔ کچھ حد تک فرسٹریشن کا شکار بھی ہوتی ہیں لیکن اپنے گھر اور شوہر پر کبھی آنچ نہیں آنے دیتی۔ بذات خود کم گھریلو لیکن خوبصورت ڈیکوریٹ گھر پسند کرتی ہیں۔ دوسرے کی خوشی کے لیے اپنے آپ کو بدل سکتی ہے۔ وفادار اور موڈی ہوتی ہے۔ زندگی اسے نہیں بلکہ وہ زندگی کو گزارتی ہے۔

جوزا مرد

جوزا مرد تنوع پسند اور جوشیلے ہوتے ہیں۔ ہر وہ کام جس میں جسمانی طاقت اور انتظامی قابلیتوں کو چیلنج کا سامنا کرنا پڑے، بہت شوق سے کرتے ہیں اور کامیاب بھی رہتے ہیں لیکن اگر اپنی ذہنی صلاحیتوں سے استفادہ حاصل کرنے کے مواقع نہ آئیں تو بے حد مبتلائے کشمکش اور غلط فیصلے کرنے والے ہوتے ہیں۔ روپے پیسے کے دلدادہ ہوتے ہیں۔ کامیابی کی صورت میں ستائش انہیں مغرور اور خودسر کر دیتی ہے۔ غصہ کی حالت میں سب کچھ صاف کہہ ڈالتے ہیں چاہے کسی کا دل ٹوٹے یا جذبات مسلے جائیں وہ اپنے موقف پر ڈٹے رہتے ہیں۔ سماجی حلقوں میں آمد و رفت پسند کرتے ہیں اور لوگ بھی ان کی موجودگی کو اچھا سمجھتے ہیں۔ گھریلو زندگی کی نسبت سوشل اور ذہنی تگ و دو کی زندگی کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ شادی سے پہلے عموماً بہت سی عورتوں کے ساتھ تعلقات رکھتے ہیں۔ اور منفرد انتخاب کو شریک سفر بناتے ہیں۔ ان کا موڈ دن اور رات کی مانند ہوتا ہے۔

جوزا بچہ

ان کا بچپن ایک ایڈونچر ہوتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ بہت حساس اور تنک کر ایک جگہ نہ بیٹھنے والے ہوتے ہیں۔ حقیقت اور افسانہ میں فرق بہت مشکل سے کر پاتے ہیں۔ ان کی عادت کو کنٹرول نہ کیا جائے تو بڑے ہونے پر گپ باز بن سکتے ہیں۔ نت نئے کھلونے پسند کرتے ہیں اور پرانے کھلونوں کو ناکارہ بنا کر اپنی جان چھڑاتے ہیں۔ ان کے والدین کو چاہیے کہ وہ انہیں چیزیں سنبھال کر رکھنے اور طبیعت کو محبت کرنا سکھائیں۔ جوزا بچے تعلیم میں بھی دلچسپی رکھتے ہیں۔ ان کے استادان سے خوش رہتے ہیں موسیقی میں دلچسپی رکھتے ہیں ان کی ذہانت جہاں خوشگوار اثرات مرتب کرتی ہے وہاں بعض اوقات یہ پریشان کن حالات بھی پیدا کر دیتے ہیں۔

برج جوزا کے تعلقات دوسرے بروج کے ساتھ

برج جوزا برج حمل کے ساتھ

جوزا مرد حمل عورت

جناب آپ کی طرح آپ کی زوجہ خاصی ذہین ہیں اور چالاک بھی ہے۔ وہ وجیہہ خوش پوش اور سچے آدمی کو پسند کرتی ہے۔ آپ اس سے شادی کے بعد دوسرے رومانوں سے پرہیز کریں کیونکہ وہ بہت شکی اور حاسد بھی ہے۔ ویسے حمل آپ سے محبت بہت کرتی ہے۔ آپ پائیدار اور کامیابی زندگی گزار سکتے ہیں۔

جوزا عورت حمل مرد

آپ کی حمل شریک سفر آپ کی دلکشی اور ذہانت کے امتزاج سے بہت خوش ہیں۔ آپ کی خود مختاری و آزادی کو تسلیم کرتے ہیں۔ لیکن اس صورت میں نہیں کہ کوئی اور ان کی جگہ لے۔ ان کے آرام اور آسائش کا خیال رکھیں کیونکہ وہ دن بھر کی تھکن کے بعد یہی چاہتے ہیں۔ آپ کی اس پر توجہ کے جواب میں وہ بہت محبت سے ملے گی۔

برج جوزا برج ثور کے ساتھ

جوزا مرد ثور عورت

کبھی بھی ثور زوجہ کو یہ احساس دلانے کی کوشش نہ کریں کہ وہ آپ کے مقابلے میں کم عقل ہے۔ ویسے تو وہ معتدل مزاج اور محبت کرنے والی ہے لیکن ایسی صورت حال اسے تیخ پا کر دے گی۔ اس کا سگھڑ پن آپ کو خوش اور مطمئن رکھے گا۔

جوزا عورت ثور مرد

دو مخالف طبیعتوں کا ٹکراؤ ہے۔ ثور مرد کی خوشی کے لیے آپ گھر کو خوبصورت صاف ستھرا رکھیں لیکن جسمانی طاقت کے کاموں سے ذہنی طور پر فارغ ہو جائیں۔ کیونکہ ثور یہ محنت بخوبی کر سکتے ہیں۔ آپ کی

بھر تیلی اور تیز زندگی پرسکون اور دھیمے پن کے حامل ثور کے لئے مشکل پیدا کر سکتی ہے۔ ایسے میں صبر سے کام لیں۔ ثور آپ کا بہت خیال رکھے گا۔

برج جوزا برج جوزا کے ساتھ

جوزا مرد جوزا عورت

جیسا کہ نظر آتا ہے کہ جوزا میاں بیوی ہونے کی صورت میں دونوں کی شخصیت ایک جیسے پہلو رکھتی ہے۔ اگر آپ یعنی جوزا مرد فہم و فراست سے کام لیں تو مثالی زندگی گزار سکتے ہیں۔ بیوی پر گھر میں ہی رہنے کی پابندی عائد نہ کریں جو وہ کرنا چاہتی ہے کرنے دیں ممکن ہے کہ آپ کی محبت اسے خود کو بدلنے پر مجبور کردے۔

جوزا عورت جوزا مرد

آپ کے شریک زندگی ذہین اور محنتی ہیں آپ دونوں مجلسی قسم کے ہیں۔ لہذا ایک دوسرے کے دوستوں کی پارٹیوں پر اعتراضات نہیں اٹھاتے۔ ایک دوسرے کو سمجھیں اور کمزوریوں سے مجبور ہو کر ہی صحیح قابو پانا سیکھ لیں تو تاحیات خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج جوزا برج سرطان کے ساتھ

جوزا مرد سرطان عورت

سرطان سے ہمیشہ شادی کی صورت میں شروع ہی سے ہوشیار رہیں۔ کیونکہ وہ دھنک رنگ لڑکی ہے۔ مسلسل محبت اور توجہ کی طلب گار آپ کی شاہ خرچی اور اس کی کنجوسی ٹکرا سکتی ہے۔ لیکن وہ کفایت شعار بھی ہے اور آپ کے گھر اور بچوں کا بھرپور خیال رکھتی ہے۔

جوزا عورت سرطان مرد

بہ حیثیت جوزا زوجہ سرطان مرد آپ کو خشک مزاج اور سرد مہر معلوم ہوتا ہے لیکن ایسا ہے نہیں۔ وہ بہت زیرک اور دور اندیش ہے۔ اس کی یہی خوبیاں آپ کو ممکنہ خطرات سے بچاتی ہے۔ سرطان محبت میں بے حد سچے اور پرخلوص ہوتے ہیں۔

برج جوزا برج اسد کے ساتھ

جوزا مرد اسد عورت

آپ کی اسد شریک زندگی نہایت پرکشش ہوتی ہے۔ جیسا کہ آپ بھی ہیں لیکن اگر آپ یہ چاہتے ہیں کہ وہ کسی اور کے ساتھ نہ ملے تو پھر اپنے ساتھ اسے کہیں مت لے جائیں کیونکہ وہ مرکز نگاہ بن جاتی ہے۔ وہ تعریف کرنے اور تحفے ملنے سے بہت خوش رہتی ہے۔ شاہ خرچ اور جاہ پرست ہوتی ہے۔

جوزا عورت اسد مرد

ایک آئیڈیل شوہر کی خوبیاں اسد خاوند پر پوری اترتی ہیں۔ محفلوں کے شوقین، مضبوط اور پکے کردار کے مالک ہیں۔ اگر آپ انہیں گھر کا سربراہ تسلیم کرلیں تو وہ خوشگوار تعلقات استوار کرتے ہیں۔ باوفا ہیں اور محبت کرنے والی بیوی کے ہوتے ہوئے کسی دوسری عورت کا نہیں سوچتے۔

برج جوزا برج سنبلہ کے ساتھ

جوزا مرد سنبلہ عورت

سنبلہ عورت آپ کو بہت دیر سے جانیں گی۔ اس پر تنقید نہ کریں کیونکہ اس کے خیال میں اس کے علاوہ باقی سب غلط ہیں۔ آپ کی طرح وہ بھی پل میں دلچسپیاں بدل لیتی ہے۔ لیکن آپ کا پیار و محبت اور خلوص اس بندھن کو دیرپا بنا سکتا ہے۔

جوزا عورت سنبلہ مرد

اپنے سنبلہ شریک زندگی کو کبھی بھی شک کا موقع نہ دیں کیونکہ وہ جلد بازی میں قطع تعلقی اختیار کرسکتے ہیں۔ ان کے کاروباری مسائل ڈسکس کریں اور مفید مشورے دیں تو وہ بہت خوش ہوتے ہیں۔ چھوٹی چھوٹی باتوں پر ٹکراؤ کی بجائے مفاہمت کرنا سیکھ لیں تو اچھی زندگی گزرتی ہے۔

برج جوزا برج میزان کے ساتھ

جوزا مرد میزان عورت

محبت کرنے والی میزان شریک حیات کے مشوروں پر عمل کرنا جوزا کے لئے بہتر ثابت ہوسکتا ہے وہ گھر کو پرسکون اور پرآسائش بنانے کی کوشش کرتی ہے اور آپ کی محبت اور وفا اسے ہمیشہ کے لیے آپ کا بنا دیتی ہے۔

جوزا عورت میزان مرد

آپ کے میاں کا مزاج آپ کی طرح بدلتا رہتا ہے لیکن وہ ہمیشہ آپ کی ذہانت کے قائل رہتے ہیں۔ میزان خاوند فیصلہ کرنے میں کچھ وقت لیتے ہیں۔ جھنجھلانے کی بجائے صبر وتحمل سے کام لیں تو آپ دونوں ایک کامیاب زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج جوزا برج عقرب کے ساتھ

جوزا مرد عقرب عورت

بہ حیثیت جوزا خاوند اپنی عقرب زوجہ کو غصہ میں لانے والے عوامل پیدا نہ ہونے دیں کیونکہ وہ پھٹ سکتی ہے۔ لیکن اگلے ہی لمحے اس کی نرمی اور معقول رویہ آپ کو پریشان کر دیتا ہے۔ آپ اسے اپنا راز دار بنا سکتے ہیں۔ کیونکہ وہ قابل اعتماد شریک زندگی ہے۔

جوزا عورت عقرب مرد

کسی بھی معمولی جھگڑے پر خاوند سے جرح کی بجائے خاموشی اختیار کرنا مناسب ہے۔ کیونکہ جوزا عورت اسے سنگدل اور غصیلا تصور کرتی ہے اور یہ درست بھی ہے۔ عقرب مرد کو گھر سے زیادہ دلچسپی نہیں ہوتی۔ اسی لیے ایسی باتوں کا دھیان کریں جن میں وہ دلچسپی لے۔ آپ کی ذرہ بھر کوتاہی ساری کوشش ناکام بنا دے گی۔

برج جوزا برج قوس کے ساتھ

جوزا مرد قوس عورت

قوس زوجہ آپ کی طرح سیر وتفریح کی دلدادہ ہے۔ آپ اس کے ساتھ اچھا وقت گزار سکتے ہیں۔ اس کی غلطی پر آپ کی برہمی اسے بھڑکاتی نہیں بلکہ وہ اقرار کر لیتی ہے۔ یہی اس کی شگفتہ مزاجی ہے۔ وہ صاف گو ہے۔ وہ شکی بھی نہیں بلکہ آپ پر بھرپور اعتماد کرتی ہے۔ آپ دونوں اچھی زندگی گزار سکتے ہیں۔

جوزا عورت قوس مرد

قوس شریک سفر کو آپ کی خود مختار و آزاد زندگی پر کوئی اعتراض نہیں بلکہ وہ آپ کے ساتھ گھومنا اور دوسروں سے آپ کو متعارف کرانے میں فخر محسوس کرتا ہے۔ آپ کی محبت وذہانت کی قدر کرتا ہے اور انہیں تسلیم کرتا ہے۔ یکساں خصوصیات خوشگوار تاثر پیدا کرتی ہے۔

برج جوزا برج جدی کے ساتھ

جوزا مرد جدی عورت

جوزا مرد کے لیے خوشخبری ہے کہ اس کی شریک حیات ان کی پارٹیوں میں ان کا ساتھ دیتی ہے اور خواہشات کی تکمیل کرتی ہے۔ آپ کی کاروباری الجھنوں میں آپ کا ساتھ دیتی اور کفایت شعاری سے کام لیتی ہے۔ جدی عورت کے ساتھ آپ ایک اچھی زندگی گزار سکتے ہیں۔

جوزا عورت جدی مرد

جدی انتہائی سست اور غمگین نظر آنے والا شخص ہے۔ وہ آپ کی پھرتی اور غیر روایتی زندگی میں آپ کا ساتھ نہیں دے سکتا۔ جدی گھر میں رہنا زیادہ پسند کرتا ہے۔ کچھ حد تک کنجوس بھی ہے اگر آپ اس کی خاطر چار دیواری کو قبول کرلیں تو کامیاب زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج جوزا برج دلو کے ساتھ

جوزا مرد دلو عورت

دلو عورت ہمیشہ بدلتے موسم کی طرح ہے۔ رنگا رنگ، پراسرار شخصیت اسے جاننے کے لیے خوب محنت کریں۔ کیونکہ وہ اپنے آپ کو اتنی جلدی افشاں نہیں کرتی۔ آپ سے ہونے والی غلطیاں معاف کر دیتی ہے۔ لیکن ناانصافی نہ کریں وہ ناراض ہو جائے گی۔ آپ اگر اس سے حسد اور خود مختاری اور پابندی کے احساسات دور رکھیں تو بہت اچھی گزر سکتی ہے۔

جوزا عورت دلو مرد

دلو شریک زندگی زوجہ محترمہ سے سرزد ہونے والی غلطیاں معاف کر دیتے ہیں۔ خود ایک کھلی کتاب اور ذہین ہیں۔ آپ کی تمام ضروریات کا خیال رکھتے ہیں اور اس بات کی ڈیمانڈ کرتے ہیں کہ جوزا کو خاصا وقت دیں۔ ایسا کرنا آپ دونوں کی طویل خوشگوار زندگی کے لیے ضروری ہے۔

برج جوزا برج حوت کے ساتھ

جوزا مرد حوت عورت

آپ کو بہت اچھی شریک زندگی ملی ہے۔ انہیں ناراض مت ہونے دیں کیونکہ وہ آپ کا اور آپ کے گھر

کا ہر طرح سے خیال رکھنا جانتی ہیں اور رکھتی بھی ہے۔ اسے تحفے دیں اور روپیہ اور روانہ رکھیں اور اس کی عقل پر بھروسہ کریں وہ کبھی آپ کو مایوس و بے عزت نہیں ہونے دے گی۔

جوزا عورت حوت مرد

بہ حیثیت جوزا زوجہ، حوت شریک سفر کو اصلاحی کاموں سے کبھی نہ ٹوکیں۔ ان میں دکھی انسانیت کا جذبہ کوٹ کوٹ کر بھرا ہے۔ صرف باتیں ہی نہیں وہ عمل بھی چاہتے ہیں۔ ان کے ساتھ گھر کی تمام ذمہ داری آپ پر ہوگی۔ حوت مرد کے ساتھ مل کر مستقبل کی منصوبہ بندی کریں۔ آپ ایک حسین و مطمئن زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج سرطان



عرصہ	22 جون تا 22 جولائی
حروف	ح' ہ
حاکم کوکب	قمر
عنصر	آبی
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	انتڑیاں
موافق نگینہ	موتی' حجر القمر
موافق دن	جمعہ
موافق نمبر	2
موافق رنگ	سبز' دودھیا' سفید' نیلا
موافق پھول	گل سوسن
موافق شریک کار	جدی
موافق افراد	ثور' سنبلہ
ناموافق افراد	حمل' میزان
بائیو کیمک نمک	کلکیریا فلور

ظاہری شخصیت

برج سرطان کے حامل افراد کی شخصیت کو سمجھنا آسان کام نہیں ہے۔ یہ اپنے موڈ کے غلام ہوتے ہیں ایک لمحہ خوش گپیوں میں مگن تو دوسرے لمحے الگ تھلگ اداس ہو کر بیٹھ رہیں گے۔ ان کا چہرہ اور باتیں ان کے جذبات و احساسات کی مکمل عکاسی کرتی ہیں۔ لوگوں میں گھلنا ملنا پسند کرتے ہیں۔ دوسروں کے دکھ درد میں شریک ہوتے ہیں۔ ان کی گفتگو نہایت معنی خیز، مدلل اور پُر مزاح ہوتی ہے۔ ان کی آسان پہچان یہ ہے کہ ایسا شخص جو آپ کو اکثر ہنستا قہقہے لگاتا نظر آئے گا۔ سمجھ لیجیے کہ وہ سرطان ہے۔ کیونکہ بعض اوقات یہ لوگ اپنی شخصیت کو پُرکشش بنانے کے لیے اور بعض اوقات اپنی تکلیف دکھ اور اداسی پر قابو پانے کے لیے مسکراتے اور قہقہے لگاتے رہیں گے۔ سرطان افراد اپنے خارجی و داخلی ماحول کا بڑا عمیق اور گہرا جائزہ لیتے ہیں اور پھر دوسروں کے مقابلے میں جوابی ردعمل میں پہل کر کے روحانی خوشی محسوس کرتے ہیں۔ اکثر سرطان لوگ وجدانی شخصیت کے مالک بھی ہوتے ہیں۔ ان کی نرم مزاجی اور فراخدلی کے باوجود بعض اوقات ان کی بظاہر کم گوئی دوسروں کی نظر میں انہیں مغرور بنا دیتی ہے۔ اس لیے لوگ ان کے قریب آتے میں ہچکچاتے ہیں حالانکہ ایسا ہوتا نہیں۔ قدرے شرمیلے ہمدرد اور محبت کرنے والے ہوتے ہیں۔

زندگی کے متعلق نکتہ نظر

زندگی کے متعلق سرطان لوگ بڑے حساس ہوتے ہیں۔ برج سرطان کا سیارہ قمر ہے جس کا علامتی نشان نامکمل دائرہ ہے۔ سرطان ہر گزرتے لمحے کو بڑی سنجیدگی سے لیتے ہیں اور گمنامی کی زندگی گزارنے کے تصور سے بھی گھبراتے ہیں۔ ان کی احساس کمتری ان کو اس لحاظ سے فائدہ پہنچاتی ہے کہ یہ آگے آنے کے لیے بہت محنت اور قوت استعمال کرتے ہیں۔ ذات کی تنہائیوں میں قید ہونے کی بجائے خارجی ماحول میں اپنا لوہا منوانا چاہتے ہیں۔ ہر لمحہ اپنی تشہیر پسند کرتے ہیں۔ ان کی زندگی میں یہ رویہ بہت اہم ہوتا ہے کہ لوگ ان کے بارے میں کیا سوچتے ہیں اور اصل میں یہ خود ہمیشہ لوگوں کی توجہ حاصل کر کے خوش ہوتے ہیں۔ اس لیے بعض

اوقات وہ اپنے لباس، کج بحثی اور ہر وہ بات جس پر اتفاق رائے ہو اس پر تنقید کر کے نمایاں نظر آنے کی کوشش کرتے ہیں۔ تجارت کا پیشہ سرطان افراد کے لیے فائدہ مند ہوتا ہے۔ یہ کفایت شعاری اور احتیاط سے پیسہ استعمال کرتے ہیں۔ متحمل مزاج، خود اعتماد، اشیاء جمع کرنے کے شوقین اور قدرے رجائیت پسند بھی ہوتے ہیں۔ اگر سرطان افراد سعد حالت میں ہوں تو اپنی خواہش کے مطابق وہ پبلسٹی، رائے عامہ اور تجارت وغیرہ میں شہرت پاتے ہیں۔ نحس حالت میں صرف خیالی پلاؤ پکانے والے کاہل اور سست انسان ہوتے ہیں۔

قابل اعتماد رفیق و کشادہ دل لوگ

سرطان افراد نہایت قابل اعتماد ہوتے ہیں اور دوستوں کے دوست۔ کبھی کینہ پروری کا مظاہرہ نہیں کرتے دوسروں کو تکلیف دینا تو درکنار ایسی بات کرنے سے بھی باز رہتے ہیں جو آزار کا باعث بنے۔

شہرت کے متمنی

جیسا کہ پہلے بھی ذکر ہوا یہ لوگ خبروں میں رہنا پسند کرتے ہیں۔ اور ایسے کام کرتے رہنے کی کوشش کرتے ہیں جو انہیں منفرد و مقبول لگے۔ کاروباری ذہن کے مالک نہایت پر عزم و باہمت ہوتے ہیں۔

احساس کمتری، بزدلی اور انجانا خوف

نت نئے خوابوں کی تکمیل نہ ہونا سرطان کو ذہنی مسائل سے دوچار کر دیتا ہے۔ احساس کمتری و شکست کی ندامت بعض اوقات اسے حالات کے سامنے بزدل بنا دیتے ہیں۔ یہ سوچ کہ ناکامی کی وجہ چند عناصر قدرت یا حالات ہیں اسے انجانے خوف میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ اس کا واحد حل غلطیوں پر ذمہ دار اپنے آپ کو تسلیم کرنے میں ہے۔ کیونکہ یہی جذبہ انسان میں دوبارہ اٹھ کھڑا ہونے اور اصلاح کے ساتھ ترقی کا زینہ چھونے میں مدد دیتا ہے۔

فکر انگیز پہلو

سرطان افراد اکثر ضدی پن کا شکار رہتے ہیں۔ جان یا مفادات کی خاطر مرنے مارنے پر بھی تل جاتے ہیں۔ ان کے ذہن پر جو بھوت سوار ہو جائے اس سے نجات پانا ان کے لیے مشکل ہوتا ہے۔ منفی سوچ کی صورت میں آرام دہ گھر کانٹوں بھری غار محسوس ہوتا ہے۔ اس لیے انہیں چاہیے کہ انتقامی یا غیر صحت مندانہ خیالات کے ابھرتے ہی انہیں دبا دیں تاکہ غلط فہمیوں، پچھتاؤں اور ذہنی اذیت سے بچ سکیں۔ شہرت سرطان افراد کی ایک کمزوری ہے جو بعض اوقات انہیں مضحکہ خیز اقدامات کے ذریعے حاصل کرنی پڑتی ہے۔ ایسی

صورت میں ان کے حلقہ احباب دوست و اہل خانہ وغیرہ ان سے بے زار ہو جاتے ہیں۔ اس لیے سرطان افراد کو چاہیے کہ اس طرح منفرد نظر آنے کی بجائے اپنی کارکردگی بہتر بنا کر شہرت کی بلندیوں کو چھونے کی کوشش کریں۔ سرطان افراد کافی حد تک خوابوں کی دنیا کے باسی ہوتے ہیں۔ عظیم الشان منصوبے تشکیل دے کر جب عملی طور پر مطمئن کارکردگی نہیں دے پاتے تو ناکامی انہیں مزید بے عمل بنا دیتی ہے۔ انہیں چاہیے کہ خوابوں کی بجائے حقیقت کی دنیا میں دھیان دیں۔ ایک منصوبے کو مکمل کر کے دوسرا منصوبہ شروع کریں تا کہ شکست کے خوف اور گمنامی و ذہنی اذیت سے بچنا ممکن ہو۔

سرطان خواتین

سرطان خواتین غیر یقینی کی کیفیت اور عدم تحفظ کے احساس میں مبتلا رہنے کے باعث شکی اور نہایت حساس ہو جاتی ہیں۔ اس لیے انہیں لحہ بہ لحہ محبت کا یقین دلانا پڑتا ہے۔ زیادہ خوبصورت تو نہیں لیکن ٹھیک ٹھاک ہوتی ہیں۔ گھر میں دلچسپی رکھتی ہیں۔ مال و دولت اور پر تعیش چیزوں کی ہوس اور اضافی اخراجات کے بغیر وہ گھر کو بہت اچھا ڈیکوریٹ کرتی ہیں۔ لیکن محبت کے ساتھ کسی قسم کی غلامی یا حکومت کا تاثر اسے کچھ بھی کرنے پر مجبور نہیں کر سکتا۔ ذہین اور باتونی بھی ہوتی ہیں۔ ان کی باریک بینی انہیں عملی زندگی میں کامیاب کرتی ہے۔ تعریف سننا پسند کرتی ہیں۔ شوہر کا انتخاب بہت سوچ سمجھ کر کرتی ہیں۔ لیکن شادی کے بعد ہر نشیب و فراز میں وفاداری کا ثبوت دیتی ہیں۔ اچھی ماں ثابت ہوتی ہیں۔ اور بچے بھی سرطان ماں سے بہت محبت کرتے ہیں۔

سرطان مرد

کیکڑے کی طرح اپنے خیالات اور منصوبوں میں تبدیلی اور جدت پیدا کرتے رہتے ہیں۔ جب ایک مرتبہ ایک منصوبے یا خیال کو ذہن میں بسا لیتے ہیں۔ چاہے وہ محبت ہی کیوں نہ ہو پایہ تکمیل تک پہنچا کر دم لیتے ہیں۔ اور یہ سوچ ان کے لیے ناممکن کو ممکن بنا دیتی ہے۔ اپنے جذبات سے متحرک ہوتے ہیں۔

غصے، نفرت اور محبت تینوں حالتوں میں جذبات عروج پر ہوتے ہیں۔ اگر انہیں من پسند ماحول میسر نہ آئے تو بعض سرطان روحانیت کی طرف راغب ہو جاتے ہیں۔ روحانیت سے پہلے ایک مرحلہ خود فریبی کا بھی آتا ہے جس پر اکثر نامکمل ذہنی و روحانی نشو نما کے حامل سرطان تکیہ کر لیتے ہیں۔ مقابلے کی ہمت نہ ہو تو خاموشی

اختیار کر لیتے ہیں۔ ویسے عموماً اپنے موڈ کے مطابق ماحول بنانے میں کامیاب رہتے ہیں۔ کیونکہ ان کی بذلہ سنجی انہیں لوگوں میں بہت مقبول رکھتی ہے۔ سرطان سے متعلقہ مردوں کی ماضی سے گہری دلچسپی عملی طور پر بھی نظر آتی ہے۔ وہ اس دور سے متعلقہ تصاویر یا اشیاء ضرور جمع رکھتے ہیں۔ ہمدرد اور غضبناک ذہانت کے مالک ہوتے ہیں لیکن جب دشمنی پر اتر آئیں تو بدلہ لے کر چھوڑتے ہیں۔

سرطان بچہ

سرطان بچے اپنے آپ کو ایک خول میں قید رکھتے ہیں۔ اور دوسرے انہیں ہمیشہ بڑی مشکل سے جان پاتے ہیں۔ تربیت ان کی زندگی میں عام بچوں سے زیادہ اہمیت رکھتی ہے۔ کیونکہ ان کے جذبات اور پھر ان کی اصلاح نہ ہونا مستقبل میں ذہنی پریشانیوں' احساس کمتری' بے راہ روی یا سخت طبیعت کے نتیجے کے طور پر سامنے آ سکتی ہے۔ سرطان بچے زیادہ تر تجربے سے سیکھتے ہیں۔ اور جب ایک چیز کو اس کی خوبیوں و خامیوں کے ساتھ سمجھ لیتے ہیں تو بڑوں کے لیے زیادہ پریشانی پیدا نہیں کرتے۔ سرطان بچوں کے والدین اور اساتذہ کو چاہیے کہ وہ ان کے ساتھ دوستانہ ماحول میں وقت گزاریں تاکہ انہیں آزادی' بے خوفی اور آسانی سے اپنے دل کی بات زبان پر لانے اور دوسروں کو بتانے میں تکلیف یا ہچکچاہٹ محسوس نہ ہو۔ اپنے آپ کو اس کے لیے پر اعتماد بنائیں تاکہ وہ تازہ ذہن کے ساتھ ہر پل خوشگوار گزار سکے۔

برج سرطان کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج سرطان برج حمل کے ساتھ

سرطان مرد حمل عورت

آپ دونوں باعمل ہیں لیکن حمل بیوی زیادہ تیز رفتار جلد باز اور مشورے کیے بغیر کام کرنے والی ہے۔ اس پر رعب مت ڈالیں وہ آپ کو اچھے نتائج دے گی۔ اس کے منصوبوں اور کاموں کی تعریف کریں وہ آپ کے آرام و آسائش کا پورا خیال رکھے گی۔

سرطان عورت حمل مرد

گھریلو و دیگر اخراجات حمل مرد کی بجائے سرطان بیوی کو اپنے ہاتھ میں رکھنے چاہئیں کیونکہ حمل مرد بہت لاپرواہ ہوتے ہیں۔ ہر چیز کو سرسری طور پر لیتے ہیں۔ ایسے میں سرطان کا جھنجھلاہٹ کے بجائے صبر وتحمل سے کام لینا ہی بہتر ہے کیونکہ حمل کو بعد میں اپنی غلطی کا احساس ہو جاتا ہے۔ ایک دوسرے کو سمجھنا آپ کے طویل خوشگوار تعلقات کا باعث بن سکتا ہے۔

برج سرطان برج ثور کے ساتھ

سرطان مرد ثور عورت

آپ کی رفیق حیات ایک مہربان ہستی ہے۔ گھر کی خوبصورتی اور آپ کے ذاتی کام کاج میں بہت احتیاط برتتی ہے۔ بہت محبت کرنے والی بھی ہے۔ بشرطیکہ آپ کی طرف سے انہیں محبت اور تحفظ کا احساس بہم پہنچتا رہے۔

سرطان عورت ثور مرد

بہ حیثیت سرطان بیوی آپ ثور شریک سفر کے ساتھ بہت تحفظ اور محبت بھری زندگی گزارتی ہیں۔ ثور کی خواہش کے مطابق انہیں ہر چیز وقت پر مہیا کی جائے تو وہ بہت خوش رہتے ہیں۔ جھگڑا نہ کرنے کی کوشش کرتے

برج سرطان برج جوزا کے ساتھ

سرطان مرد جوزا عورت

سرطان خاوند ہوتے ہوئے آپ اپنی بیوی کی شخصیت سے متاثر ہوتے ہی ہیں لیکن غیر مستقل مزاجی اور غیر سنجیدہ طبیعت آپ کے اور اس کے درمیان حائل ہو جاتی ہے۔ عمر کے آخری حصہ میں آپ دونوں زیادہ خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔

سرطان عورت جوزا مرد

آپ کی شخصیتوں کے تضاد کو اصلاح کی ضرورت ہے۔ سرطان کی مستقل مزاجی جوزا کی تفریحات وقت نئے منصوبوں سے ٹکراتی ہے۔ وہ ایک جاری غیر مطمئن کام کو آسانی سے چھوڑ دیتا ہے لیکن پھر بھی جوزا مرد کی اہانت اور آپ کی سمجھداری ایک زندگی بن سکتی ہے۔

برج سرطان برج سرطان کے ساتھ

سرطان مرد سرطان عورت

خیالات کی یکسانیت آپ کے مابین جھگڑوں کو اٹھنے سے پہلے ہی دبا لیتی ہے۔ آپ کی بیوی کو گھر سے شدید محبت ہے وہ سمجھدار اور وفادار ترین بیوی ثابت ہوگی۔ اگر آپ اسے محبت دیں تو متوازن و پرسکون زندگی گزارتے ہیں۔

سرطان عورت سرطان مرد

آپ کے رفیق نہایت زیرک اور محنت سے نہ گھبرانے والے آدمی ہیں۔ وہ آپ کی ذہنی و جسمانی سکون کا ہر طرح سے خیال رکھتے ہیں کبھی کبھی جھنجھلاہٹ و غصہ کا شکار بھی ہو جاتے ہیں۔ لیکن گھر خوبصورت اور پرسکون دیکھنا چاہتے ہیں۔ ایسا کر کے آپ ان کا دل جیت سکتی ہیں۔

برج سرطان برج اسد کے ساتھ

سرطان مرد اسد عورت

اسد بیوی گھر کی حکمرانی چاہتی ہے اس لیے زیادہ روک ٹوک نہ کریں۔ اس کی موجودگی آپ کے لیے

کامیابی ہے۔ بہ حیثیت سرطان خاوند اپنی زوجہ کی خواہشات کا احترام کریں اور ان کی پرکشش شخصیت سے فائدہ اٹھائیں۔

سرطان عورت اسد مرد

اسد مرد آپ سے کسی قدر مردانہ کردار کی توقع رکھتے ہیں۔ انہیں گھر اور اولاد سے اتنی دلچسپی نہیں ہے۔ لیکن دوستوں کے ساتھ ملنا ملانا پسند کرتے ہیں۔ اگر آپ اس بات کا خیال رکھیں تو جواباً آپ کے میاں آپ کو باہر کھانا کھلا کر اور تحفے دے کر خوش رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

برج سرطان برج سنبلہ کے ساتھ

سرطان مرد سنبلہ عورت

آپ کی سنبلہ بیوی آپ کی رفاقت کے بارے میں نہایت سنجیدہ ہے۔ اور آپ کو اپنے مخصوص معیار پر دیکھنا چاہتی ہے۔ اس کی خواہشات اس کے کہے بنا پوری کرنے کی کوشش کریں اگر اسے آپ پر ذرا سا شک ہو گیا تو وہ الگ ہو جائے گی۔

سرطان عورت سنبلہ مرد

سنبلہ خاوند آپ کی باعمل اور سنجیدہ طبیعت کو سراہتے ہیں۔ ان کی کم گوئی اور قدامت پرستی پر انہیں سرد مہر اور مغرور تصور نہ کریں حقیقت میں وہ بہت پرجوش ہیں۔ سرطان زوجہ بچوں کو صاف ستھرا اور مودب بنائیں کیونکہ سنبلہ مرد آپ سے اسی کی توقع رکھتے ہیں۔

برج سرطان برج میزان کے ساتھ

سرطان مرد میزان عورت

آپ کی میزان زوجہ پُر خلوص اور محبت کرنے والی تو ہے لیکن اس کے ساتھ ساتھ اس کے خیالات و نظریات ہر چیز بشمول آپ کے بارے میں لمحہ بہ لمحہ بدلتے رہتے ہیں۔ یہی آپ کا امتحان ہے۔ صبر و تحمل اور محبت کا رویہ رکھیں، آپ دونوں کی زندگی بہت حسین اور پُرلطف گزرے گی۔

سرطان عورت میزان مرد

خوابوں میں مگن رہنے کا رجحان دونوں میں ہے لیکن سرطان بیوی کے ہوتے ہوئے آپ کچھ حقیقت

پسند اور باعمل بھی ہیں جبکہ آپ شوہر نامدار رعب دار نہ ہونے کے ساتھ ساتھ اپنے بارے میں خود فیصلہ بھی حقیقت پسندی یا مستقل مزاجی سے نہیں کر سکتے۔ ان کی مدد کریں اور معاشی امور اپنے ہاتھ میں ہی رکھیں۔

برج سرطان برج عقرب کے ساتھ

سرطان مرد عقرب عورت

آپ کی زوجہ کافی تند مزاج ہیں لیکن آپ کی محبت اور مستقل مزاجی اسے بدل سکتی ہے۔ وہ گھر کی کوئی بات باہر جانے نہیں دیتی۔ آپ کے لباس آرام اور خوراک کا حد درجہ خیال رکھتی ہے۔

سرطان عورت عقرب مرد

سرطان بیوی ہوتے ہوئے غصیلے عقرب کے ساتھ کبھی بھی کسی بات پر بحث مت کریں۔ آپ کے میاں ہمیشہ کامیاب ہونا چاہتے ہیں۔ ایسے میں آپ کی مدد اور حوصلہ افزائی سے خوش ہوتے ہیں۔ انہیں گھر میں رہنے پر مجبور مت کریں۔ کیونکہ وہ گھریلو ذمہ داریوں میں دلچسپی نہیں لینا چاہتے۔

برج سرطان برج قوس کے ساتھ

سرطان مرد قوس عورت

اپنی بیوی کو خوش رکھنے کے لیے سیر وتفریح پر لے جایا کریں۔ اس کی بے دریغ باتیں آپ کو اچھے دوستوں سے محروم کر سکتی ہیں۔ گھریلو معاشیات اپنے ہاتھ میں رکھیں کیونکہ قوس پیسے کے معاملے میں لاپرواہ ہے۔

سرطان عورت قوس مرد

آپ کو خوش ہونا چاہیئے کہ آپ کے میاں بلا کے ذہین ہیں۔ وہ اپنی قوت فیصلہ پر حد درجہ بھروسہ کرتے ہیں اور آپ کی تجویز رد کر دیتے ہیں۔ پریشان نہ ہوں انسان غلطیوں سے ہی سیکھتا ہے۔ آپ خود کو سیر وتفریح اور ملے گلے سے محظوظ کرتے رہتے ہیں۔

برج سرطان برج جدی کے ساتھ

سرطان مرد جدی عورت

کامیابی حاصل کرنے کی لگن اور مالی استحکام جدی عورت کے لیے خوشی وراحت کا باعث ہے۔ وہ اپنی

باتوں اور عمل سے ہمیشہ نفاست کا ثبوت دے کر آپ کو خوش رکھنا جانتی ہے۔ لیکن اگر آپ اسے خوش رکھنا چاہتے ہیں تو اس کے میکے کے متعلق کوئی غلط بات مت کہیے گا۔

سرطان عورت جدی مرد

آپ کے میاں کسی حد تک سنجیدہ وغیر جذباتی ہیں۔ اگر آپ ان کے آئیڈیل ازم پر پوری اتر رہی ہیں تو وہ ساری عمر آپ سے الگ نہیں ہوں گے۔ جدی کم گو اولوالعزم اور کفایت شعار شریک ہیں۔ آپ دونوں مل کر زندگی کو بہت خوبصورت گزار سکتے ہیں۔

برج سرطان برج دلو کے ساتھ

سرطان مرد دلو عورت

سرطان صاحب ہمہ وقت بدلتے موسموں کو خوش آمدید کہنے کو تیار رہیے؟ آپ کی زوجہ تو قوس قزح ہے۔ وہ آپ سے مستحکم مستقبل کی آرزومند ہے۔ اگر آپ ایسا نہیں کر سکتے تو جھوٹی تسلی کی بجائے سچ سے کام لیں۔ دلو بہت فراخ دل ہے۔ دلو حاسد نہیں ہے لیکن آپ کا شکی نہ ہونا اچھی زندگی گزارنے کا باعث ہوگا۔

سرطان عورت دلو مرد

دلو کی تصوراتی دنیا آپ کی عملی دنیا سے ٹکرا تو سکتی ہے لیکن کچھ وقت گزارنے کے بعد آپ کو اندازہ ہو گا کہ دلو میاں دس سال آگے کا سوچتے ہیں۔ اس لیے ان کی حوصلہ افزائی کریں تاکہ خواب عملی جامہ پہن کر زندگی سہل بنائیں۔

برج سرطان برج حوت کے ساتھ

سرطان مرد حوت عورت

حوت بیوی آپ کے لیے بہت موزوں ہے۔ گھر پر آپ کی حاکمیت اسے قطعاً پریشان نہیں کرتی۔ حوت کا دلکش صورت کے ساتھ خوبصورت ذہن عملی میدان میں سرطان کی ترقی کے لیے کوشاں رہتا ہے۔ حوت آپ کی عزت کا محافظ ہے۔ آپ کی محبت اور حوصلہ افزائی اسے حیات نو بخشتی ہے۔

سرطان عورت حوت مرد

آپ خوش قسمت ہیں کہ آپ کو حوت خاوند ملا۔ حوت پُر خلوص اور باعمل ہے۔ خوبصورت اور آرام دہ گھر

ان کی کمزوری ہے۔ اگر آپ انہیں ذہنی وروحانی سکون پہنچا سکیں تو یہ ہر لحاظ سے آپ کو خوش رکھتے اور تحفے وغیرہ دیتے رہتے ہیں۔ اس طرح آپ مل کر زندگی کی گاڑی کو کامیابی سے چلاتے ہیں۔

برج اسد



عرصہ	23جولائی تا22اگست
حروف	م
حاکم کوکب	شمس
عنصر	آتشی
ماہیت	ثابت
حصہ جسم	پشت اور قلب
موافق نگینہ	یاقوت، پکھراج
موافق دن	اتوار
موافق نمبر	1
موافق رنگ	زرد، نارنجی، سنہرا
موافق پھول	گلاب
موافق شریک کار	دلو
موافق افراد	جوزا، میزان
ناموافق افراد	ثور، عقرب
بائیو کیمک نمک	میگنیشیا فاس

ظاہری شخصیت

ایک ایسا انسان جس سے مل کر از راہ ہمدردی آپ اس کی مدد کرنا چاہیں اور وہ آپ سے کہے ارے جناب آپ اپنی راہ لیں۔ تو سمجھ لیں وہ برج اسد کا حامل شخص ہے۔ اسد افراد کا چہرہ چوڑا، چمکتی آنکھیں، خوبصورت بال اور گال بھی دل کش ہوتے ہیں۔ چہرے پر عجیب سی فاتحانہ جھلک دکھائی دیتی ہے۔ طویل قد، چوڑے شانے اور متناسب نقوش کے مالک یہ لوگ ایک ملاقات کے بعد اپنا سحر چھوڑ جاتے ہیں۔ ان کی چال بہت پروقار ہوتی ہے۔ ان کی شخصیت کی سحر انگیزی محفل میں لوگوں کی توجہ اسد پر مرکوز کر دیتی ہے۔ اور موضوع محفل اسد لوگ ہی بن جاتے ہیں کیونکہ یہ اپنے لباس، چال ڈھال، انداز تکلم غرض کہ ہر چیز کا خیال رکھتے ہیں۔ خوبصورت نظر آنا اور تعریف سننا پسند کرتے ہیں۔ لوگوں میں بیٹھ کر طبقاتی فرق کو مٹا دیتے ہیں اور دکھ درد شیئر کرتے ہیں۔ دست گیر و قدر شناس ہوتے ہیں۔ محفلوں میں جان ڈال دیتے ہیں۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

برج اسد کا علامتی نشان شیر ہے۔ شیر یعنی جنگل کا بادشاہ جس کی مالا سارا جنگل جپتا ہے اور حاکم کوکب شمس۔ شمس یعنی آسمان پر حاکم سیارہ، طاقت و توانائی کا منبع جس کی پوجا سے بھی دریغ نہیں کیا گیا۔ اسد افراد اپنے گرد و پیش میں حاکم ہوتے ہیں۔ کوئی چھوٹا کام یا ایسی ملازمت جہاں افسری کے چانس کم ہوں اسد کو پریشان و غیر مطمئن رکھتی ہے۔ وہ مزید سے مزید تر کی تلاش میں سرگرداں رہتا ہے۔ آگے سے آگے بڑھنا اور بلند تر نظر آنا اسد لوگوں کا خواب ہوتا ہے۔ جسے یقینی بنانے کی وہ ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ جب کام کرنے پر آئیں تو منزل سے پہلے رکتے نہیں لیکن منزل پر پہنچ کر اکثر کاہل اور سست ہو جاتے ہیں۔

یہ زندگی کو عام لوگوں کی طرح نہیں گزار سکتے۔ اس لئے کہ وہ پُراعتماد ہوتے ہیں کہ جب جو چاہیں پا سکتے ہیں۔ تعریف ان کے لیے مشین میں تیل کا کام دیتی ہے۔ تنقید اور مشورے ان کے لیے نئی راہیں کھولتے ہیں کیونکہ وہ قائد بننا چاہتے ہیں۔ پُرعزم لہجے میں منہ سے نکلی ہر بات تسلیم کروا کر رہتے ہیں۔ مدلل گفتگو کر کے

دوسرے کو لاجواب کر دینا چاہتے ہیں۔ ہر ذمہ داری کو قبول کرنے کے لیے تیار رہتے ہیں کہ کہیں انہیں اپنی دانش مندی' بڑائی اور برتری ثابت کرنے کا موقع مل جائے سعد حالات میں اسد امیر' طاقتور اور بااختیار ہوتے ہیں۔ کاروبار و محبت میں بھی کامیاب رہتے ہیں۔ نحس حالات میں زوال پذیری و آوارہ گردی کا شکار ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات مطلق العنان' جابر اور ظالم بھی ہو جاتے ہیں۔

صاف گو' وسیع القلب' سادہ لوح

اسد دوغلے پن سے پاک ہوتے ہیں اس لیے بے ضمیر لوگ انہیں بہت جلد دھوکہ دے لیتے ہیں ایسے میں اگر ان کے وقار کو دھچکا لگے تو ان کا غصہ جلال پر ہوتا ہے ورنہ وہ یہ سب کچھ بھلا دیتے ہیں۔ سخی ہوتے ہیں زیادہ دولت ان کے نزدیک طاقت ہے لیکن دولت کو زیادہ وقت تک سنبھالنا ان کے بس میں نہیں۔ خوشامد اور تعریفی کلمات اسد کے غصے کو خوشگوار موڈ میں بدل سکتے ہیں۔

پُر عزم' تخلیقی لوگ

پر عزم اسد کی فکر کا انداز مثبت اور تصور روشن پہلو کا حامل ہوتا ہے۔ یہ مقدر کے سکندر ہوتے ہیں۔ ان کا تخلیقی ذہن ہر کام میں جدت پیدا کر کے انہیں کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے۔ اسراف پسند اچھے کھانوں کے شوقین اور پر تعیش زندگی کی طرف مائل رہتے ہیں۔

شکست

اس لفظ سے اسد دور بھاگتے ہیں اور شکست کی صورت میں اپنے آپ پر الزام بالکل برداشت نہیں کر پاتے۔ ان کے خیال میں جو یہ کرتے اور کہتے ہیں بالکل ٹھیک ہے۔ زائد از ضرورت خود اعتمادی انہیں لے ڈوبتی ہے۔

فکر انگیز پہلو

اسد خود تو وفادار' پر خلوص' نڈر اور فیاض ہوتے ہیں۔ لیکن اکثر حاجت مند انہیں دھوکہ دے جاتے ہیں۔ مبالغہ آمیز تعریف و توصیف کے ذریعہ بہت سے لوگ ان سے خوب فائدے حاصل کرتے ہیں۔ آپ کو اس معاملے میں احتیاط کی ضرورت ہے۔ کہیں دوسرے کو بچاتے بچاتے آپ کی اپنی کشتی نہ ڈوب جائے۔ انا پسندی سے باز رہیے۔ کیونکہ یہ ذہنی کوفت کا باعث بنتی ہے۔ چھوٹی سی بات کو رائی کا پہاڑ بنا کر یہ اپنی صحت خراب کر بیٹھتے ہیں۔ جس سے آپ کے مشن بھی متاثر ہوتے ہیں۔ ذہنی پریشانی کے باعث دوسروں سے

تعلقات خراب ہونے لگتے ہیں۔

بعض اوقات خواہشات کا تجزیہ کیے بغیر ان کی تابعداری تکلیف و نقصان کا باعث بنتی ہے۔ ضروری نہیں ہر محفل میں آپ مرکز بنیں۔ آپ کی تعریف ہو لوگ آپ سے دبے رہیں۔ اس قسم کے جذبات' خیالات لوگوں میں آپ کے لیے نفرت اور دوری پیدا کرتے ہیں کیونکہ کوئی بھی آپ کی طرح محکوم و غلام بن کر نہیں رہنا چاہتا۔ احتیاط برتیں اپنے ساتھ اور دوسروں کے ساتھ بھی تبھی آپ خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔

اسد خواتین

خوبصورت' پروقار' نہایت عقلمند' آزادی پسند اور کھلی کتاب ہوتی ہیں۔ زندگی کے کسی معاملے یا مسئلے میں اسے ڈر خوف یا ان سے جڑے کسی احساس کی قطعاً پرواہ نہیں ہوتی۔ وہ پیچھے نہیں رہنا چاہتی اس لیے دوسروں کو ہٹا کر اپنا راستہ بنا لیتی ہے۔ دوسرے اپنی زندگی جیسے چاہیں گزاریں لیکن اسد خاتون یہ پسند نہیں کرتی کہ اس کی زندگی میں دخل دیا جائے کیونکہ وہ اپنی سلطنت کی شیر ہے اور شیر پھر شیر ہے۔ اسد خواتین جسمانی لحاظ سے بھی بہت مضبوط و خوبصورت جسم کی مالک ہوتی ہیں۔ شادی ان کے لیے کوئی مسئلہ نہیں۔ وفادار شریک حیات ہوتی ہیں لیکن جذبات میں آ کر شوہر کا انتخاب ساری عمر پریشانی کا باعث بن جاتا ہے۔ اسد خواتین کو احساس برتری جتانے' تعریفیں سننے کا شوق سدا ہوتا ہے جو حلقہ احباب کے لیے بیزاری ہے۔ دوسروں کی طرف سے سرد مہری اسد خاتون کی وفاداریاں بھی کم کر دیتی ہے۔ اچھی مائیں اور سگھڑ گھریلو خواتین ہوتی ہیں۔

اسد مرد

پرشکوہ اور شاہانہ انداز کے مالک اسد لوگ پہلی ملاقات میں متاثر کن اثر چھوڑتے ہیں۔ دوستوں کے دوست ہوتے ہیں۔ ان کا نرم رویہ' پر ضیافت دعوتیں اور خوشامدی جذبہ دوسروں کے لیے ان سے کام نکلوانے اور چڑھانے میں کافی مددگار ثابت ہوتا ہے خوشامدی دوستوں کا یہ رویہ اسد کے لیے کافی نقصان دہ ثابت ہوتا ہے۔ اسد زندگی کے ہر میدان میں دوسروں سے آگے نکلنا چاہتے ہیں۔ چھا جانا اس کا خواب ہے صاف گو اور انا پرست ہوتے ہیں۔ نظر اندازی ان کے لیے زہر قاتل ہے۔ وہ ہر وقت متحرک رہتے ہیں۔ نئے سے نئے کام میں ہاتھ ڈالتے ہیں اور اکثر کامیاب رہتے ہیں۔ اس کے بعد ان پر سستی کا دورہ پڑ جاتا ہے۔ لیکن حکومت کا خواب انہیں پھر تازہ دم کر دیتا ہے۔ اسد عاشق مزاج بھی ہوتے ہیں۔ ضروری نہیں شادی کے بعد وہ کسی اور

عورت سے محبت نہ کریں۔ انھیں اپنے گھر اور بچوں سے بھی کافی لگاؤ ہوتا ہے۔

اسد بچے

اسد بچے طاقتور اور پھرتیلے ہوتے ہیں۔ کھیل کود میں شوق سے حصہ لیتے ہیں۔ بے حد حساس، تحکمانہ اور دکھاوے کی طرف مائل ہوتے ہیں۔ آزادی کا غلط استعمال انہیں غلط راستوں پر لگا دیتا ہے۔ والدین کو چاہیے کہ وہ اسد بچے کی تربیت میں یہ روش اختیار رکھیں کہ اچھے کام پر تعریف خود بخود ملتی ہے۔ تالیوں کی گونج حقیقی خوشی نہیں دے پاتی۔ اسد بچوں کی ذہانت ان کی تربیت والدین واساتذہ کو مشکلات میں مبتلا نہیں کرتی۔ لیکن اگر والدین اور اسد بچوں کے اساتذہ یہ چاہتے ہیں کہ جو کچھ انہیں بتایا گیا ہے بچہ اس کا عملی نمونہ ہو تو اس کے لیے انہیں خود کو بطور مثال پیش کرنا ہوگا۔ کیونکہ اسد بچہ آئیڈیل ازم کا شکار ہے وہ ہدایت دینے والے میں وہ تمام خوبیاں دیکھنا چاہتا ہے۔ اسد بچہ صابر، فرمانبردار، مہذب اور پرجوش ہوتا ہے۔ مصروف رکھنا اس کی قوتوں کے استعمال کا مثبت حل ہے۔

برج اسد کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج اسد برج حمل کے ساتھ

اسد مرد حمل عورت

آپ کی حمل زوجہ دل سے آپ کی صلاحیتوں کی قدر کرتی ہیں۔ قدم قدم پر آپ کی مدد کرتی ہے۔ لیکن آپ کو کسی اور عورت کے ساتھ سننا یا دیکھنا حمل کے مزاج میں برہمی کا باعث ہوگا۔ آپ دونوں کی محبت اور خیالات کا ایک سمت بہاؤ خوبصورت و کامیاب زندگی تشکیل دیتے ہیں۔

اسد عورت حمل مرد

بہ حیثیت اسد عورت آپ کا حسن اور ذہانت و پھرتی حمل مرد کے لیے فائدہ مند ہیں۔ حمل آپ سے اس کے ہر کام میں مدد کی توقع رکھتا ہے۔ حمل مرد کے لیے حاکم بن کر رہنا ناممکن ہے۔ اسد کو چاہیے کہ وہ ہر طرح سے زندگی کی پھرتی میں حمل کا ساتھ دے وہ فلرٹ کرنے والے نہیں ہوتے ایک دوسرے کو سمجھنے کی کوشش خوشگوار زندگی کا باعث ہے۔

برج اسد برج ثور کے ساتھ

اسد مرد ثور عورت

اسد صاحب آپ کی زوجہ آپ کے مقاصد میں برق رفتار عملی ساتھ تو نہیں دے سکتی لیکن بدترین حالات میں بھی آپ کا ساتھ نہ چھوڑے گی۔ آپ کی محبت اور نرم رویہ اسے آپ کے لیے وفا کی دیوی بنا دیتا ہے۔ آپ سربراہ تو ہیں لیکن ثور پر روک ٹوک ان کی قوت برداشت ختم کر دے گی احتیاط کریں۔ مل جل کر زندگی گزارنا فائدہ مند ہے۔

اسد عورت ثور مرد

آپ کے شریک سفر ہر کام اور فیصلہ سوچ سمجھ کر کرتے ہیں۔ جھنجھلایئے مت کیونکہ سوچ سمجھ کر اٹھایا گیا

قدم عجلت میں اٹھائے غلط قدم سے بہتر ہے۔ ثور پر حکمرانی کا خواب آپ کو پچھتاوے میں مبتلا کر دے گا۔ گھر پر دھیان دیں یہاں آپ ثور کا دل جیت سکتی ہیں۔ ثور بھی ہر مسئلے میں آپ کی مدد کرتا ہے۔

برج اسد برج جوزا کے ساتھ

اسد مرد جوزا عورت

جوزا میں اسد جیسی پھرتی تو نہیں لیکن جوزا اس کتاب کو نہایت آسانی سے پڑھ لیتی ہے۔ اس کے نت نئے کام اور کامیابی بعض اوقات آپ کو ورطہ حیرت میں مبتلا کر دیتے ہیں۔ جوزا وفادار بیوی ہے اور آپ سے بھی وفاداری کی امید رکھتی ہے۔

اسد عورت جوزا مرد

آپ کو خوش ہونا چاہیے کہ آپ کی کشتی کا کپتان جوزا ہے اس کی منصوبہ بندیوں پر عمل آپ کے لیے فائدہ مند ہے۔ جوزا کی ذہانت اور حاضر جوابی عام خواتین کو جتائے کشش رکھتی ہیں لیکن آپ اسد کے لیے خوشگوار شریک سفر ہیں۔ آپ دونوں کو دوستوں کی پر تکلف ضیافتیں سجانے کا شوق ہے۔

برج اسد برج سرطان کے ساتھ

اسد مرد سرطان عورت

سرطان کا موڈ لمحہ بہ لمحہ بدلتا رہتا ہے۔ اسے تحفظ و محبت کا احساس دلائیں۔ اپنی ضیافتوں اور شاہ خرچیوں پر کنٹرول کریں کیونکہ سرطان انہیں فضول خرچی سمجھتی ہے۔ آپ کی نظر عنایت سرطان کو صرف اور صرف آپ کا بنا دیتی ہے۔

اسد عورت سرطان مرد

سرطان شریک زندگی آپ سے نہایت وفادار ہیں اخراجات انہیں کے ہاتھ میں رہنے دیں۔ اُن کے کاموں اور فیصلوں پر خوشی کا اظہار سرطان کو بھی خوش رکھتا ہے گھر کو پرسکون اور خوبصورت رکھیں کیونکہ یہ سرطان کی محفوظ ترین پناہ گاہ ہے۔

برج اسد برج اسد کے ساتھ

اسد مرد اسد عورت

جناب اپنے دل سے شکوک وشبہات نکال دیں۔ اسد زوجہ آپ کو پریشان کردے گی اس کے حاسدانہ جذبات کے تحت آپ بہت سی خواتین کے بارے میں جھوٹی پچی افواہیں سنتے رہیں گے۔ اسے تحفظ دیتے رہیں۔ بزنس میں اس کی موجودگی کامیابی ہے۔

اسد عورت اسد مرد

آپ دونوں حکمران رہنا چاہتے ہیں ایک دوسرے اور حلقہ احباب کی کامیابیوں سے خوش ہوتے ہیں۔ بہتر ہے کہ اپنے اپنے علاقوں کا تعین کرلیں اور ایک دوسرے کو تسلیم بھی کریں کیونکہ ایک جنگل میں دو شیر نہیں رہ سکتے۔

برج اسد برج سنبلہ کے ساتھ

اسد مرد سنبلہ عورت

سنبلہ کو سمجھنا بہت مشکل ہے۔ وہ ہر لمحہ آپ کو کمرہ امتحان میں رکھتی ہے۔ سنبلہ کو تنقید پسند نہیں اس کی باتیں سنتے رہیں لیکن حکمت عملی اپنی قائم رکھیں۔ جھوٹ سے اجتناب کریں وہ ایک دم آپ کو چھوڑ کر جاسکتی ہے۔ ایک دوسرے کو سمجھیں۔ آپ اچھی زندگی گزار سکتے ہیں۔

اسد عورت سنبلہ مرد

آپ کے سنبلہ شوہر ہمدرد تنہائی پسند شخصیت ہیں۔ غل غپاڑہ بھی ان کی تنہائی میں داخل نہیں ہو پاتا۔ اس کے لیے زیادہ محفلیں نہ سجائیں۔ فریب وریاکاری سنبلہ کو بے چین کر دیتی ہے۔

برج اسد برج میزان کے ساتھ

اسد مرد میزان عورت

آپ کی میزان زوجہ ہمیشہ آپ کا حوصلہ بڑھاتی ہے۔ میزان عورت آپ کے ساتھ صاف ستھرے گھریلو لذیذ کھانے اور مدلل گفتگو پر مشتمل زندگی گزارتی ہے۔ جو اصل میں آپ کی دلی خواہش ہے۔ آپ کی محبت اور اس کی کاوشوں پر تعریف اسے حیات کو بخشتی ہے۔

اسد عورت میزان مرد

بحیثیت اسد عورت آپ کو چاہیے کہ کوئی بھی غلط فہمی پیدا ہونے کی صورت میں بات چیت کریں کیونکہ

میزان آپ سے دلی محبت کرتا ہے۔ لمحہ بھر کی غلطی طویل اختلافات کا باعث بن سکتی ہے۔ وہ امن اور صلح چاہتا ہے آپ کا بہتر رویہ اس کے لیے قابل احترام ہے۔

برج اسد برج عقرب کے ساتھ

اسد مرد عقرب عورت

عقرب عورت کے ساتھ رہتے ہوئے اسے بدگمانی اور شکوک کا موقع نہ دیں وہ بدلہ بڑا ٹھیک ٹھاک لے گی۔ لیکن عقرب زوجہ آپ کی عزت و ناموس کی مکمل راز دان ہے۔ اسے سمجھنے کی کوشش کریں اس کا راستہ نہ کاٹیں وہ کبھی آپ کو تنگ نہیں کرے گی۔

اسد عورت عقرب مرد

اسد بیوی کا کام ہے کہ عقرب کی حمایت حاصل کرنے کے طریقوں پر غور کرے کیونکہ وہ غصہ کا بادشاہ ہے اور نا کبھی سننا نہیں چاہتا۔ شیر کی چنگھاڑ اور عقرب کا وحشی پن جاگ اٹھا تو بہت برا ہوگا۔ آپ کی ذہانت عقرب کو قابو میں کر سکتی ہے۔ وہ ایک کامیاب آدمی ہے۔

برج اسد برج قوس کے ساتھ

اسد مرد قوس عورت

قوس کھلنڈرے پن اور احساس ذمہ داری کا حسین امتزاج ہے۔ اس کی باتوں کا برا نہ منائیں وہ صاف گو ہے۔ اس کی زبان درازی پر آپ محبت سے قابو پا سکتے ہیں اسے سیر و تفریح کرواتے رہیں۔ ضرورت کے وقت وہ آپ کو مفید اور کامیاب مشوروں سے نوازتی ہے۔

اسد عورت قوس مرد

قوس ہمدرد اور دوستانہ طبیعت کا مالک ہے اور آپ سے بھی روشن خیالی کی توقع کرتا ہے۔ سیر و تفریح آپ دونوں کا شوق ہے لیکن قوس گھر میں دلچسپی نہیں لیتا۔ اسد زوجہ اس بارے میں اصرار نہ ہی کرے تو بہتر ہے۔ مجموعی طور پر آپ خوشگوار زندگی گزارتے ہیں۔

برج اسد برج جدی کے ساتھ

اسد مرد جدی عورت

جدی عورت کا اسد شریک زندگی اگر حصول کامیابی میں کوشاں رہے تو وہ زیادہ لگاؤ سے اسد کو مفید مشورے دیتی ہے۔ ورنہ شوہر اس کے لیے قابل نظر انداز شے ہے۔ جدی اچھی گھریلو خاتون ثابت ہوتی ہے۔ شرط صرف خاوند کی طرف سے تسلی اور سکون ہے۔

اسد عورت جدی مرد

جدی خاوند آپ کی طرح کامیاب زندگی گزارنا تو چاہتا ہے۔ لیکن اقدار کی روایات پر چلتے ہوئے۔ جبکہ آپ روز نئے طریقے ایجاد کرتی ہیں۔ جدی مرد کو پرسکون گھریلو ماحول کی اشد ضرورت ہوتی ہے۔ آپ اس کا دل اپنی ذہانت اور سگھڑ پن کے ذریعے جیت سکتی ہے۔

برج اسد برج دلو کے ساتھ

اسد مرد دلو عورت

دلو خاتون آج سے پچاس سال آگے کا سوچتی ہے۔ اس کی سوچ بہت پیچیدہ ہے قابل ستائش تو ہے لیکن قابل عمل نہیں کیونکہ یہ خیالات بہت حیرت انگیز ہوتے ہیں۔ آپ کی حوصلہ افزائی اسے گھر اور سماج میں کامیاب بناتی ہے اور وہ آپ کے آرام و خوشی کا مکمل خیال رکھتی ہے۔

اسد عورت دلو مرد

آپ دو متضاد شخصیتیں ہیں۔ لیکن آپ کے ارادے یکساں ہیں۔ اسد کی گرم جوشی اور دلو کی مقصدیت اچھے نتائج چھوڑتی ہے۔ اگر اسد عورت یہ خیال چھوڑ دے کہ شوہر بس اسی کا ہو کر رہے اور دلو جذبہ رقابت کو دل سے نکال دے تو بہت خوبصورت اور رشک آمیز زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج اسد برج حوت کے ساتھ

اسد مرد حوت عورت

حوت ظاہری و باطنی صفات کا مجموعہ ہے اور آپ بھی اس کے معیار پر پورے اترتے ہیں۔ وہ آپ کو حکمران ماننے کے مخالف نہیں لیکن آپ کی غفلت اور لاپرواہی اس کا دل توڑ دیتی ہے۔ لیکن پھر بھی وہ اس کی عزت، گھر اور بچوں کا ہر طرح خیال رکھتی ہے

حوت مرد اسد عورت

اسد عورت کی متوقع امیدیں اور تسکین ہو تو وہ حوت مرد کی لاجواب رفیق ثابت ہو گی۔ شاہانہ مزاج اس عورت کی نسبت حوت مرد نرم دل ہوتا ہے۔ یوں دونوں کی جوڑی ایک دوسرے کے لیے خوشیوں اور مسرتوں کا خزانہ لیے ہوئے ہوتی ہے۔

برج سنبلہ



عرصہ	۲۱ اگست تا ۲۰ ستمبر
حروف	پ، غ
حاکم کوکب	عطارد
عنصر	خاکی
ماہیت	ذوجسدین
حصہ جسم	انتڑیاں
موافق نگینہ	زمرد، ہیرا، موتی
موافق دن	بدھ
موافق نمبر	5
موافق رنگ	سبز، بنفشی، سیاہ
موافق پھول	کنول
موافق شریک کار	حوت
موافق افراد	سرطان، عقرب
ناموافق افراد	جوزا، قوس
بائیوکیمک نمک	کالی سلف

ظاھری شخصیت

سنبلہ لوگ عام طور پر دوسرے بروج کے تحت پیدا ہونے والے لوگوں سے بالکل مختلف نظر آتے ہیں۔ انہیں محفل یا تنہائی میں ہر جگہ آسانی سے تلاش کیا جاسکتا ہے۔ پھرتیلے اور سمارٹ جسم کے یہ لوگ اکثر اپنی ذات میں گم رہتے ہیں۔ ان کے چہرے کے نقش ونگار فطرت کی کاریگری کی جھلک ہوتے ہیں۔ پرکشش وشفاف آنکھوں کے مالک سنبلہ لوگ دوسرے کو جلد ہی متاثر کر لیتے ہیں۔ اونچی پیشانی' بھورے بال' چوڑے شانے' خوبصورت ناک اور ہونٹ انہیں بعض اوقات مغرور بھی بنا دیتے ہیں۔ ان سے ملنے پر آپ سمجھیں گے کہ شاید ساری دنیا کا غم انہی کی ذات میں پنہاں ہے۔ حالانکہ ایسا ہوتا نہیں۔ ناپسندیدہ تفریحات' پارٹیز یا کاموں سے بچنے کے لیے یہ لوگ اپنے آپ کو مصروف رکھ کر بچ نکلنے کا فن بہت خوب جانتے ہیں۔ سنبلہ مرد وعورت میں صنفی وجاہت بہ درجہ اتم پائی جاتی ہے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

سنبلہ افراد اپنی زندگی چند اصولوں کے تحت بسر کرتے ہیں ان میں سب سے پہلے تو یہ کہ وہ بے مقصد پارٹی میں جانے پر آفس میں بیٹھ کر کام کرنے کو ترجیح دیں گے۔ کام میں نظم وضبط کا دامن نہیں چھوڑتے۔ مشکل وقت کے لیے پیسہ جمع ضرور کرتے ہیں لیکن دوسروں کو نہیں بتاتے۔ کام وہی پسند کرتے ہیں جو دل چاہے یا جس میں خود کو ایڈجسٹ کر سکیں۔ زبردستی یا جبراً کام کرنا ان کی ڈائری میں نہیں۔ سنبلہ مرد وعورت صلے کے خواہش مند رہتے ہیں۔ اس سے ان کا حوصلہ بڑھتا ہے۔ ان کے ساتھ ایک معمہ ہے کہ یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ ان کی سوچ اور اس کے نتیجے میں ہونے والے عمل کوئی اور نہیں کر سکتا۔ زائد از ضرورت خود اعتمادی بعض اوقات انہیں لے ڈوبتی ہے۔ یہ ایسے شعبوں میں جانا پسند کرتے ہیں جہاں بحث وتمحیص سے کام لیا جائے کیونکہ بحث کے بغیر تنقیدی سنبلہ رہ نہیں سکتے۔ صاف گھر اور سلیقہ مند بچے سنبلہ کا خواب ہوتے ہیں۔ پس پردہ رہ کر دوسروں کی مدد کرنا چاہتے ہیں اور ہر وقت خوشی کی تلاش میں رہتے ہیں۔

متحمل مزاج و منطقی ذہن

دوسروں سے بہت جلد متاثر ہو کر فیصلہ کرنے میں تذبذب کا شکار ہو جاتے ہیں۔ متحمل مزاج اور ماحول میں ڈھل جانے والے سنبلہ مدلل اور متاثر کن گفتگو اور عمل کرتے ہیں۔ حساس دل کے مالک سنبلہ عمر کے ہر حصے میں محبت کو غیر معمولی اہمیت دیتے ہیں۔

معیار زندگی پر سمجھوتہ

تمام خواہشات بادشاہوں کی بھی شرمندہ تعبیر نہیں ہو پاتیں' تو زندگی اس ڈھنگ پر گزارنا جس کی سنبلہ خواہش کرتے ہیں ممکن نہیں۔ انفرادیت اور انا پرستی کا بھوت انہیں دوستوں سے کاٹ کر کامیابی سے بہت دور کر دیتا ہے۔ ورنہ یہ بہت جلد بہت زیادہ ترقی کر سکتے ہیں۔

کفایت شعاری' خود انحصاری و وفاداری

سنبلہ مشکل وقت کے لیے روپیہ بچا کر رکھتے ہیں' نہایت وفادار اور مخلص و راست گو ہوتے ہیں۔ خود انحصاری کی عادت انہیں کبھی کسی کے آگے جھکنے نہیں دیتی۔

فکر انگیز پہلو

سنبلہ لوگ سوچنے میں بہت وقت ضائع کرتے ہیں۔ اگر جلد فیصلہ کر کے عمل کیا جائے تو اپنی قدر و قیمت میں بھی اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ مستقل مزاجی ہی انہیں کامیاب کر سکتی ہے۔ کسی بھی معاملے میں حد سے زیادہ خود اعتمادی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اور اکثر جذبات کی رو میں بہہ کر غلط قدم اٹھا لیتے ہیں جو درست نہیں۔ غرور کی عادت انہیں دوسروں سے دور کر دیتی ہے۔ بعض اوقات سخاوت و محبت کے پاکیزہ جذبات کا اُمڈ آنا بھی بے وقوفانہ ردعمل کا باعث بنتا ہے۔ اس لیے سنبلہ کو چاہیے کہ اپنے آپ پر کنٹرول کرنا سیکھیں۔ دولت مند ہوتے ہوئے فقراء کا سوال پورا کرنے کی بجائے اس شخص کی مدد کرنا جو کسی کام آ سکے لوگوں کی نظر میں سنبلہ کو خود غرض مشہور کر دیتا ہے۔ انہیں چاہیے کہ اپنی صحت کی حفاظت کریں۔ کیونکہ سنبلہ ورزش وغیرہ اس لیے نہیں کرتے کہ جسم کی ضرورت ہے بلکہ مطمع نظر ورزش کے ذریعے وقتی طور پر ہلکا پھلکا محسوس کرنا ہوتا ہے۔ معدہ' جگر اور پاؤں کی خاص طور پر حفاظت کریں۔

سنبلہ خواتین

برج سنبلہ کا علامتی نشان کنواری دوشیزہ ہے۔ جس کے ہاتھ میں گندم یا سنبل کی شاخ ہے۔ نازک اندام شرم وحیاء کا پیکر۔ سنبلہ عورت ہر کام سوچ سمجھ کر کرنے کی عادی ہوتی ہے۔ جو وہ کر رہی ہے ٹھیک ہے یہ اطمینان اس کی ذہنی تسکین کا باعث ہے۔ لیکن غلطی کی صورت میں سنبلہ عام خواتین کی طرح قسمت کی بجائے اپنے آپ کو قصوروار سمجھتی ہے۔ خیال رہے کہ محفل میں اگر کوئی اسے اس کی غلطی کا احساس دلا دے تو وہ سیخ پا ہو جاتی ہے۔ سنبلہ محبت کے معاملے میں وفادار رہتی ہے لیکن اگر اسے احساس ہو جائے کہ اس کا شریک حیات سے محبت نہیں کرتا تو وہ علیحدگی سے گریز نہیں کرتی کیونکہ وہ خوش رہنا اور رکھنا چاہتی ہے۔ بعض اوقات اپنے آپ کو داؤ پر لگا کر۔ سنبلہ خاتون کی پرکشش شخصیت جنس مخالف کے لیے باعث کشش ہوتی ہے۔ لیکن سنبلہ پہلی نظر کی محبت پر یقین نہیں رکھتی۔ گھر کو خوبصورت اور پرآسائش آرام وہ رکھتی ہے۔ بچوں سے بھی بہت اچھا رویہ رکھتی ہے۔ اگر سنبلہ خواتین کے شوہر ان کی ہر غلطی پر قصوروار اپنے آپ کو یا کم از کم انہیں نہ ٹھہرائیں تو ان کا گھر بچ سکتا ہے۔

سنبلہ مرد

سنبلہ مرد گھریلو زندگی سے محبت کرتا ہے۔ کسی بھی قسم کے اختلافات کی صورت میں بات چیت بہتر سمجھتا ہے۔ شک برداشت نہیں کر پاتا۔ زندگی کی تلخ حقیقتوں سے ہر لحظہ نمٹنے کو تیار رہتا ہے۔ عملی انسان ہوتا ہے۔ استدلال ومنطق سے کام لیتا ہے۔ ماحول کے مطابق اکثر اپنے آپ کو ڈھال لیتا ہے۔ اپنی صحت کا خاص طور پر خیال رکھتا ہے۔ ہر وقت اپنی ذات کا تجزیہ کرتا رہتا ہے۔ منہ پھٹ قسم کا واقع ہوتا ہے۔ روک ٹوک سے نفرت کرتا ہے۔ شادی اکثر دیر سے کرتا ہے کیونکہ وہ ہر قدم سوچ سمجھ کر اور مستقبل میں ہر کام کی منصوبہ بندی کے بعد اٹھاتا ہے۔ سنبلہ اپنی زوجہ پر اپنے نظریات تھوپنے کی کوشش کرتا ہے۔ ناکامی کی صورت میں علیحدگی اور کامیابی کی صورت میں زندگی کی چھوٹی سے چھوٹی خوشی کو بھی اپنے خاندان کے ساتھ بڑھ چڑھ کر مناتا ہے۔ نقاد، حساب دان، ماہر نفسیات، استاد بن کر کامیاب رہ سکتا ہے۔ اچھا شوہر اور محبت کرنے والا باپ ثابت ہوتا ہے۔

سنبلہ بچہ

سنبلہ بچے معتدل مزاج' ذہین اور شریف النفس ہوتے ہیں لیکن تربیت اور ماحول کے اثرات ان کی شخصیت میں تبدیلیوں کا باعث بنتے ہیں۔ سنبلہ بچہ کافی حد تک خیال ہوتا ہے۔ یہ اپنی مدد آپ کے تحت گر کر سہارے کی بجائے اپنے پیروں پر کھڑا ہونے کی کوشش کرتا ہے۔ سلیقہ مند اور صفائی پسند بھی ہوتا ہے۔ اس لیے سنبلہ بچے کے والدین اور اساتذہ کو اس کی تربیت کے لیے زیادہ محنت نہیں کرنا پڑتی۔ شوق' احتیاط اور احساس ذمہ داری' استاد کے بتائے ہر سبق کو یاد کرنے میں مدد دیتی ہے اور والدین کے لیے بھی ڈانٹ کر سمجھانے کی بجائے آرام سے بٹھا کر پیار سے سکھانا بہتر ثابت ہوتا ہے۔ لیکن غلطیوں پر ڈانٹ اور بے جا روک ٹوک سنبلہ کو راہ راست سے ہٹا کر انجانی منزلوں پر گامزن کر سکتی ہے۔ سنبلہ بچے کو کوئی ایسی چیز نہ کھانے دیں جو اس کے معدے کو متاثر کرے۔ احتیاط ضروری ہے۔

برج سنبلہ کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج سنبلہ برج حمل کے ساتھ

سنبلہ مرد حمل عورت

سنبلہ اور حمل کی طبیعتوں میں کافی تضاد ہے اور حمل کا سنبلہ پر قابو بھی ممکن ہے۔ بیشک حمل کی منصوبہ بندی بہتر ہوتی ہے۔ لیکن پھر بھی سنبلہ کو نگاہ رکھنی چاہیے۔ حمل بہترین گھریلو عورت ثابت ہوتی ہے اور آپ کی تعریف و محبت حمل کو آپ کا غلام بنائے رکھتی ہے۔

سنبلہ عورت حمل مرد

سنبلہ زندگی میں محبت کی متلاشی ہے حمل کی کم گوئی و شاہ خرچی اسے جھنجھلا دیتی ہے۔ حمل مرد اپنی عجلت پسندی کی عادت میں ہر کام میں سنبلہ کا ساتھ چاہتا ہے لیکن سنبلہ کی فہم و ادراک کے بعد قدم اٹھانے کی عادت ان میں اختلافات پیدا کرسکتی ہے۔ اپنی طبیعتوں میں ٹھہراؤ پیدا کرکے یہ دونوں خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج سنبلہ برج ثور کے ساتھ

سنبلہ مرد ثور عورت

آپ کی ثور شریک حیات میں آپ کو سمجھنے کی تمام خصوصیات ہیں۔ وہ آپ کی سستی پر خفا نہیں لیکن محبت میں شراکت ثور کی برداشت سے باہر ہے وہ آپ کے ساتھ کچھ بھی کرسکتی ہے۔ اس لیے احتیاط ضروری ہے۔

سنبلہ عورت ثور مرد

سنبلہ کے ثور شوہر بہت محبت کرنے والے ہیں۔ وہ سنبلہ کو بھرپور تحفظ فراہم کرتا ہے۔ آپ دونوں کی خواہش ہے کہ آپ کو سمجھا جائے۔ ازدواجی زندگی میں آپ کی یہی خاصیت موزوں زندگی کا خاصہ بنتی ہے۔

برج سنبلہ برج جوزا کے ساتھ

سنبلہ مرد جوزا عورت

آپ کی جوزا شریک حیات ہر قدم پر آپ کا ساتھ دیتی ہے اور اس کی عادات آپ کے لیے باعث خوشی ہیں۔ وہ آپ کو کبھی مایوس کرنا نہیں چاہتی۔ آپ کی حوصلہ افزائی اسے حیات نو بخشتی ہے۔

سنبلہ عورت جوزا مرد

سنبلہ کے لیے جوزا ایک خوش قسمتی ہے۔ اول تو جوزا کی ذہانت و حاضر جوابی ہی بہت ہے اور ایسا نہ ہو تو سنبلہ کی منطقی ذہانت اسے مدد پہنچانے کا باعث بنتی ہے۔ بیوی کی محبت جوزا کو انتہائی خوش رکھتی ہے اور جوزا بھی شریک حیات کو ہر آسائش پہنچانے کی کوشش کرتا ہے۔

برج سنبلہ برج سرطان کے ساتھ

سنبلہ مرد سرطان عورت

سرطان بیوی آپ کی محبت اور تحفظ کی طالب ہے ان دونوں باتوں کا یقین ہو جانے پر وہ آپ کے پیر دھو دھو پیئے گی۔ اس کے لیے آپ کو ہر اس بات کا خیال رکھنا ہے جو سرطان کو ناپسند ہے۔ تبھی آپ خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔

سنبلہ عورت سرطان مرد

سرطان کی کام کرنے کی لگن سنبلہ کو راحت بخشتی ہے۔ سرطان مرد سنبلہ کی وفاداریوں کے صلے میں کبھی کسی دوسری عورت میں دلچسپی نہیں لیتا۔ سنبلہ کو چاہیے کہ سرطان کی والدہ سے تعلقات اچھے رکھے۔ یہی سنبلہ اور سرطان کے اچھے تعلقات کا باعث بھی بن سکتا ہے۔

برج سنبلہ برج اسد کے ساتھ

سنبلہ مرد اسد عورت

اسد کی عجلت پسندی اور نخرے سنبلہ کو کافی پریشان رکھتے ہیں۔ اسد کی خوشی سیر و تفریح اور شاپنگ وغیرہ میں ہے۔ سنبلہ تحائف اور تعریف کے ذریعے انہیں خوش اور اپنے قابو میں رکھ سکتے ہیں۔ اسد کی سنبلہ کے ساتھ میٹنگ اور بزنس وغیرہ میں موجودگی کامیابی کی ضمانت ہے۔

سنبلہ عورت اسد مرد

اسد جارحانہ طبیعت کا مالک ہے۔ اسے گھر کا حاکم تسلیم کرلیں اور پھر اس کی نوازشات دیکھیں۔

خوبصورت گھر و پرسکون ماحول مہیا کر کے سنبلہ اسد کا دل جیت سکتی ہے۔ روزمرہ زندگی میں تعاون و مفاہمت بہترین زندگی کا باعث بن سکتی ہے۔

برج سنبلہ برج سنبلہ کے ساتھ

سنبلہ عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد ٹھنڈے مزاج کا حامل ہے۔ وہ اپنے دل کی بات فوراً نہیں بلکہ اطمینان ہو جانے کے بعد افشا کرنے کا عادی ہے۔ اگر آپ اسے صاف ستھرا گھر اور بااخلاق بچوں سے نوازیں تو آپ سوچ سے زیادہ کامیاب زندگی گزار سکتی ہیں۔

سنبلہ مرد سنبلہ عورت

سنبلہ زوجہ ایک پیچیدہ سوال ہے جسے آپ لاکھ دعوی سے بھی نہیں سمجھ سکتے۔ اسے اپنا ہر فیصلہ درست سمجھنے کا شوق ہے۔ آپ اس کی ہاں میں ہاں ملاتے رہیں وہ خوش رہے گی۔ سنبلہ بیوی کبھی آپ سے بے وفائی نہیں کرتی بشرطیکہ اسے آپ پر شک نہ ہو جائے۔

برج سنبلہ برج میزان کے ساتھ

سنبلہ مرد میزان عورت

میزان تغیر پسند عورت ہے۔ اس کا موڈ آئے دن بدلتا رہتا ہے۔ غلطی کی صورت میں مورد الزام بھی آپ کو ٹھہراتی ہے اگر آپ ملزم بن جائیں تو وہ آپ کی خواہشات کا بھی احترام کرتی ہے۔ افہام و تفہیم کے ذریعے آپ کامیاب زندگی گزار سکتے ہیں۔

سنبلہ عورت میزان مرد

آپ فیصلہ کرنے میں میزان مرد کی بہت مدد کرتی ہیں۔ جو باعث مسرت ہے۔ اسے حقیقت کی دنیا میں لاکر ہی آپ خوش و خرم زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج سنبلہ برج عقرب کے ساتھ

سنبلہ مرد عقرب عورت

عقرب کے ہر لہجے میں حقیقت ہوتی ہے۔ اس کی بات پر اختلاف نہ کر کے سنبلہ اس کا دل جیت سکتا

ہے۔ بیرونی زندگی میں سنبلہ کی ترقی کے لیے عقرب بہت مدد کرتی ہے اور ہر قسم کے حالات میں وفاداری کا مظاہرہ کرتی ہے۔

سنبلہ عورت عقرب مرد

شریک حیات خوب رو ہونے کے ساتھ خطرناک بھی ہے۔اس کا انتقام اور منہ پھٹ طبیعت بہت مشہور ہے لیکن سنبلہ اپنی صلاحیتوں سے حالات کو خوشگوار ماحول دے سکتی ہے۔ عقرب کا راستہ کبھی مت کاٹیں وہ اچھے انسان کے طور پر سامنے آئے گا۔

برج سنبلہ برج قوس کے ساتھ

سنبلہ مرد قوس عورت

سنبلہ کے لیے عجیب سی صورتحال ہے۔ قوس کی صاف اور کھری طبیعت سنبلہ کو دوستوں سے محروم کرتی ہے۔ لیکن ایک دیانت دار اور قابل اعتماد شریک زندگی بھی عطا کرتی ہے۔ سنبلہ کو چاہیے کہ اسے سیر و تفریح پر لے جائے یہ عمل خوشگوار ماحول پیدا کرتا ہے۔

سنبلہ عورت قوس مرد

آپ کے قوس شریک سفر خاوند کم اور دوست زیادہ ہیں۔ قوس کو آپ سے مضبوط ارادے اور اچھے فیصلوں کی توقع ہے۔ گھر سے قوس کو کوئی لگاؤ نہیں۔اس لیے دفتری کاموں میں آپ کا مشورہ قوس کو خوش کر دیتا ہے۔ قوس سنبلہ کو خوش رکھنے کے لیے سیر و تفریح کے پروگرام بناتا رہتا ہے۔

برج سنبلہ برج جدی کے ساتھ

سنبلہ مرد جدی عورت

جدی عورت کام کے لیے صحیح وقت کا انتظار کرتی ہے۔ اگر سنبلہ اس کے معیار سوچ پر پورا اترے تو وہ مکمل وفادار رہتی ہے۔ اس کی اور اس کے خاندان کے لیے سنبلہ کی طرف سے تعریف و توصیف جدی کا دل جیت لیتی ہے وہ ایک کفایت شعار خاتون ہے۔ آپ دونوں اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

سنبلہ عورت جدی مرد

آپ کے جدی شریک حیات ہر معاملے میں پُر سکون اور ٹھنڈے مزاج کا مظاہرہ کرتے ہیں۔ جدی

قیادت پسند ہے اور مستقبل پر نظر بھی رکھتا ہے۔ سنبلہ کے لیے اسے سربراہ تسلیم کرنا فائدہ مند ہے۔ سنبلہ کا سگھڑ پن جدی کے ساتھ مل کر بہترین زندگی کا باعث ہو سکتا ہے۔

برج سنبلہ برج دلو کے ساتھ

سنبلہ مرد دلو عورت

دلو مانند قوس قزح ہے جس کا ہر رنگ دھوکہ ہے۔ اس کا ذہن منصوبوں کا کارخانہ ہے لیکن اس کے منصوبے ہوتے غضب کے ہیں اور سنبلہ ان پر عمل کر کے کچھ بن سکتا ہے۔ دلو سے کسی بھی معاملے میں مکرو فریب نہ کریں۔ وہ آپ کے لیے وفا شعار اور ہمدرد زوجہ واقع ہوگی۔

سنبلہ عورت دلو مرد

دلو بہت کشادہ ذہن واقع ہوا ہے۔ جو کچھ سنبلہ کرنا چاہتی ہے دلو کو اس پر اعتراض نہیں ہوتا۔ سنبلہ دلو کو خوابوں کی دنیا سے باہر لا سکتی ہے۔ سنبلہ خرچ اپنے ہاتھ میں رکھے۔ اپنے غصہ پر قابو رکھ کر دونوں اچھی زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج سنبلہ برج حوت کے ساتھ

سنبلہ مرد حوت عورت

اگر سنبلہ حوت کی ذہانت اور سگھڑ پن کو مان لے تو حوت بھی سنبلہ کو گھر کا حاکم ماننے میں کتراتی نہیں وہ سنبلہ کو بہت مفید مشورے بھی دیتی ہے۔ حوت چھوٹی چھوٹی خوشیاں منانا چاہتی ہے۔ آپ کا مناسب رویہ گھر کو جنت کا ٹکڑا بنا سکتا ہے۔

سنبلہ عورت حوت مرد

حوت مرد اپنے خیالات کے اظہار کی بجائے خاموشی کو ترجیح دیتا ہے۔ سنبلہ کبھی اس کے جذبات کو ٹھیس نہ پہنچائے تو حوت اس کا ہر مسئلہ بہت ہمدردی وانہماک سے سنتا ہے۔ حوت اچھی اور مستحکم زندگی کے لیے ہمیشہ کوشاں رہتا ہے۔ سنبلہ کی حوصلہ افزائی بہترین خوشگوار زندگی کا باعث بن سکتی ہے۔

برج میزان



عرصہ	۲۱ ستمبر تا ۲۰ اکتوبر
حروف	ر، ت، ط
حاکم کوکب	زہرہ
عنصر	بادی
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	چوتڑوں کا حصہ
موافق نگینہ	نیلم، موتی، بلور
موافق دن	جمعہ
موافق نمبر	6
موافق رنگ	سفید، ہلکا زرد، ہلکا سبز
موافق پھول	گلاب
موافق شریک کار	حمل
موافق افراد	اسد، قوس
ناموافق افراد	سرطان، جدی
بائیو کیمک نمک	نیٹرم فاس

ظاہری شخصیت

میزان لوگ پرکشش شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ ہاتھ پاؤں اور چہرہ خوبصورت ہوتے ہیں۔ بال قدرے سیاہ اور جسم فربہ ہوتا ہے۔ خوبصورت نظر آنا بھی پسند کرتے ہیں کیونکہ قدرے عشق و عاشقی میں بھی مبتلا رہتے ہیں۔ ہر ایک سے دوستی رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لوگوں میں آ کر خوشی محسوس کرتے ہیں۔ میزان افراد کی ایک اور خوبی یہ ہے کہ یہ اپنی شیریں گفتگو سے اپنوں حتیٰ کہ مخالفین کا بھی دل جیت لینے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ میزان عورت اپنے جسمانی وقار اور کشش سے کام لینا بہت خوب جانتی ہے۔ میزان افراد بڑھاپے سے بہت خوف زدہ ہوتے ہیں۔ سر کا ایک سفید بال انھیں پریشان کر دیتا ہے۔ اپنے بارے میں بہت محتاط رہتے ہیں۔ گرم جوش، چارمنگ، بلند حوصلہ اور خوش باش، لیکن تھوڑا سا ڈیپریشن انھیں تنہائی میں لے جاتا ہے، اکثر میزان افراد صحت مند ہوتے ہیں، حسن شناس بھی ہوتے ہیں۔ ان کی شخصیت دوہرے پن کا بھی شکار ہوتی ہے۔ یعنی کسی کام میں چستی اور اسی لمحے دوسرے کام میں سستی کا شکار نظر آتے ہیں۔ ممکن ہے یہ رویہ ذاتی پسند و ناپسند کا ردعمل ہو، میزان افراد کا چہرہ تازہ، خوشگوار اور رومانوی تاثرات چھوڑتا ہے۔ یہ اپنے اردگرد اشیاء کی بے ڈھنگی پسند نہیں کرتے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

میزان کا برج بادی اور نعرہ ہے، میں صاحب امتیاز ہوں، علامتی نشان ترازو سے یہ نتیجہ اخذ کر لینا کہ یہ لوگ متوازن مزاج ہوں گے، درست نہیں ہے، دن کے کسی حصے میں وہ بہت خوش، متوازن مزاج اور خوبصورت لباس تن زیب کئے ہوں گے، اور اگلے ہی لمحے ڈیپریسڈ، بوکھلائے ہوئے اور جھگڑالو نظر آئیں گے۔ زندگی لوگوں میں رہ کر امن و صلح سے گزارنا چاہتے ہیں۔ میزان عورت اپنی ذات اور دوسروں کے درمیان توازن قائم رکھتی ہے۔ لیکن اپنے احساسات و جذبات کو چھپانا بھی ان کے اصولوں میں شامل ہوتا ہے، ان کی مہربان اور اچھی طبیعت وہ ہوتی ہے جو نظر آتی ہے، بظاہر تعاون کرنے والے نظر آنے کی کوشش کرتے ہیں۔ لیکن مسئلہ

کے حل کے بعد ضروری نہیں کہ وہ آپ کے لیے وقت نکالیں۔ ان کے قول و فعل میں تضاد رہتا ہے۔ رومینٹک طبیعت کے باعث ہر شے میں دلچسپی کا کھلا اظہار کرتے' انصاف پسند اور خوش رہنے کے طریقوں سے آشنا ہوتے ہیں۔ دوسروں کی اصلاح اور تحفے لینے دینے سے خوش ہوتے ہیں۔

تخیلاتی انسان

میزان لوگ خوابوں کی دنیا میں کھوئے رہنے کے عادی ہوتے ہیں۔ لیکن اکملیت کے متلاشی ہوتے ہیں۔ اگر انہیں جوش نہ دلایا جائے تو وہ خوابوں کی اس دنیا سے باہر نہیں آتے۔

تذبذب اور عدم یقینی کے شکار

میزان لوگوں کی یہ بہت بڑی کمزوری ہے کہ وہ کوئی بھی فیصلہ کرنے میں ہچکچاتے ہیں۔ کئی مرتبہ اپنی رائے بدلتے ہیں۔ اوپر سے پُرسکون و خاموش نظر آتے ہیں۔ نہایت ذہین اور سماجی تعلقات میں ہم آہنگی رکھنا چاہتے ہیں۔

ملنسار' روایت پسند

ملنسار' جذباتی اور روایت پرست ہوتے ہیں۔ لیکن منفی میزان مقصدیت اور قیادت کے اعمال سے عاری ہوتے ہیں۔ اکثر اوقات ناکام رہتے ہیں۔

فکر انگیز پہلو

زندگی کی تحریک میں دولت کا ہونا بہت اہم ہے۔ میزان لوگوں کو اس بات کا احساس تو ہوتا ہے لیکن اسے حاصل کرنے کے لیے محنت کرنا ایک الگ بات ہے۔ خاندان کے کفیل کی حیثیت سے آپ کو اس جانب توجہ دینی ہوگی۔ کیونکہ آپ کا زیادہ دھیان ثقافت اور رومان کی طرف ہے۔ آپ دوستیاں پالنے کے شوقین ہیں چاہے جو بھی قیمت ادا کرنی پڑے۔ ایسی دوستی کا کیا فائدہ جو مشکلات کا باعث ہے۔ روحانی ساتھی کی تلاش کریں چاہیے کتنا ہی انتظار کرنا پڑے۔ ڈپلومیسی کو ترک کر دیں' ممکن ہے کوئی وقت ایسا آئے کہ آپ کا چلایا ہوا تیر آپ ہی سے آ ٹکرائے۔ اپنی قوت فیصلہ پر کنٹرول کریں۔ اپنی طبیعت کو متوازن بنانے کی کوشش کریں' کیونکہ میانہ روی کے بغیر کوئی بھی چیز نہیں بھاتی۔ ایسے شعبے اختیار کریں جن میں ربط اور سلیقہ و قاعدہ ہو۔ دوسروں کی رائے سے متاثر ہو کر یا خوابوں کی دنیا میں رہ کر جینے کی بجائے عملی زندگی میں اعتماد سے قدم رکھیں۔ انشاءاللہ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔ عموماً میزان جوڑوں کے درد کا شکار ہوتے ہیں۔ اس لیے انہیں اپنی

خوراک پر توجہ دینی چاہیے۔

میزان خواتین

میزان خواتین نسوانیت کے جھکاؤ کی علامت ہیں۔ میزان عورت محبت کرنے والی ہوتی ہے۔ بالعموم پر کشش ہوتی ہے۔ تعریف سننا پسند کرتی ہے۔ سماجی سرگرمیوں میں حصہ لینا بھی ضروری سمجھتی ہے۔ یہ مالدار آدمیوں کے لیے اچھی بیوی ثابت ہوتی ہے۔ یہ بہت دانشمند اور سلیقہ مند ہوتی ہے' اکثر اوقات یہ جتنی نازک نظر آتی ہے اتنی ہوتی نہیں۔ اپنے خاندان والوں سے بھرپور پیار کا اظہار کرتی ہے اور بچوں کا دل و جان سے خیال رکھتی ہے۔ میزان عورت دوسری عورتوں کی نسبت مشکل سے سمجھ آنے والی چیز ہے۔ دوسرے مردوں کے ساتھ بات چیت اسے پسند ہے' لیکن میزان کے شوہر کو یہ یقین ہوتا ہے کہ حالات کیسے بھی ہوں اس کی بیوی عہدہ برا ہو سکتی ہے۔ میزان عورت کے بارے میں ایک بات بہت اہم ہے کہ مرد سے بات منوانے کے لیے منہ پھٹ یا جھگڑا کرنا اس کے نزدیک درست نہیں بلکہ اس سلسلے میں وہ اپنے حسن اور نسوانی ناز و انداز سے کام لیتی ہے۔ ایک اچھی ماں اور وفا شعار بیوی ثابت ہوتی ہے۔

میزان مرد

میزان مرد یکسانیت سے گھبرا جاتا ہے۔ شادی اس کے نزدیک معتبر رشتہ ہے۔ بہت منظم اور گھر کا خیال رکھنے والا ہوتا ہے۔ ضروری نہیں تمام میزان ان خوبیوں یا خامیوں کے مالک ہوں کیونکہ کمزور یا ناپختہ میزان کبھی بھی شائستہ اور ذہنی ارتقاء کی بلندیوں پر نظر نہیں آئے گا۔ لیکن اس میں اونچا نظر آنے کی خواہش پھر بھی موجود ہوگی۔ میزان مرد جذباتی بھی ہوتا ہے۔ اگر اس کی زوجہ اس کا آئیڈیل ہو تو زبردست ورنہ وہ برداشت کی آخری حد تک پہنچ کر بھی طلاق کو پسند نہیں کرتا۔ کیونکہ میزان کو انسانی اخوت و مساوات اور حقوق کا علمبردار مانا جاتا ہے۔ معمولی سی بات انھیں پریشان کر سکتی ہے۔ متجسس قسم کے لوگ ہوتے ہیں۔ اپنے بچوں سے بہت محبت کرتے ہیں۔

میزان بچہ

میزان بچے بالعموم خوبصورت ہوتے ہیں۔ انھیں اپنی مرضی پر چلانا بہت آسان ہوتا ہے۔ بہت ذہین ہوتے ہیں دوسرے بچوں کی طرح نقصان دہ شرارتیں نہیں کرتے۔ یہ محبت کے متلاشی ہوتے ہیں۔ اگر انھیں

گھر اور گھر سے باہر کی زندگی میں حوصلہ افزائی نہ دی جائے تو ان کے پیچھے رہ جانے کا خطرہ ہوتا ہے۔ یہ اپنے ہاتھ سے چیزیں بنانا چاہتے ہیں۔ اس لیے انہیں ایسا کرنے سے مت ٹوکیں۔

ضرورت سے زیادہ بوجھ میزان کی طبیعت خراب کر سکتا ہے۔ ان کو ریاضی میں محنت کروانی چاہیے۔ ویسے تو ان میں جنرل ایجوکیشن سے فائدہ اٹھانے کی بھی صلاحیت ہوتی ہے۔ ان میں عام بچوں کی نسبت گردن کے امراض کا جوانی میں ابھر کر آنا زیادہ ہوتا ہے۔ اس لیے ان کی صحت کا بھرپور تحفظ کریں۔ ان کی ایک خامی ہے کہ یہ مستقل مزاجی سے کام نہیں کر سکتے۔ ان کی ہمت بندھائیں اور ایسی پرورش کریں کہ وہ تذبذب کا شکار ہونے کی بجائے پر اعتماد زندگی گزار سکیں۔ یہ پل میں کھلتا ہوا اور پل میں مرجھایا پھول ہوتے ہیں۔ آرٹ اور میوزک سے دلچسپی رکھتے ہیں۔ انہیں ہر وقت ہلکے پھلکے تخلیقی کام میں مصروف رکھیں ورنہ ان کی صلاحیتیں زائل ہو جائیں گی۔ اور متقید توانائی باعث مشکلات ثابت ہوگی۔

برج میزان کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج میزان برج حمل کے ساتھ

میزان مرد حمل عورت

حمل آمرانہ مزاج کی حامل ہوتی ہے۔ سست میزان انہیں نہیں بھاتے۔ کیونکہ اکثر حمل کامیاب رہتی ہے۔ نرمی اور عزت کا برتاؤ' ذہانت کی تعریف حمل کو خوش رکھتی ہے۔ معاملات زندگی میں میزان کی موجودگی اس کے لیے باعث اطمینان ہے۔

میزان عورت حمل مرد

حمل علم کے پیاسے بلند ہمت اور معروف لوگ ہوتے ہیں۔ رومانس میں ڈوبی بیوی کی بجائے وقت پر کام آنے اور مشورہ دینے والی بیوی کو سراہتے ہیں۔ دلکش' تیز اور سمارٹ میزان ان کے ساتھ درست رہتی ہے۔ حمل وفا شعاری کا مظاہرہ کرتا ہے۔ حمل سے نباہ اسے باس مان لینے میں ہے۔ معاشی خوشحال حمل کو بیوی بچوں کی ناجائز خواہشات کی تکمیل کی بھی اجازت دیتی ہے۔

برج میزان برج ثور کے ساتھ

میزان مرد ثور عورت

ثور حقیقت کی دنیا میں رہنے والی بامقصد عورت ہے۔ خاوند کی سستی اور دوسری عورتوں کی جانب جھکاؤ اسے ذرا پسند نہیں ہوتا۔ اگر میزان اس پر دباؤ نہ ڈالے اور جو وہ کرنا چاہے کرنے دے تو دونوں بہت اچھی زندگی گزار سکتے ہیں۔

میزان عورت ثور مرد

ثور صبر سے فیصلہ کرتے ہیں۔ جلد بازی انہیں پسند نہیں۔ انہیں گھریلو زندگی بہت پسند ہوتی ہے۔ اس لیے یہ میزان خاتون کے ساتھ اچھی زندگی بسر کر سکتے ہیں۔ کیونکہ میزان ہر چیز کا خیال رکھتی ہے۔ ثور گھریلو

کاموں میں بھی میزان کی مدد کرتا ہے۔ دونوں کامیاب اور خوشگوار زندگی گزارتے ہیں۔

برج میزان برج جوزا کے ساتھ

میزان مرد جوزا عورت

جوزا آپ کے احساسات و جذبات کو سمجھتی ہے۔ ہر وقت متحرک رہتی ہے۔ ذہانت کا اظہار کرتی رہتی ہے۔ لیکن کچن میں ہاتھ ڈالنے کی بجائے باہر کے کھانے کا مشورہ دیتی ہے۔ اگر آپ دلچسپ' خوش ذوق' متحرک میزان ہیں تو آپ دونوں کی خوب جمے گی۔

میزان عورت جوزا مرد

میزان عورت کے لیے جوزا آئیڈیل شریک حیات ہے کیونکہ میزان گھر سے محبت کرنے والے مردوں کی طرف راغب ہوتی ہے نہ ہی نوکرانی بن کر بچے پالنے والی بوڑھی ماں بن سکتی ہے۔ جوزا کے لیے میزان پر بھروسہ کرنا مشکل ہوتا ہے۔ مشکل حالات میں کوئی غلط فیصلہ دینے اور ٹال مٹول کی ڈپلومیسی کے ذریعے خوبصورتی سے بری الذمہ ہو جاتی ہے۔ بہرحال مجموعی طور پر اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

برج میزان برج سرطان کے ساتھ

میزان مرد سرطان عورت

میزان مرد یہ نہیں سوچ سکتا کہ آخر سرطان چاہتی کیا ہے۔ وہ آپ کی کسی بھی بات کا برا مناسکتی ہے۔ اس لیے احتیاط کریں۔ آپ کی شریک حیات نہایت کفایت شعار اور محبت کرنے والی وفادار عورت ہے۔ بس آپ انہیں وقتاً فوقتاً اپنی محبت اور حفاظت کا یقین دلاتے رہیں۔

میزان عورت سرطان مرد

سرطان حساس اور موڈی ہے۔ میزان کو چاہیے کہ خوشگوار زندگی کے لیے سرطان کے معاملات میں مداخلت نہ کریں اور پھر آسائش زندگی کو ممکن بنانے کے لیے سرطان کی کوشش دیکھیے۔ وہ ظاہری خاموشی کے باوجود میزان کی خوشی کا اہتمام کرتا ہے۔

برج میزان برج اسد کے ساتھ

میزان مرد اسد عورت

اسد ایک حسین و پرکشش عورت ہے جس سے اکثر دوسری خواتین حسد کرتی ہیں۔ اس کی تعریف کرتے رہیں۔ راحت اور پرتعیش زندگی اس کا خواب ہے۔ بہترین زندگی گزارنے کا ایک گر ہے کہ آپ اسے تحفے وغیرہ دیں اور گھماتے پھراتے رہیں۔ وہ آپ کی ہر خواہش کا احترام کرنے کی کوشش کرے گی۔

میزان عورت اسد مرد

میزان عورت کے لیے اسد مرد ذہنی' روحانی اور جسمانی ہر غرض سے بہترین سہارا ہوتا ہے۔ میزان کی سست روی کے مقابلے میں اسد وقت ضائع نہ کرنے والا ہوتا ہے۔ اسد میزان سے محبت اور اچھے مشوروں کی توقع رکھتا ہے۔ لیکن میزان اسے کبھی محکوم بنانے کی کوشش نہ ہی کرے تو بہتر ہے۔ وہ خاندان کی خوشیوں اور معاشی استحکام کے لیے ہر ممکن جدوجہد کرتا ہے۔

برج میزان برج سنبلہ کے ساتھ

میزان مرد سنبلہ عورت

میزان کے لیے سنبلہ کو سمجھنا بہت مشکل ہے۔ وہ سب کچھ چھپاتی ہیں۔ اس وقت تک کہ وہ شریک حیات پر مکمل اعتبار کر لے۔ سنبلہ کی خوشی اس کی غلطی پر پردہ ڈالنے میں ہے۔ سنبلہ بے وفائی بھی برداشت نہیں کرتی اور بدلہ لینے پر آئے تو کچھ نہیں سوچتی۔

میزان عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد میزان عورت کی طرح نسوانیت کا نہیں بلکہ روحانیت و قوت فکر کا قائل ہوتا ہے۔ حقیقت پسند' پر سکون' کاروباری اور اپنی ذات میں مگن رہتے ہیں۔ میزان کی طرح فیصلہ سوچ سمجھ کر کرتے ہیں۔ اگر انہیں صاف ستھرا گھر اور اچھے بچوں سے نوازا جائے تو وہ بہت خوش رہتے ہیں۔

برج میزان برج میزان کے ساتھ

میزان مرد میزان عورت

میزان مرد کے لیے میزان عورت بہترین شریک حیات ہے۔ دونوں کے خیالات ایک جیسے ہی ہیں لیکن ٹکراؤ کا امکان کم ہے۔ میزان عورت کے گھر کی خوبصورتی اور ڈیکوریشن میں جواب نہیں۔ میزان مرد شریک حیات کی ہر ممکن مدد کرتا ہے۔ میزان عورت کے نزدیک شوہر کی اہمیت ہر چیز غرض کہ بچوں سے بھی بڑھ کر

ہے۔

میزان عورت میزان مرد

میزان مرد متلون مزاج اور الجھا ہوا ہے۔ لیکن وہ جو میزان عورت کی تعریف کرتا ہے وہ یونہی نہیں ہوتی۔ مرد کی عادت ہے کہ وہ خوشی اور سکون کے لیے جھوٹ بھی بول سکتا ہے۔ جب کہ عورت کوئی بھی ناخوشگوار بات کرنے سے نہیں رکتی۔ بہر حال میزان مرد میزان عورت کے ساتھ نباہ کرنا جانتا ہے۔ اور عورت بھی اس کے ساتھ ہر طرح کا آرام محسوس کرتی ہے۔

برج میزان برج عقرب کے ساتھ

میزان مرد عقرب عورت

میزان کے لیے عقرب کے غصہ سے بچنا بہت مشکل ہے۔ وہ منہ پھٹ اور صاف گو ہے۔ آپ کی بے عملی، سستی اور جھوٹ اسے تیج پا کر دیتا ہے۔ بے وفائی کی صورت میں عقرب وہ ناگن بن جاتی ہے۔ جس کا ناگ قتل کیا گیا ہو۔ لیکن اس کی ایک خوبی ہے کہ وہ گھر کی بات باہر نہیں نکلنے دیتی اور ہر ایک کو خوشگوار زندگی کا تاثر دیتی ہے۔

میزان عورت عقرب مرد

عقرب کو عملی میدان میں رہنا زیادہ پسند ہے۔ اپنے عمل کی راہ میں ہر رکاوٹ کو نیست و نابود کر دینے والے۔ اس لیے میزان کو چاہیے کہ عقرب کے غصہ کا جواب دینے کی بجائے خاموشی اختیار کرے۔ وہ جتنا اچھا دوست ہے اتنا برا دشمن بھی بن سکتا ہے۔ یہاں میزان کو ہی کامیاب زندگی گزارنے کے لیے سمجھوتہ کرنا ہوگا۔

برج میزان برج قوس کے ساتھ

میزان مرد قوس عورت

میزان! آپ کی قوس شریک سفر منہ پھٹ تو ہے لیکن منظور نظر، نیک نیت اور ایماندار ہے۔ وہ شریف النفس خاتون آپ کی ہر بات پر عمل کرنا ضروری سمجھتی ہے۔ نہ خود سست ہے نہ آپ کو رہنے دیتی ہے۔ اگر آپ قوس کو سیر و تفریح اور ہوٹلنگ کرواتے رہیں تو وہ بہت خوشگوار وقت گزارتی ہے۔

میزان عورت قوس مرد

قوس مرد شادی مشکل سے کرتا ہے لیکن شادی کے بعد زوجہ پر کسی قسم کی پابندی وغیرہ کا قائل نہیں ہوتا۔ اسے گھر سے بھی اتنا لگاؤ نہیں ہوتا اور میزان سے بھی توقع کرتا ہے کہ وہ کاروبار وغیرہ میں اس کا ساتھ دے۔ سیر و تفریح پر لے جاتا ہے۔ اچھا باپ ثابت ہوتا ہے۔ آپ دونوں خوشگوار و کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔

برج میزان برج جدی کے ساتھ

میزان مرد جدی عورت

میزان صاحب محتاط رہیں کیونکہ جدی کو سست اور ناکام مرد بالکل پسند نہیں۔ وہ صبر و تحمل کے ساتھ کامیاب زندگی گزارنا چاہتی ہیں۔ آپ کو خوشی ہوگی کہ وہ گھر یا باہر کوئی کام بھی ادھورا نہیں چھوڑتی اور کفایت شعار ہوتے ہوئے آپ کی محنت کے پیسے کو رائیگاں نہیں جانے دیتی۔

میزان عورت جدی مرد

میزان کے لیے جدی کی روایت پسندی بہت الجھن پیدا کر سکتی ہے۔ جدی اپنے آپ کو اداسیوں میں گھرا محسوس کرتے ہیں۔ میزان انہیں خوبصورت اور پُرسکون گھر اور ماحول دے کر خوش رکھ سکتی ہے۔ جدی روپے کی بھی قدر کرتے ہیں۔ آپ دونوں خوشگوار زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج میزان برج دلو کے ساتھ

میزان مرد دلو عورت

دلو تو قوس قزح ہے جسے بھی تو عظیم کوشش ہے۔ ان کی آزادی پر کبھی پابندی نہ ڈالیں۔ کیونکہ وہ قفس توڑ کر فرار ہو سکتی ہے۔ دلو میزان سے ہمدردی رکھتی ہے اور وقتاً فوقتاً مشکل وقت میں میزان کی مدد کر کے روحانی خوشی محسوس کرتی ہے۔ آپ کی غلطیوں کو بھی نہیں اچھالتی اور اچھی زندگی گزارنے کی ہر ممکن کوشش کرتی ہے۔

میزان عورت دلو مرد

دلو کے حلقہ احباب میں ہر قسم کے لوگ ہوتے ہیں اس لیے میزان کو عقلمند سے لے کر بے وقوف تک کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ دلو کا تخیل بہت بلند ہے اور اس کے ساتھ چلنا میزان کے لیے دشوار ہے لیکن پھر بھی دلو میزان کو ہر قسم کی آزادی دیتا ہے اور اس کی حوصلہ افزائی کرتا رہتا ہے۔

برج میزان برج حوت کے ساتھ

میزان مرد حوت عورت

آپ خوش قسمت ہیں کہ حوت زوجہ ملی۔ وہ صورت و سیرت ہر طرح سے خوبصورت ہے۔ مشکل حالات میں کارآمد مشورے دیتی ہے۔ اس کی شوہر پرستی میزان کو بہت خوش اور مطمئن رکھتی ہے۔ دل ٹوٹنے پر اس کا کام رونا دھونا ہی ہوتا ہے۔ اس لیے تحفہ دے کر یا سیر و تفریح کے ذریعے حوت کا خیال رکھنے کی کوشش کریں۔

میزان عورت حوت مرد

آپ کی طرح حوت بھی خوابی دنیا کا باشندہ ہے۔ کم گو لیکن اس لیے کہ کہیں جھگڑا نہ ہو جائے۔ حوت کے جذبات کو ٹھیس پہنچنے کی شکایت رہتی ہے۔ آپ اپنے ردعمل سے یہ شکایت دور کر دیں۔ وہ انسانیت کی خدمت کا جذبہ رکھتے ہیں۔ آپ کی خوشی کو بھی ہمیشہ مدنظر رکھتے ہیں۔

برج عقرب



عرصہ	21اکتوبر 20نومبر
حروف	ظ' ذ' ض' ز' ن
حاکم کوکب	پلوٹو' مریخ
عنصر	آبی
ماہیت	ثابت
حصہ جسم	نظام ہضم
موافق نگینہ	مرجان' روبی
موافق دن	منگل
موافق نمبر	9
موافق رنگ	سرخ' سبز' نیلا
موافق پھول	گل داؤدی
موافق شریک کار	ثور
موافق افراد	سنبلہ' قوس' جدی
ناموافق افراد	اسد' دلو
بائیو کیمک نمک	کلکیریا سلف

ظاہری شخصیت

کوئی بھی عقرب فرد اپنے علامتی نشان بچھو کے ساتھ اپنے تعارف کو پسند نہیں کرتا۔ اگر اس کی شخصیت کا مطالعہ کیا جائے تو یہ بات ابھرتی ہے کہ ان کی آنکھوں میں مقناطیسیت اور خوداعتمادی کے ساتھ ساتھ سحرانگیزی پائی جاتی ہے۔ دیکھنے میں یہ بہت سادہ نظر آتے ہیں لیکن حقیقتاً پراسرار' گہری اور پیچیدہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ بھرے بھرے ہونٹ' چھوٹی ناک اور گندمی رنگت کے حامل عقرب لوگ غوروفکر اور جدید خیالات کے علمبردار نظر آتے ہیں۔ اکثر اوقات عقرب کی کمر' بغل یا چھاتی پر تل ہوتا ہے۔ بلا کا اعتماد اور مضبوط انا عقرب کا خاصہ ہے۔ آپ نے اکثر عقرب افراد سے بات چیت کرتے ہوئے محسوس کیا ہوگا کہ وہ ہر شعبے میں اپنے علم کو مکمل ظاہر کرتے ہوئے بحث کا آغاز مدہم اور نرم کرتے ہیں۔ لیکن ناکامی انہیں برہم اور تندو تیز آندھی بنا دیتی ہے۔ طاقتور جسم' جیسے نقش ونگار' عموماً سیاہ بال' گہری آنکھیں اور مضبوط جسمانی ساخت کا احساس عقرب کو ہمیشہ احساس برتری میں مبتلا رکھتا ہے اور اکثر یہ احساس ان کے جذبات پر بھی حاوی نظر آتا ہے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

عقرب کو زندگی میں کامیابی آپے سے باہر نہیں کرتی۔ وہ نفسیاتی طور پر بھی اپنے آپ کو متوازن رکھتا ہے۔ جذبات کا غلام نہیں ہوتا۔ کسی دوسرے کی خوشی یا غم عقرب کو کچھ بات سے روک نہیں سکتا۔ عقرب بے مثال دوستی کے لیے مشہور ہے۔ جہاں پر رک جائیں وہاں سے ہلانا آسان نہیں ہوتا۔ عقرب کا سیارہ پلوٹو ہے جس سے بے پناہ قوت وتوانائی کا اخراج خلاؤں کو پُر کر رہا ہے۔ علم نجوم میں دیکھا جائے تو انسانی شعور کی آخری سرحد پلوٹو کو کہا گیا ہے۔ اس سے یہ سمجھنا آسان ہو گیا ہوگا کہ عقرب لوگ اپنی زندگی میں حصول مقصد کے لیے کھوج در کھوج کا عمل اپناتے ہیں اور اس دوران ان پر یا ان کی وجہ سے بہت سے راز و نیاز افشاں ہوتے ہیں۔ یہ موت کی وادی میں رہ کر زندگی تلاش کرتے ہیں۔ اگر عقرب سعد حالت میں ہوں تو ریسرچ'

سرجری، تجزیہ نگاری، ڈاکٹری، قانون دانی اور سیاست میں کامیاب رہتے ہیں۔ نحس حالت میں اعصاب شکنی، خبط اور ہلاکت نفسی کا اندیشہ ہوتا ہے، عموماً عقرب معاشرہ میں اصلاح کے داعی، مذہب سے وابستہ نظر آتے ہیں۔ گھر میں بھی کسی فرد کے ساتھ ناانصافی نہیں چاہتے۔ مقصدیت ان کی زندگی کا اہم جزو ہے۔

پُر وقار اور سنجیدہ شخصیت

عقرب کی وجاہت دیکھنے سے تعلق رکھتی ہے۔ انہیں اپنی ذات پر بھرپور اعتماد ہوتا ہے۔ اخلاقیات اور زندگی میں رشتوں سے وفاداری کے احساس سے باخبر ہوتے ہیں۔ بہت اچھی اور سنجیدہ گفتگو کرتے ہیں۔ دوسروں کے ساتھ ساتھ اپنی ذات کو بھی تنقید کا نشانہ بناتے ہیں۔

انتہاء پسندی

دولت، شہرت، محبت غرض کوئی بھی میدان ہو حصول مقصد کے لیے عقرب حد سے گزر جاتا ہے۔ دوست ہے تو جان وارنے سے گریز نہیں کرے گا۔ دشمن ہے تو جان لینے اور فتح کی خاطر مرجانے سے نہیں ڈرے گا۔

نشاۃ ثانیہ / قائدانہ صلاحیتیں

عقرب نشاۃ ثانیہ کے قائل ہوتے ہیں۔ بہترین قائدانہ صلاحیتوں کے مالک عقرب کو فتح کے خواب کے ساتھ شکست کا خوف بھی بہت ستاتا ہے اور وہ ذہنی طور پر دباؤ کا شکار ہو جاتا ہے۔ کسی صورت میں شکست کو تسلیم کرنا اس کے لیے ناممکن ہے۔

فکر انگیز پہلو

سب سے پہلے بات یہ ہے کہ زندگی کے ہر حصے میں، ہر شعبے میں توازن کی ضرورت ہے، جس سے اکثر اوقات عقرب ہٹ جاتے ہیں۔ زندہ رہنے کے لیے انسان کو اپنے اردگرد کے لوگوں کے ساتھ چلنا پڑتا ہے۔ یہ رویہ اچھا ہے کہ آپ لوگوں کو اپنے ساتھ چلانے کے قابل ہو جائیں لیکن اس کے لیے اعتماد بنیادی اہمیت رکھتا ہے، جو عقرب دوسروں پر اعتماد کرنے سے کتراتے ہیں۔ اس لیے ممکن ہے ان کی قائدانہ صلاحیتیں پروقار شخصیت وہ تبدیلی نہ لا سکیں جو یہ چاہتے ہیں کیونکہ دوسرا شخص بھی ان کے جذبات اور رویوں میں اپنے لیے سچائی تلاش کرتا ہے، اور عدم موجودگی اسے مایوس کر سکتی ہے۔ بیماری کے دوران تنہائی جلتی پر تیل کا کام کرتی ہے۔ اس لیے سب کے ساتھ بنا کر رکھیں۔ عقرب کے لیے ایک اور رویے میں تبدیلی کی ضرورت ہے اور وہ

ہے ہر پسندیدہ شے کا حصول، کسی بھی چیز سے اس قدر وابستگی کہ دوسرے پر اس کا حق یا بے مرادی کا خیال پریشان کر دے درست نہیں، روزگار یا روزمرہ کے کاموں میں اتنی محنت و لگن سے کام نہ لیں کہ صحت کو خطرہ لاحق ہو جائے۔ اظہار جذبات سے گریز اور اخلاقی جرات بھی مشکلات پیدا کر سکتی ہے۔

عقرب خواتین

پراسرار مسحور کن حسن کی مالک ہوتی ہیں۔ اپنے بارے میں پر اعتماد اور مغرور بھی نظر آتی ہیں۔ اکثر عقرب خواتین کے دل میں مرد ہونے کی خواہش ہوتی ہے لیکن اس کا وہ کبھی بھی اظہار نہیں کرتی۔ یہ کسی بھی شعبے میں ناکام عورت کو پسند نہیں کرتی۔ رفیق زندگی کے ساتھ جذبہ برتری پر قابو رکھتی ہے۔ فلرٹ پسند نہیں کرتی اور آنکھوں ہی آنکھوں میں دوسروں کو پڑھنے کی کوشش کرتی ہے۔ محبت کرے تو سچی اور وفادار ثابت ہوتی ہے۔ لیکن نفرت و انتقام میں عقرب کا کوئی ثانی نہیں اور پھر انتقام بھی ایسا جو نہایت مہذب اور سبق آموز ہو۔ شریک حیات کی غلطی برداشت نہیں کرتی۔ وہ اسے حاکم تصور کر سکتی ہے لیکن اپنی ذات پر نہیں صرف گھر کے لیے۔ اس کی ہر پریشانی اور خوشی میں برابر شریک ہوتی ہے۔ عقرب کی تخلیقی صلاحیتیں ہر میدان میں عمدہ نظر آتی ہیں وہ بذات خود معیار، کارکردگی اور نتائج میں مردوں سے کم رہنا نہیں جانتی۔ انفرادیت پسند ہوتی ہے، گھریلو بجٹ میں کنجوسی یا عیاشی کی بجائے توازن قائم رکھتی ہے۔ اور آخر میں سب سے اہم بات اعتماد کو ٹھیس پہنچنے کی صورت میں عقرب عورت کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ صرف ایک مرتبہ ہی معاف کر سکتی ہے۔

عقرب مرد

عقرب مرد کو ابتدائی عمر ہی سے اپنے ساتھیوں اور دوسروں سے اپنی مرضی کے مطابق کام کروا سکنے کا احساس ہو جاتا ہے۔ اگر انہیں ایک بار چھیڑ دیا جائے تو ان کا مارا ہوا ڈنک نکالنا بہت مشکل ہو جاتا ہے۔ ہر منصوبہ بندی اور اخلاقی ترقی پر یقین رکھتے ہیں۔ کسی حد تک کینہ و بغض کا شکار ہوتے ہیں۔ عقرب کے ساتھ وہی لوگ کام کر سکتے ہیں جو خود اسی جیسے جذبوں کے مالک ہوں۔ بظاہر پُرسکون و سرد لیکن اندر جذبات و احساسات کا لاوا ابلتا رہتا ہے۔ ایک ناقابل تسخیر آدمی۔ اس کو پہچان لینے والا آدمی اسے مل کر لطف محسوس کرتا ہے۔ لیکن اصل بات ہی یہی ہے کہ اسے پہچاننا بہت مشکل ہے۔ شکست اس کے لیے ناقابل قبول ہے۔ بدترین حالات بھی اس کے عزم اور قوت ارادی کو متزلزل نہیں کر پاتے اور بعض اوقات دوسروں کے علاوہ وہ اپنے

اوپر بھی کڑی تنقید اس کے لیے ناکامی کی راہ میں حائل کر دیتی ہے۔ لیکن وہ پھر بھی پیچھے نہیں ہٹتا۔ نفسیاتی دباؤ عقرب کو اذیت میں مبتلا رکھتا ہے۔ عجیب مافوق الفطرت چیز ہے کبھی دوسرے کے لیے مرجائے اور کبھی اسے اذیت پہنچا کر خوش ہو۔ عقرب ایک وفادار شوہر اور ذمہ دار باپ ثابت ہوتا ہے۔

عقرب بچہ

اپنی نظروں سے والدین کو اس کی خواہش پوری کرنے پر آمادہ کر لیتا ہے۔ اگر اس پر مثبت انداز پرورش غالب آئے تو وہ بہت مہذب و مودب انسان بنتا ہے۔ دوسری صورت میں بہت اکھڑ اور بدتمیز۔ والدین کی کمزوری بھانپ لے تو ہر بات میں من مانی کرے گا ورنہ ان سے ڈر کر ہر بات مان لے گا۔ طنز گو اور بے باک عقرب راز اگلوا لینے کی صلاحیت بھی رکھتا ہے۔ اپنی زندگی اور اشیاء دوسروں سے پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں اس لیے والدین کو چاہیے کہ انہیں الگ کمرے یا تالے والی الماری مہیا کریں۔ ان میں ضبط اور صبر بہت پایا جاتا ہے۔ اپنی تکالیف اور پریشانیاں آخری حد تک والدین سے چھپائے رکھتے ہیں۔ ایذا پہنچانے والے ہم عمروں سے بدلہ لیے بغیر نہیں رہتے۔ دھن کے پکے، آگ اور دواؤں سے دلچسپی رکھنے والے اور جنسِ مخالف کی طرف راغب ہونے والے ہوتے ہیں لیکن اگر انہیں خاندانی عزت کا احساس دلا کر محبت سے سمجھایا جائے تو سمجھ لیتے ہیں۔ کیونکہ زیرک اور تیز فہم ہوتے ہیں۔ مقصد سیدھے راستے سے حل نہ ہو تو غلط طریقہ استعمال کرتے ہیں۔ پیار و محبت اور مناسب منصوبہ بندی کے تحت والدین و اساتذہ ان کی خامیوں کو دور کر کے انہیں اچھا انسان بننے میں مدد دے سکتے ہیں۔

برج عقرب کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج عقرب برج حمل کے ساتھ

عقرب عورت حمل مرد

آپ دونوں میں بہت زیادہ اختلاف رائے ہے۔ آپ تیز رفتاری میں حمل کا ساتھ دیتی ہیں تو اس کی مستقل مزاجی آپ کے آڑے آتی ہے۔ وہ حکم ٹھونسنا چاہتا ہے اور آپ اپنی منوانا چاہتی ہیں۔ اگر دونوں اپنے اندر لچک پیدا کریں تو زندگی ہنسی خوشی گزر سکتی ہے۔

عقرب مرد حمل عورت

حمل کی عجلت پسندی اور اس پر تنقید سے باز رہیں۔ ممکن ہے وہ آپ کی بعض غلطیوں کو معاف کر کے سمجھوتا کرلے۔ اس کی ذہانت و حسن کو سراہتے رہیں۔ وہ آپ کی سچی محبت پا کر دنیا بھلا دے گا۔

برج عقرب برج ثور کے ساتھ

عقرب عورت ثور مرد

ثور مرد کے ساتھ زندگی گزارنے کے لیے آپ کو حکمت عملی اختیار کرنی ہوگی۔ جس کے تحت آپ حق بالادستی سے دستبردار ہو جائیں تو گھریلو زندگی کے دلدادہ ثور کے ساتھ بہترین زندگی گزار سکتی ہیں۔

عقرب مرد ثور عورت

ثور کے اعتماد کو ٹھیس نہ پہنچائیں اور ایسا ہی معاملہ عقرب کے ساتھ بھی ہے۔ ناراضگی کی صورت میں ثور میکے چلی جانے والی نہیں بلکہ مذاکرات سے معاملہ نپٹانے والی عورت ہے۔ اسے گھر سے بہت محبت ہے۔

برج عقرب برج جوزا کے ساتھ

عقرب عورت جوزا مرد

وجیہہ و شکیل جوزا کو ایک جگہ پر بٹھانے کی کوشش نہ کریں وہ باغی ہو جائے گا۔ وہ آپ کو قدامت پسند سمجھتا

ہے۔ سیر و سیاحت کی شوقین ہونے کی صورت میں جوزا آپ کو بور نہیں رہنے دے گا۔

عقرب مرد جوزا عورت

جوزا کی دلچسپیاں آپ کے لیے باعث دلچسپی ہیں۔ وہ جلد ہی آپ کو سمجھ لیتی ہے اور آپ کے مسائل حل کرنے میں ہر ممکن مدد کرتی ہے۔ اس کے نت نئے کاموں کو سراہیں۔ وہ اچھی ماں اور بہترین بیوی ثابت ہوگی۔

برج عقرب برج سرطان کے ساتھ

عقرب عورت سرطان مرد

سرطان کے تحمل مزاج اور باعمل ہونے پر اسے تنقید کی بجائے حوصلہ دیں' وہ بہت حساس ہے' یقیناً وہ اپنی مصروفیات سے زیادہ آپ کو اور بچوں کو ترجیح دے گا۔ آپ اس پر مکمل اعتماد و بھروسہ کر سکتی ہیں۔ وہ آپ کو تحفظ مہیا کرے گا۔ بے وفا بھی نہیں ہے۔ آپ دونوں کی خوب گزرے گی۔

عقرب مرد سرطان عورت

عقرب صاحب ہر وقت ہر قسم کی صورت حال سے نپٹنے کے لیے تیار رہیں اور سرطان کو وقتاً فوقتاً اپنی محبت اور تحفظ کا احساس دلاتے رہیں۔ وہ آپ کی محنت کی کمائی کو رائیگاں نہیں جانے دیتی۔ باوفا اور محبت کرنے والی بیوی ثابت ہوتی ہے۔

برج عقرب برج اسد کے ساتھ

عقرب عورت اسد مرد

اسد کی مدد کو آپ آسانی سے سمجھ سکتی ہیں' وہ محبت کا متلاشی ہے۔ اس کی خوشی کے لیے ایثار سے کام لے سکتی ہیں تو ٹھیک وگرنہ پچھتاوے کا وقت بھی نہ ملے گا۔ وہ بالادستی چاہتا ہے لیکن بہ حیثیت شوہر آپ کی ہر ضرورت کی تسکین اسد کے نزدیک اہم ہے۔

عقرب مرد اسد عورت

آپ کی زوجہ حسن سے مالا مال ہے۔ جس کا انہیں بخوبی اندازہ ہے۔ آپ کو کبھی کبھی حاسدانہ جذبات کا سامنا کرنا پڑے گا۔ ان سے سمجھوتے کی عادت ڈال لیں۔ اسے تحفے دیں' فلم دکھائیں اور بھرپور توجہ دیں۔ وہ

ایک مرتبہ آپ پر یقین کر لے۔ بس پھر کبھی آپ کا ساتھ نہ چھوڑے گی۔

برج عقرب برج سنبلہ کے ساتھ

عقرب عورت سنبلہ مرد

سنجیدہ و خاموش طبع پُر وقار شخصیت کا حامل سنبلہ آپ کے حسن سے نہیں بلکہ ذہانت سے متاثر ہوتا ہے۔ سنبلہ معیار پر اترنے والی لڑکی کے حصول کے لیے بہت دیر سے شادی کرتے ہیں اس لیے انہیں مایوس نہ کریں۔

عقرب مرد سنبلہ عورت

سنبلہ اپنے آپ کو ظاہر نہیں کرتی۔ بہت گرم جوش' ٹھوس کردار کی مالک ہے۔ اس کے سامنے کسی دوسری عورت کا نام نہ لیں وہ آپ کو قتل تک کر سکتی ہے۔ عقرب کی محبت اسے آپ کا وفادار رکھتی ہے۔

برج عقرب برج میزان کے ساتھ

عقرب عورت میزان مرد

میزان کی فطرت ڈپلومیٹک ہے وہ خوابوں میں غرق رہتا ہے۔ عقرب کو چاہیے کہ باہر آنے میں اس کی بھر پور مدد کرے۔ میزان آسائش تو چاہتا ہے لیکن آپ کی طرح محنت سے نہیں بلکہ جدو جہد کے بغیر۔ گھر کا انتظام عقرب اپنے ہاتھ میں رکھے تو بہتر ہے۔

عقرب مرد میزان عورت

میاں کے ٹھوس دلائل ونظریات آپ کی بہت سی مشکلات کا حل ہیں' میزان کو چاہیے کہ عقرب کی بیرونی سرگرمیوں پر تنقید نہ کرے۔ آپ کی محنت اور گھریلو سجاوٹ عقرب کو خوش کرتی ہے۔ آپ دونوں ایک خوشگوار زندگی گزارتے ہیں۔

برج عقرب برج عقرب کے ساتھ

عقرب عورت عقرب مرد

فطرتی طور پر آپ دونوں کے انداز زندگی متصادم ہیں' گھر کو بچانے کے لیے عقرب عورت کو مرد کی ہاں میں ہاں ملانی ہے۔ اس کے راستے میں کبھی نہ آئیں وہ باہر زیادہ خوش رہتا ہے لیکن اگر آپ سے محبت کا اظہار

نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس کا دل آپ کے لیے محبت سے عاری ہے۔

عقرب مرد عقرب عورت

عقرب مرد کے لیے عقرب عورت کا جذبات میں تضاد تصنع یا بناوٹ نہیں بلکہ حقیقت کا مظہر ہے۔ وہ آگ کا گولہ ہے۔ لیکن کسی بھی جھگڑے کو وہ گھر سے باہر نہیں جانے دیتی اور سب کے سامنے آپ کی عزت کا ہمیشہ بھرم رکھتی ہے۔

برج عقرب برج قوس کے ساتھ

عقرب عورت قوس مرد

قوس کی عجلت پسندی باعث نقصان ہے لیکن اسے الزام نہ دیں وہ الٹا آپ پر تنقید شروع کر دے گا۔ اس کی ذہانت، تخلیقی صلاحیتیں اور مستقبل روشن کرنے کا خواب بہت بلند ہے۔ بس اسے سمجھنے کی کوشش کریں۔ پھر وہ ہر جگہ آپ کو اپنے ساتھ رکھے گا۔

عقرب مرد قوس عورت

عقرب صاحب قوس ایک مکمل قابل اعتماد شریک حیات ہے۔ وہ منہ پھٹ تو ہے لیکن آپ سے مکمل مخلص بھی۔ اسے کھیل کود اور تفریح کے مواقع فراہم کرتے رہیں۔ وہ اپنی ہر غلطی کا بلا جھجک اعتراف کر لیتی ہے اور آپ کی ہر بات پر یقین رکھتی ہے۔

برج عقرب برج جدی کے ساتھ

عقرب عورت جدی مرد

جدی کی سستی اور خشکی آپ کے لیے باعث کشش تو نہیں لیکن وہ ہر کام مکمل کرنے کا عادی ہے۔ فضول خرچی باعث نزاع۔ جدی بہت کفایت شعار ہے اور آڑے وقت کے لیے پیسہ بچا کر رکھتا ہے۔

عقرب مرد جدی عورت

جدی کو عام زندگی میں ناکام مرد پسند نہیں اس لیے محنت کریں۔ اگر آپ میں جراثیم ہیں تو وہ آپ کی ہر ممکن مدد کرے گی۔ اسے تحفظ فراہم کریں۔ جدی میکے کی بہت خیر خواہ ہے اس لیے اس کے کسی رشتہ دار پر انگلی نہ اٹھائیں۔ وہ ایک اچھی بیوی ہے۔

برج عقرب برج دلو کے ساتھ

عقرب عورت دلو مرد

دلو روشن دماغ اور فراخ دل تو ہے لیکن باعمل بھی یعنی بہت اچھی طرح سکیم بنا کر کامیابی کا یقین کر لینے کے بعد عمل کرتا ہے۔ گھر کا خرچہ عقرب اپنے ہاتھوں میں رکھے تو بہتر ہے۔

عقرب مرد دلو عورت

دلو قوس قزح ہے' اس کے ساتھ دھوکہ یا بددیانتی نہ کریں وہ بگڑ سکتی ہے۔ فطرتاً خود مختار دلو کو عقرب اپنی تھوڑی سی محنت سے اپنے سانچے میں ڈھال سکتا ہے۔

برج عقرب برج حوت کے ساتھ

عقرب عورت حوت مرد

حوت آپ کی ہر خواہش پوری کرتا ہے۔ خوابوں اور حقیقت کی دنیا میں بیک وقت موجودگی اسے بہت سی کامیابیوں سے نوازتی ہے۔ عقرب ہر وقت ہالا وتی کے طلسم میں قید نہ رہے۔ حوت مرد کا کوئی ثانی نہیں۔ اس کی حفاظت کریں۔

عقرب مرد حوت عورت

حوت آپ کے لیے بہترین شریک حیات ہے' جو آپ کی حاکیت قبول کرنے کے لیے ہمہ وقت تیار ہے۔ عقرب اپنا رویہ مناسب رکھے' حوت کو پھول اور تحفے پیش کرتا رہے تو حوت کبھی بھی اسے شکایت کا موقع نہ دے گی۔

خوش جیوے سرفراز شاہ وچ مانچسٹر

برج قوس



عرصہ	21نومبر تا 21دسمبر
منسوبی حرف	ف
حاکم سیارہ	مشتری
عنصر	آتشی
ماہیت	ذوجسدین
حصہ جسم	ران
موافق نگینہ	نیلم، فیروزہ، پکھراج
موافق دن	منگل
موافق نمبر	2
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، نیلا، سیاہ
موافق پھول	نرگس آبی
موافق شریک کار	جوزا
موافق افراد	حمل، قوس
ناموافق افراد	سنبلہ، حوت
بائیو کیمک نمک	سلیشیا

ظاہری شخصیت

قوس' سیارہ مشتری کا حامل برج ہے۔ اس کی وضاحت اس کے اس علامتی نشان سے ہوتی ہے جس کا سر انسانی اور دھڑ گھوڑے کا ہے۔ اوپر سے ہاتھ میں تھاما ہوا ہے تیر۔ قوس افراد گھوڑے کی سی پھرتی' قوت اور انسان کی طرح عقل و دانش کا منبع ہوتے ہیں۔ قوس افراد کا جسم مضبوط و توانا ہوتا ہے۔ طویل القامت' خوبصورت اور پرکشش چہرے کے مالک ہوتے ہیں۔ چہرے کی ساخت عموماً کتابی' لمبوتری یا بیضوی ہو سکتی ہے۔ انکی غزالی آنکھیں دیکھنے والے کو ایک سحر سے دوچار کرتی ہیں۔ بڑے بڑے کان ہوتے ہیں۔ قوس افراد کا ناک قدرے لمبا اور عقابی قسم سے تعلق رکھتا ہے۔ بعض اوقات چہرے اور بغل میں تل بھی ہوتا ہے۔ کسی محفل میں انہیں پہچاننا اس طرح آسان ہے کہ وہ فرد جس کے گرد ایک ہجوم نہ لگا ہو لیکن پھر بھی وہ لوگوں کی توجہ کا مرکز ہو اور سب اس کی خوش مزاجی' خوش امیدی اور خوش گوئی سے مسرور ہو رہے ہوں' سمجھ لیں وہ قوس شخص ہے اکثر اوقات ان کی کھری کھری باتیں دوستوں کو پریشان کر دیتی ہیں۔ بددیانتی سے کام نہیں لیتے۔ جو بھی کرتے اور کہتے ہیں مکمل اعتماد سے کہتے ہیں۔ مدلل اور کامیاب بحث کرتے ہیں۔ ان کا چھوڑا ہوا تیر زیادہ تر درست نشان پر لگتا ہے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

قوس افراد ہمہ وقت نئی تحریکوں کو جنم دینے کی تگ و دو میں مصروف نظر آتے ہیں۔ قوس مشتری کے زیر اثر ہے۔ جو نظام شمسی کا سب سے بڑا سیارہ اور نجوم میں پھیلاؤ' وسعت اور نشوونما سے منسوب ہے۔ اس سے قوس افراد کے اندر مشتری کی خوبیوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے۔ یہ فرد میں فکر و نظر' سوچ بچار اور شعور میں پختگی پیدا کرتا ہے۔ انسان اپنے اندر اچھی صفات پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ قوس افراد کا اپنے مذہب پر مکمل اعتقاد ہوتا ہے۔ وہ اپنی زندگی میں فارغ رہنا یا وقت کا ضیاع برداشت نہیں کرتا۔ قوس کے بارے میں نفسیاتی ماہرین رائے دیتے ہیں کہ وہ سونے تک خالی الذہن نہیں ہوتے۔

معمول کی زندگی قوس کو قبول نہیں اس لئے ضروری نہیں کہ وہ تبدیلی کا احساس پہاڑ سے چھلانگ لگا کر ہی کرے۔ ممکن ہے کہ وہ اکثر قانونی حد سے زائد رفتار پر کار چلائے۔ اکثر ہوا بازوں' خطرناک دوڑوں' کوہ پیماؤں اور بل فائیٹرز کا تعلق اسی برج سے ہوتا ہے۔ قوس کے لئے ہر کام میں ارادہ اور قوت فیصلہ بنیادی اہمیت رکھتا ہے۔ جو دل میں آیا کر گزرے فیصلے میں دیر نہ لگائی اور کامیابی حاصل کی۔ ان کی کامیابی کے پیچھے اکثر ان کی راست بازی کار فرما ہوتی ہے لیکن ملازمت میں یہ راست بازی نقصان بھی پہنچا سکتی ہے۔ سعد حالت میں جائز طور پر آمدن اور زندگی میں ترقی کا حصول ہوتا ہے۔ قوس خطیب' قانون دان' فلسفی اور کھلاڑی بھی کامیاب رہتا ہے۔ نحس حالات میں گھریلو پریشانی و معاملات کے الجھاؤ اور رکاوٹ کا شکار رہتے ہیں۔

مستقبل پر نظر

قوس کی چھٹی حس نہایت اعلیٰ عہدے پر فائز ہوتی ہے۔ مستقبل کے خطرات و خوش آئندہ واقعات بھانپ لیتے ہیں اور اکثر اوقات ان کا اپنایا ہوا لائحہ عمل انہیں کامیابی سے ہمکنار کرتا ہے۔ ہمہ وقت کئی منصوبوں میں مصروف رہنے والے قوس سے اگر تیر کمان چھین لیا جائے تو وہ سبک رفتار گھوڑے کی بجائے مریل گدھا بن جائے گا۔

خود غرض

قوس افراد بعض اوقات اپنی اس عادت کی بدولت اپنے بہت سے دوستوں سے محروم اور کئے کرائے پر پانی پھیر دیتے ہیں۔ دوسروں کے ساتھ اتنی محبت' انسانیت پسندی اور بے تحاشا محبت کے بعد چند لمحے کے اس رویہ پر قابو پا کر قوس بہترین انسان بن سکتے ہیں۔ زیادہ خود اعتمادی اچھی نہیں۔

عجلت پسندی

حالات کی پیشگی اطلاع قوس کو عجلت پسند بنا دیتی ہے اور غلطی یا ناکامی کی صورت میں اس کا اقرار فطرت بدلنے کی مانند ہوتا ہے۔

خوش فکر

قوس افسر اپنے ملازمین کو اعلیٰ احکام کی نظروں میں گرنے نہیں دیتا۔ خود بھی اور انہیں بھی کھاؤ پیو اور جیو کے اصول کے تحت زندگی گزارنے کی تلقین کرتا ہے۔ صاف گو اور مخلص نکتہ چین ہوتا ہے۔

فکر انگیز پہلو

قوس کے نزدیک رشتوں کی بہت اہمیت ہے لیکن ذرا سی گفتگو میں لاپرواہی اس کے لئے دوسروں کو بددل کر دیتی ہے۔ یہ لاپرواہی مثبت تنقید بھی ہو سکتی ہے۔ اس لئے دوسرے کی رضا کے مطابق بولیں تاکہ تعلقات خوشگوار رہیں۔ دولت کا خواب کسے اچھا نہیں لگتا۔ لیکن قوس کو اس کی اہمیت کا احساس نہیں۔ اگر قوس سوچ سمجھ کر قدم اٹھائیں تو ان کے لئے دولت کمانا مشکل کام نہیں۔ رومانس کو ایک حد تک رکھیں۔ مخلص دوست بنائیں اور دوستی قائم رکھنے کی کوشش کریں۔ کیونکہ قوس کھیل کود کے شوقین ہوتے ہیں۔ لہذا جو قدم بھی اٹھائیں یہ سوچ لیں کہ کیا آپ کی باڈی فٹنس اس کی اجازت دیتی ہے۔ قوس اکثر خوبصورت جسم کے مالک ہوتے ہیں اور اگر چاہیں تو گھڑ سواری' سوئمنگ اور ورزش وغیرہ سے مزید سمارٹ ہو سکتے ہیں۔ قوس افراد کا کوکب چونکہ مشتری ہے جو جسم کو خون اور چربی پہنچاتا ہے۔ اس لئے انہیں کھانے میں احتیاط کرنی چاہیے تاکہ ان کا جگر متاثر نہ ہو۔ اکثر قوس سب کچھ جان لینے کی خواہش میں کسی بھی چیز یا مسئلے کو گہرائی سے جان نہیں پاتے اور سطحی معلومات پر گھمنڈ کرتے ہوئے صرف اپنے نظریات کو دوسروں پر تھوپنے کی غلط کوشش' ان قسمت کے دھنی لوگوں کے لئے بہت بڑا نقصان ثابت ہو سکتی ہے۔

قوس مرد

قوس مردوں میں خود پر فخر کرنے کا جذبہ بہت عروج پر ہوتا ہے۔ تعریف ان کے پہلے سے گرم جسم کو مزید گرما دیتی ہے۔ ہمیشہ اپنے آپ کو مصروف رکھنا پسند کرتے ہیں۔ اچھا کھانا ان کے دل کو بھاتا ہے۔ پھر یا یوں کہہ لیجئے کہ پُر رونق ٹیبل اور دلکش رنگ و روپ سے آراستہ محفل کے شائق ہوتے ہیں۔ محنتی' نڈر اور دھن کے پکے ہوتے ہیں۔ صاف گوئی اور ایک فیصلہ ان کی خاصیت ہے۔ دوستوں کے ساتھ خوش مطمئن وقت گزارتے ہیں۔ نہایت ارفع و اعلیٰ خیالات اور متجسس طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ آزادی پر بھی سمجھوتہ نہیں کرتے۔ اس کے لئے زندگی ایک سرکس ہے جہاں ہر لحظہ نت نئے کھیل' ایک دوسرے سے یکسر مختلف' رونما ہوتے رہتے ہیں۔ دین و اخلاقیات کے پارسا اور ہر دوسرے کی بات مکمل طور پر سن کر اچھا جواب دینے کا خواہاں ہوتے ہیں۔ ان میں دوسرے پر غالب آنے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے۔ مالی اعتبار سے جو کام کرتے ہیں۔ کامیاب رہتے ہیں۔ منطقی بھی ہے اور قمار باز بھی' کھلنڈرا دوست بھی اور بے باک ساتھی بھی۔ قوس کسی کام کو چیلنج سمجھ کر راہ فرار اختیار کرنے کو ترجیح دینے کی بجائے لوگوں کی مدد لئے بغیر اپنی مدد آپ کے تحت کامیاب منزل کی جانب قدم بڑھانے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔

قوس خواتین

قوس خواتین کی نوک دار باتیں سننے والے کو ہمیشہ ستاتی ہیں لیکن بعض اوقات اندازے کے برعکس ان کی باتیں خوشی دوبالا کر دیتی ہیں۔ انہیں اپنی ذات پر مکمل اعتماد ہوتا ہے۔ وہ سچ تو بولتی ہی ہیں لیکن بعض اوقات اس طنز کو طریقے سے کہ دوسرے کو اپنی غلطی کا احساس بھی ہو جائے اور وہ لاجواب بھی رہ جائے۔ اکثر قوس ایاں دوستی کو محبت اور محبت کو دوستی سمجھ بیٹھتی ہیں لیکن ان کا ظاہر و باطن ہمیشہ ایک جیسا ہوتا ہے۔ نہایت مضبوط کردار کی حامل اور حاضر جواب ہونے کے ساتھ جذبات سے بھی وابستہ ہوتی ہیں۔ اگر قوس خواتین کو گھر میں قید ہو کر خوش گوار زندگی گزارنے کا کہا جائے تو ایسا سوچنے اور کہنے والا حد درجہ بے وقوف ہوگا کیونکہ قید قوس کی موت ہے۔ ہر وقت کچھ کرتے رہنا قوس کو مطمئن رکھتا ہے ورنہ وہ طبعاً بے چین روح کی حامل خواتین ہیں۔ قوس کی حس مزاح اور شوخ و چنچل طبیعت انہیں جان محفل بنائے رکھتی ہے۔ قوس لوگوں میں عموماً اپنی صلاحیتوں کو جاننے اور ان سے فائدہ اٹھانے کی صلاحیت بہت خوب ہوتی ہے۔ اپنی سہیلیوں سے فائدہ نکلوانا بھی قوس بہت خوب جانتی ہے۔ تنگ نظری قوس کی فطرت میں نہیں وہ پیچیدہ مسائل کو مزید خراب بنا کر پیش کرنے کا اصول قوس کو چھو کر بھی نہیں گزرا اس لئے یہ باتوں باتوں میں تفریح کے پہلو نکال لیتی ہیں اور تازگی ذہن کے لئے علمی ادبی فلسفیانہ اور دینی نوعیت کے مسائل کے لئے بھی وقت نکال لیتی ہیں۔

قوس بچے

قوس بچے! والدین کے لئے باعث خوشی ہوتے ہیں۔ عموماً قوس بچے کسی بھی کام میں صحیح طریق کار پر چلتے ہیں۔ اخلاقاً نفیس و مستحکم ہوتے ہیں۔ ہم عمروں پر مہربان، ہمدرد اور اچھے دوست ہوتے ہیں۔ قوس میں چاند کی موجودگی ذہانت کی علامت ہے اور یہ لوگ ساری عمر کسی نہ کسی علم کی تلاش میں رہتے ہیں۔ ابتدائی و رسمی تعلیم حاصل کرنے کے بعد بھی یا کسی وجہ سے ایسا نہ ہونے کے باوجود بھی یہ لوگ حالات، و لوگوں کا مطالعہ کرتے رہتے ہیں۔ بچپن میں بھی کسی تعلیمی میدان میں مطالعہ پر بھرپور توجہ دیتے ہیں اور منفرد نظر آتے ہیں۔ ہر کسی پر بھروسہ کر لیتے ہیں۔ اسی لئے پریشان بھی ہو جاتے ہیں۔ اگر انہیں آزادی سے کام کرنے کی بجائے والدین اپنے زیر اثر رکھ کر زندگی بتانا چاہیں تو قوس بچے دانستہ طور پر بغاوت پر اتر آتے ہیں اور اپنی اچھی باتوں اور توانائیوں کو منفی طرز پر استعمال کرنے لگتے ہیں۔ ان کے والدین کو چاہئے کہ انہیں عملی زندگی میں آنے سے نہ

روکیں اور جہاں تک ممکن ہو جو یہ چاہیں کرنے دیں اور اساتذہ کھیل کے میدان اور کلاس روم میں ان کی حوصلہ افزائی اور نئے تجربات کی اجازت دیں تو یہ بہت کچھ کر سکنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔ ان کی فطرت میں جانوروں تک سے بہت محبت ہے۔ اس لئے انہیں پالتو جانور رکھنے دیں۔ دوستوں اور پیشے کے انتخاب کے سلسلے میں والدین ان کی محبت سے مدد کریں۔

برج قوس کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج قوس برج حمل کے ساتھ

قوس عورت حمل مرد

حمل و قوس کے ازدواجی تعلقات اس لحاظ سے ناخوشگوار ہو سکتے ہیں کہ حمل کی جلد فیصلے بدلنے کی عادت، اور تیز رفتاری قوس کو جتلائے کشمکش کر دے۔ حمل شاہ خرچ ہے لیکن آپ کو آڑے وقت کے لئے بچت کی فکر ہے۔ قوس حمل کی اس عادت کو پلاننگ سے ختم کر سکتی ہے۔ حمل اچھا باپ ثابت ہوتا ہے۔

قوس مرد حمل عورت

حمل آپ کو بے حد پسند کرتی ہے اس کا مشورہ آپ کے لئے نہایت کارآمد ثابت ہوتا ہے۔ لیکن قوس کو شادی کے بعد دوسری خواتین سے دور رہنا ہے ورنہ حمل تیخ پا ہو کر ہنگامہ برپا کر دے گی۔ اس کی محنت اور روزگار کی کوشش پر اسے نہ ٹوکیں۔

قوس برج ثور کے ساتھ

قوس عورت ثور مرد

بظاہر فطری سا آدمی نظر آنے والے ثور کے ساتھ زندگی گزارنے میں فہم و فراست کا ساتھ ضروری ہے۔ ایک ہی مقصد کے لئے ایک ہی انداز فکر بہتر نتائج لاتا ہے۔ اختلاف کی صورت میں چائے کی پیالی پر معاملات درست یا ختم کر دیں؟ یہی بہتر ہے۔ ثور گھر اور مکن کا دالدادہ ہے۔ پیٹ کے راستے اسے جیتا جا سکتا ہے۔

قوس مرد ثور عورت

ثور میں نسوانیت کوٹ کوٹ کر بھری ہے۔ قوس احتیاط کریں۔ ثور دوسری عورت کا ذکر نہیں سن سکتی۔ لیکن ہر دوسرے معاملے میں مکمل قوس کے ساتھ رہتی ہے۔ اس بے عقلی کا احساس دلا کر خدمت دلائیں تو بہتر ہے۔

برج قوس برج جوزا کے ساتھ

قوس عورت جوزا مرد

مردانہ وجاہت اور کھلنڈرا پن قوس کو پسند ہے لیکن جوزا میں یہ ہوتے ہوئے بھی اس کی نت نئے کام شروع کر کے ادھورا چھوڑنے کی عادت قوس کو پریشان کر دیتی ہے۔ اپنے آپ پر کاہل و سست ہونے کا الزام اپنی ذہانت اور عملی سوچ سے رد کر سکتی ہے۔ سنجیدہ جوزا مرد پر اعتماد درست ہے۔ اپنے آپ میں کچھ لچک پیدا کرنے ہی سے اچھی زندگی گزر سکتی ہے۔

قوس مرد جوزا عورت

جوزا کی فطرت کو سمجھ لینے پر پرسکون زندگی دور نہیں رہے گی۔ وہ بھی آپ کی طرح دانشمند اور بیرون خانہ زندگی کی دلدادہ ہے۔ ہوٹلنگ کروانا جوزا سے ہمدردی حاصل کرنے کا بہترین طریقہ ہے۔ جوزا کچھ حد تک تو گھر خوبصورت رکھ سکتی ہے لیکن اس پر مکمل گھرداری سونپنا آپ کی ناانصافی ہے۔ وہ آپ کو گھر میں وقت گزارنے پر زور نہیں دیتی۔

برج قوس برج سرطان کے ساتھ

قوس عورت سرطان مرد

معتدل اور معیانہ رو سرطان کی باتیں بعض اوقات برہم ہوتی ہیں لیکن دل سے وہ نرم خو اور حساس ہے۔ کاروبار میں ترقی چاہتا ہے۔ اس کی حوصلہ افزائی کریں وہ اپنے فرائض سے مکمل آگاہ ہے۔ قوس سرطان پر بھرپور اعتماد کر سکتی ہے۔

قوس مرد سرطان عورت

سرطان عورت کے خاوند کو ہر لحہ ہر طرح کے حالات سے ٹکرانے کا حوصلہ رکھنا چاہئے۔ سرطان غصیلی بھی ہے اور بردبار بھی۔ اسے اپنی محبت کا یقین دلاتے رہیں وہ خوش رہے گی۔ آپ شاہ خرچ جبکہ سرطان نہایت کنجوس یا کہہ لیں کفایت شعار ہے۔

برج قوس برج اسد کے ساتھ

قوس عورت اسد مرد

اسد مکمل کتاب ہے جسے قوس آسانی سے پڑھ سکتی ہے۔ دراصل اسد کو آپ کی ہی تلاش تھی۔ قوس کی طرف سے کھوکھلا پن اسد کو مایوس کر دیتا ہے اور اسد اپنی فطرت یعنی تحفے تحائف اور سیر و تفریح بھلا دے گا۔ وہ حکمران بن کر رہنا چاہتا ہے۔

قوس مرد اسد عورت

اسد کا مسئلہ ہے کہ وہ نہ چاہتے ہوئے بھی مرکز نگاہ بنی رہتی ہے۔ اس لئے شکی مزاج قوس گھریلو سکون کی خاطر اسد کو اپنے ساتھ لے کر باہر نہ نکلیں۔ قوس تحفے تحائف اور تعریف و توصیف سے اسد کا دل جیت سکتے ہیں۔ اسد ہر معاملے میں آپ کے ساتھ ساتھ رہتی ہے۔

برج قوس برج سنبلہ کے ساتھ

قوس عورت سنبلہ مرد

سنبلہ کو قوس کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ ذہانت کی بھی ضرورت ہے۔ سنبلہ ہمیشہ یقین ہو جانے کے بعد قدم اٹھاتے ہیں اور قوس کی طرف سے ہر قسم کی یقین دہانی ان کے لئے زندگی آسان بنا دیتی ہے۔ دھوکہ ہونے پر وہ علیحدہ ہونے میں دیر نہ کرے گا۔ گھر صاف ستھرا اور بچے صاف رکھ کر آپ سنبلہ کا دل جیت سکتی ہیں۔

قوس مرد سنبلہ عورت

سنبلہ کا اپنے ہر فیصلے کو صحیح سمجھنا درست نہیں ہے۔ کیونکہ قوس بھی فیصلوں میں غلطی نہیں کرتے۔ سچا پیار اور خلوص قوس کی طرف سے اچھی زندگی کی طرف بڑھایا ہوا قدم ہے۔ دھوکہ اور جھوٹ آپ دونوں کو ہی پسند نہیں۔ غلط فہمیاں تعلقات خراب کر سکتی ہیں۔

برج قوس برج میزان کے ساتھ

قوس عورت میزان مرد

قوس کے نزدیک فوری عمل ضروری ہے جبکہ میزان کامیابی حاصل تو کرنا چاہتا ہے لیکن آرام آرام سے۔ اس لئے قوس اکثر پریشانی کا شکار ہوتی ہے۔ اگر میزان کی راہنمائی کی جائے تو آپ اپنے مقصد میں کامیاب ہو سکتی ہیں۔ اسے خوابوں کی دنیا سے باہر لاتے ہوئے اپنا کوئی مثبت رخ اس کے سامنے مت آنے

دیں۔ وہ دلبرداشتہ ہو جاتا ہے لیکن ہر حال میں صلح کی کوشش کرتا ہے۔

قوس مرد میزان عورت

میزان قدم قدم پر آپ کا ساتھ دیتی ہے۔ اس کی اور آپ کی منطق و ذہانت مل کر بہت اچھے اور کامیاب کام کرسکتے ہیں۔ میزان بیوی کی موجودگی میں قوس گھر میں بھی خوشی محسوس کرتے ہیں سچی محبت اور آسائشوں کی فراہمی میزان کو خدمت گزار بیوی ثابت کرتی ہے۔

برج قوس برج عقرب کے ساتھ

قوس عورت عقرب مرد

آپ کی طرح عقرب کو بھی گھر سے باہر رہنا اچھا لگتا ہے۔ اختلافات کی صورت میں بحث کی بجائے خاموشی اختیار کرنا قوس کے لئے بہتر ہے۔ وہ معمولی سی بات کو لے کر توہین پر اتر سکتا ہے۔

قوس مرد عقرب عورت

جذباتی عقرب بہت جلد حواس کھو بیٹھتی ہے لیکن صرف گھر میں۔ گھر سے باہر وہ آپ کی عزت اور رازوں کی رکھوالی ہے۔ عقرب کسی غلطی یا زیادتی کو جلد ہی معاف نہیں کر دیتی بلکہ پورا بدلہ لیتی ہے۔ لہذا قوس کو قدم قدم پر ہوشیار رہنا پڑے گا۔

برج قوس برج قوس کے ساتھ

قوس عورت قوس مرد

قوس مرد شادی پر بمشکل راضی ہوتا ہے لیکن شادی کے بعد وہ بیوی پر دوسروں سے تعلقات یا گھومنے پھرنے پر پابندی نہیں لگاتا کیونکہ اسے آزادی کی اہمیت کا اندازہ ہے۔ قوس کو بزرگوں سے زیادہ دلچسپی ہے اور بچوں سے اتنی زیادہ نہیں۔ لہذا بحیثیت ماں قوس عورت بچوں کو مکمل پیار اور تحفظ دیتی ہے۔

قوس مرد قوس عورت

قوس شگفتہ مزاج خاتون ہے۔ اس کی باتیں بعض اوقات آپ کو اور رشتہ داروں حتیٰ کہ آپ کے عزیز ترین دوستوں کو ناراض کر سکتی ہیں کیونکہ وہ سچ کہنے کے لئے کسی وقت یا طریقے کا انتظار نہیں کرتی۔ اس کے باتونی پن کو ختم کر کے قوس خاوند سیر و تفریح سے بھرپور پُر لطف زندگی گزار سکتا ہے۔

برج قوس برج جدی کے ساتھ

قوس عورت جدی مرد

جناب اایک زبردست ٹکراؤ یعنی قوس بدلتے وقت کے ساتھ ہر نئے طریقے کو آزماتے ہوئے ترقی کی طرف دوڑ رہی ہے اور جدی روایت پسندانہ و قدامت پسندانہ طریقے سے رینگتے ہوئے زندگی گزارنا چاہتا ہے۔ جدی کو خوش رکھنے اور اس کے ساتھ اچھی زندگی گزارنے کے لئے قوس کو گھر میں دلچسپی لینی ہو گی کیونکہ جدی گھر میں تحفظ کو بہت اہمیت دیتا ہے۔

قوس مرد جدی عورت

جدی بیوی قوس کی طرف سے تحفظ و خوشحالی کی آرزومند ہے۔ کسی ناکامی میں وہ قوس کا ساتھ چھوڑنے کی بجائے حوصلہ افزائی کرتے ہوئے منزل کو پانے کی ہر ممکن ترغیب دے گی۔ قوس کی پارٹیز میں شرکت کی خواہش بھی جدی ہمیشہ پوری کرتی ہے۔ اس کا شائستہ پن قوس کو خوش رکھتا ہے۔ قوس اس کے میکے کی تعریف کرتے رہیں تو بہتر ہے۔

برج قوس برج دلو کے ساتھ

قوس عورت دلو مرد

دلو درگزر کرنے والے پرکشش شریک سفر ہیں بلکہ وہ تو بے تکلف دوست ہیں اور باوفا شوہر ثابت ہونے کی ہر ممکن کوشش کرتے ہیں۔ حمل قوس کی ذہانت کا معترف ہے اس کے ساتھ ساتھ وہ آپ کے ہاتھ کے پکے ہوئے کھانے کھانے کی بھی خواہش رکھتا ہے۔

قوس مرد دلو عورت

دلو بیوی یک لخت اپنا آپ ظاہر نہیں کرتی۔ وہ قوس قزح ہے جو دوسرے میں بھرے رنگ دیکھ کر حسد کی بجائے خوشی کے جذبے سے سرشار ہوتی ہے۔ وہ قوس کی غلطیاں معاف تو کر سکتی ہے لیکن ایک حد تک۔ ایک دوسرے کی خطائیں بھول کر آپ خوشگوار وقت گزار سکتے ہیں۔

برج قوس برج حوت کے ساتھ

قوس عورت حوت مرد

حوت کو تصورات و خوابوں کی دنیا سے باہر لا کر آپ اس کے ذہن سے بہت فائدہ اٹھا سکتی ہیں۔ اسے ناداروں کی مدد سے کبھی نہ روکیں۔ جیسا کہ آپ خود دوسروں کی ہمیشہ مدد کرنا چاہتی ہیں۔ حوت بظاہر لا پرواہ دوست معلوم ہوتا ہے۔ حقیقتاً وہ ہر گزرتے لمحے پر گہری نظر رکھتا ہے۔

قوس مرد حوت عورت

سگھڑ حوت سے شادی آپ کی خوش قسمتی ہے نہ وہ کم عقل ہے نہ ہی نا سمجھ ہے۔ جیسا کہ آپ اپنی بیوی سے توقع رکھتے ہیں۔ وہ آپ کو دیوتا سمجھتی ہے اور خدمت گزاری وفا شعاری میں کوئی کسر نہیں رکھتی۔ گھر پُر سکون رکھتی ہے۔ اسے تحفے دیں اور اسے خوش رکھنے کے لئے خود بھی ناراض نہ ہوں۔

برج جدی



عرصہ	21 دسمبر تا 20 جنوری
حروف	ج، خ، گ
حاکم کوکب	زحل
عنصر	خاکی
ماہیت	منقلب
حصہ جسم	گھٹنے
موافق نگینہ	موتی، یاقوت، حجر القمر
موافق دن	ہفتہ
موافق نمبر	8
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، سبز
موافق پھول	کارنیشن
موافق شریک کار	سرطان
موافق افراد	عقرب، حوت
ناموافق افراد	حمل، میزان
بائیو کیمک نمک	کلکیریا فاس

ظاہری شخصیت

برج جدی سے تعلق رکھنے والے افراد اکثر اوقات لمبی قدرے پتلی گردن کے مالک ہوتے ہیں۔غزالی آنکھوں اور خوبصورت چہرے کے مالک ہونے کے ساتھ ساتھ متناسب چھاتی کے مالک ہوتے ہیں۔دلکش و پتلا چہرہ اور لمبی ناک، واضح ابرو اور کچھ حد تک جھکے ہوئے کندھے۔جدی لوگ شرمیلے واقع ہوئے ہیں۔کم از کم پہلی ملاقات میں وہ کسی کو متاثر نہیں کر سکتے۔بلکہ پہل کی توقع ہمیشہ دوسرے سے رکھتے ہیں۔اکثر جدی نو عمری ہی سے اپنی شخصیت کو جدا رنگ دینے کی عادت ڈال لیتے ہیں۔اردگرد کا ماحول، اس کی تبدیلیوں کو جلد سمجھ لینے کی صلاحیت رکھتے ہوئے بہتر شعوری آگاہی کا ثبوت دیتے ہیں۔اکثر جدی افراد تجسس قسم کی طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔لوگوں میں آ کر وہ اس شخص کی طرف زیادہ راغب رہتے ہیں۔جس نے محنت و ہمت سے بلند مقام حاصل کیا ہو۔کبھی اپنے مقصد سے نہیں ہٹتے چاہے جو بھی ہو جائے کیونکہ جدی کے مطابق یہ جو کرتے ہیں بس کرتے ہیں، ضروری نہیں کہ وہ اپنی ہر بات اور عمل کی وضاحت یا نسبت بیان کریں۔وہ کامیابی کے اعلیٰ ترین مقام کو پانا چاہتے ہیں ورنہ اپنا وجود بے سود سمجھتے ہیں۔ان کی کوشش یہ بھی ہوتی ہے کہ چاہے نچلے درجے پر ہوں یا اعلیٰ مقام پر ایسے کام کرتے رہیں جن سے شہرت ملے اور یہ لوگوں میں پہچانے جائیں۔سب سے بات کرتے وقت مکمل ہمدردی و تعاون کا یقین دلاتے ہیں۔ان کی باتوں سے مضبوط قوت ارادی جھلکتی ہے۔ اور ساتھ ہی ساتھ ان کے سینے میں چھپے توہمات اور ان دیکھے خوف بھی ان کی کامیابیوں کی راہ میں حائل ہونے کا اشارہ دیتے ہیں۔جدی لوگ ہمیشہ بن سنور کر رہتے ہیں کیونکہ نازک اور جوان نظر آنا چاہتے ہیں۔انہیں سب سے زیادہ اپنے بالوں کی فکر کرنی چاہیے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

جدی افراد کا علامتی نشان بکری ہے۔روایتاً یہ بکری انسان کی تہذیب و تمدن کی تعلیم کی علم بردار ہے۔ یوں تو ہر سیارہ کے تحت آنے والے افراد کو ہم دو اقسام میں تقسیم کر سکتے ہیں۔سعد اور نحس حالات انہیں اچھا یا

برا، کامیاب یا ناکام کی فہرست میں لا کھڑا کرتے ہیں۔ جدی افراد عموماً ہر کام سنجیدگی سے لیتے ہیں۔ انہیں کسی کام کی جلدی نہیں ہوتی۔ حالات کا خاموشی سے جائزہ لیتے ہوئے عملی اقدام کرتے ہیں۔ چاہے وہ رشتہ داری ہو، روزگار یا محبت، جذباتی نہیں ہوتے بلکہ ہر ممکن طریقے سے سوچ بچار، افہام و تفہیم اور متحمل مزاجی کا ثبوت دیتے ہیں۔ برج جدی میں زحل کا اثر باعث رکاوٹ ہے جس میں انسان کو اس کی محنت کا پھل صبر کرنے پر ملتا ہے۔ لیکن اگر محنت لگن سے اور سچے جذبے سے کی گئی ہو تب۔ جدی افراد کسی حد تک تنگ نظری، جبر اور نکتہ چینی کا شکار بھی ہوتے ہیں۔ روایت کو پلو سے باندھ کر زمانہ جدید سے گزرنے کا خواب انہیں منتشر کر سکتا ہے۔ منزل نظر آنے کی صورت میں وہ ہم سفر کو سر راہ چھوڑ کر جا سکتے ہیں۔ احساس ذمہ داری انہیں مصروف رکھتا ہے۔ بعض اوقات اپنی مصروفیات دفتر سے گھر تک منتقل کر سکتے ہیں۔ کیونکہ یہ گھر کو ایک مکمل آرام گاہ اور پُرتحفظ مقام سمجھتے ہوئے جو بھی چاہیں، کرنا چاہتے ہیں۔ بہتر ہے کہ استاد، سیاستدان یا سرکاری افسر بننے کی کوشش کریں۔ لیکن جیسا کہ آپ جانتے ہیں انسان کو اتنا ہی ملتا ہے جتنی وہ کوشش کرے۔ جدی سعد حالت میں سیاسی معاملات میں کامیاب رہتا ہے اور ذمہ دار ثابت ہوتا ہے۔ نحس حالات میں جدی افراد مقصد حیات میں مشکلات، تشویش اور رکاوٹ کا شکار ہوتے ہیں۔

دانشمند طاقتور

جدی کی ڈرامائی تبدیلیاں و حادثات اکثر دیکھنے میں آتے ہیں۔ خاص طور پر خواتین ہر شعبہ ہائے زندگی میں اپنی مہارت چاہتی ہیں۔ اور اپنی ذہانت سے کام لیتے ہوئے کامیابی کی ہر سیڑھی عبور کرتی جاتی ہیں۔ قریبی دوست بعض اوقات انہیں ان کی بے وقوفوں کا احساس دلاتے رہتے ہیں۔ اگر یہ بے بنیاد خوفوں سے نجات حاصل کرلیں تو عظیم قوت برداشت میں روحانی پاکیزگی انہیں کامیابی سے ہمکنار کرتی ہے۔

ہوس زر

جدی کا مادہ خاکی ہے جو مادہ پرستی کا نمائندہ ہے۔ احساس غربت آپ کی تمام خوبیوں پر پانی پھیر دیتا ہے۔ خود کو ہر لمحہ غریب، بے سہارا، غمزدہ سمجھنا چھوڑ دیں۔ اس کے علاوہ انا پرستی چھوڑ دیں کیونکہ ہر ایک اپنا نقطہ نظر رکھتا ہے اسے اپنے تابع کرنے کا خیال اور دوسروں کو حقیر سمجھنا چھوڑ دیں۔

فولادی قوت ارادی

جدی اپنا ساتھی خود ہوتا ہے۔ جس کا نعرہ ہے میں ہر فن مولا ہوں، انتہا پسند اور کفایت شعاری کا مظاہرہ

کرتا ہے۔ کم پیسوں میں بھی خاموشی سے سختی جھیلنا اور اس کے ساتھ دوسری پریشانیوں کو پوشیدہ رکھنا بھی اس کی صفت ہے۔

فکر انگیز پہلو

جدی افراد کے لیے سب سے پہلی بات یہ کہ آپ جہاں بھی ہوں جس فیلڈ میں بھی ہوں ہمیشہ دوسروں کو ڈکٹیٹ کرنا چاہتے ہیں۔ تعمیل خواہش نہ ہونا دوسروں کے لیے آپ کو خود غرض بنا دیتا ہے۔ اس رویے کو کنٹرول کریں کیونکہ اپنی خواہشات پوری کرنا ہر مخلوق خدا کا حق ہے آپ کسی پر حکومت کر کے اسے اپنی مرضی پر نہیں چلا سکتے۔ دوست اور دشمن کی پہچان کریں۔ ہر ایک پر خواہ مخواہ اعتبار بھی نہ کر بیٹھیں، بہت نقصان ہو سکتا ہے۔ آپ کی عادت ہے کہ اپنی کمزوریاں، پریشانیاں مالی یا معاشی مشکلات فوراً دوسروں سے ڈسکس کرنے لگتے ہیں۔ یہ کوئی اچھی عادت نہیں ممکن ہے سامنے والا آپ کو بظاہر ہمدرد دکھائی دے لیکن مشورہ ایسا دے کہ جس میں اس کا اپنا زیادہ فائدہ ہو۔ سمارٹ رہنے اور اپنی حیثیت سے بڑھ کر نظر آنے کی کوشش تو آپ کرتے ہی ہیں۔ اپنے اندر ایسے اوصاف پیدا کریں جو پہلی ملاقات کے بعد موثر اثرات چھوڑ کر جائیں۔ ہر معاملے میں دوسروں سے پہل کی توقع کرنا چھوڑ دیں اگر آپ اپنا ہاتھ نہیں بڑھانا چاہتے اور اگر چاہتے بھی ہیں لیکن عملی اقدام نہیں کرتے تو پھر کوئی اور بھی آپ کو نہیں پوچھتا۔ ایک اور خاص بات اپنے اندر کے بے جا خوف نکال دینا بہتر ہے۔ مثلاً آپ کے پاس اچھا خاصہ پیسہ ہے لیکن دل میں احساس غربت یا احساس کمتری ہے۔ اپنے آپ کو اور اپنی دولت کو پوشیدہ رکھنے کا خیال ہے تو وہ دولت آپ کے کسی کام کی نہ رہے گی۔ اس برج کے لوگوں میں زیادہ تر جلدی امراض اور بدہضمی و گھٹنوں وغیرہ کا درد ہوتا ہے۔ اس لیے انہیں احتیاط کرنی چاہیے۔

جدی خواتین

جدی خواتین کی شخصیت اس لحاظ سے منفرد ہوتی ہے کہ وہ صرف بحیثیت انسان سب کچھ کر گزرنا چاہتی ہے۔ عورت کے نام پر دی گئی رعایت انکی بھرپور، فعال اور بامعنی زندگی میں کوئی اہمیت نہیں رکھتی۔ جدی دلکش اور متوازن شخصیت ہونے کے ناطے کبھی بھی اپنے آپ کو کمزور یا ناتواں یا دوسرے نمبر کی مخلوق تصور نہیں کرتی۔ وہ جو ہے ہمیشہ اس سے بڑھ کر نظر آنا چاہتی ہے۔ بحیثیت بیوی بھی کامیاب اور متحرک خاوند کو پسند کرتی ہے۔ ضرورت پڑنے پر گھر سے نکل کر کمانا اس کے لئے معیوب نہیں ہوتا۔ لیکن پھر بھی وہ ہمیشہ اپنے گھر اور خاندان کو

اولیت دیتی ہے۔ ہر ایک کے دکھ درد کو اپنے دکھ کی طرح محسوس کرتی ہے۔ کسی حاجت مند کی مدد کر کے روحانی خوشی حاصل کرتی ہے۔ اکثر اوقات انہیں یہ احساس ستاتا رہتا ہے کہ شاید وہ عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ اسی لیے دوسروں پر اعتماد مشکل سے کرتی ہیں۔ ہر لمحہ اپنے لئے ایک سادی سی بات کو بھی مسئلہ بنائے رکھتی ہیں۔ کہیں ایسا نہ ہو جائے کہیں ویسا نہ ہو جائے۔ ذہنی پریشانی انہیں مزاح سے مکمل طور پر لطف اندوز نہیں ہونے دیتی۔ اپنے خطرات وواہے تو بچوں کو منتقل کر دیتی ہے لیکن جذبات واحساسات کی منتقلی میں ناکام رہتی ہے۔ اپنے اوپر سنجیدگی کا غلبہ رکھنے کی کوشش نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ مجموعی طور پر اچھی مائیں اور ازدواجی زندگی میں الجھنیں پیدا کرتی رہتی ہیں۔

جدی مرد

جدی مرد ایک حصار میں قید ہوتا ہے جس کے اندر گھسنے اور باہر جانے کی اجازت وہ کسی کسی کو دیتا ہے۔ جدی بظاہر پُرسکون اور بے پرواہ نظر آئے گا۔ لیکن ہمیشہ اپنی مردانہ وجاہت اور ذہانت کی تعریف کا منتظر رہتا ہے۔ اپنے جذبات پر حد درجہ کنٹرول اس کی خاص صفت ہے۔ کسی کے ساتھ ناانصافی یا زیادتی نہیں کرنا چاہتا۔ چاہے امیر ہو یا غریب کفایت شعار ہوتے ہیں۔ اپنے ماضی پر ہمیشہ فخر کرتے ہیں ہر لمحہ ہر قدم قدیم روایات کی روشنی میں اٹھانا چاہتے ہیں۔ عام طور پر جدی مرد محبت کے جذبے سے یکدم مغلوب ہونے کی بجائے سوچ سمجھ کر قدم بڑھاتے ہیں اور مکمل وفادار ہوتے ہیں لیکن اگر کبھی بھی انہیں محسوس ہو کہ ان سے بے رخی برتی جا رہی ہے تو خاموشی سے تعلق ختم کر لیتے ہیں۔ جدی افراد صحت کے اعتبار سے بھی خوش قسمت ہوتے ہیں۔ اپنی عمر سے زیادہ پختہ نظر آتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کرتے ہیں کہ آمدن ٹھیک ٹھاک ہو اور وہ اپنی خوبیوں و مہارتوں کا احساس دوسروں کو بھی دلوا سکیں۔ جدی سیر و تفریح اور خاص طور پر پہاڑی مقام بہت پسند کرتے ہیں۔ ان کی ملکیت میں سے کوئی چیز شیئر کرنے کی خواہش انہیں کچھ خاص خوش نہیں کرتی۔ گھریلو ماحول میں بہتری یا خوشگواری کی بات ہو تو بھی یہ سامنے آنے کی زیادہ کوشش نہیں کرتے۔ لیکن گھر ان کے نزدیک مکمل آرام گاہ اور پُرتحفظ مقام ہے۔ اپنی جان سے بہت محبت کرتے ہیں۔ بہترین شوہر اور محبت کرنے والے باپ ثابت ہوتے ہیں۔

جدی بچہ

عموماً اپنی عادات، ذہانت اور بول چال سے دوسرے بچوں کی نسبت عمر سے بڑے محسوس ہوتے ہیں اسی لیے والدین کے لئے باعث پریشانی بن جاتے ہیں۔ ان کی قوت ارادی اور خارجی و داخلی ماحول کو جانچنے کی صلاحیت دوسروں کو حیران کر دیتی ہے۔ اور وہ خود بھی ہم عمروں کی بجائے بڑوں میں وقت گزارنا چاہتے ہیں۔ انہیں اگر ایک مرتبہ روزمرہ معمولات سمجھا دیے جائیں تو والدین بے فکر ہو جاتے ہیں۔ سکول سے بالکل نہیں گھبراتے۔ اساتذہ سے نت نئے سوال کرتے ہیں کہ انہیں لاجواب کر دیں۔ تجسس کا مادہ انہیں کہیں ٹکنے نہیں دیتا۔ دوسرے بچے ان سے متاثر ہوتے ہوئے ان کی تقلید بھی کرتے ہیں۔ ذہنی طور پر جلد ہی پختہ ہو جاتے ہیں۔ مجموعی طور پر ایسے بچے ہوتے ہیں جن پر تھوڑی سی محنت کر کے والدین بہت فخر کر سکتے ہیں۔ ان کے اساتذہ بھی ہمیشہ ان سے خوش رہتے ہیں کیونکہ یہ بھی کسی کو کہنی مار کر آگے نہیں نکلتے بلکہ ایسا جال پھیلا کر مکمل منصوبہ بندی کے تحت منزل مقصود تک پہنچتے ہیں کہ دوسرا حیران رہ جائے۔ کبھی کبھار حسد اور رقابت کے جذبات سے مغلوب ہو جاتے ہیں۔ بعض اوقات سوچتے زیادہ اور عمل کم کر کے سستی اور غیر ذمہ دارانہ رویے کا بھی ثبوت دیتے ہیں۔

برج جدی کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج جدی برج حمل کے ساتھ

جدی عورت حمل مرد

حمل صاحب ذرا احتیاط کریں۔ آپ کی زوجہ آپ کو ایک لمحہ آزاد نہیں چھوڑنا چاہتی جبکہ آپ اپنی علمی پیاس بجھانے کے لئے کوئی کنواں تلاش کئے بغیر نہیں رہ سکتے۔ لہٰذا گڑبڑ ہو سکتا ہے۔ جدی کو چاہیے کہ حمل کے گلے کا ہار بننے کی بجائے بوقت ضرورت اسے مفید مشورے دے اور گھریلو سکون فراہم کرے۔

جدی مرد حمل عورت

حمل کے ساتھ شادی کر کے جدی کو صبر کا دامن تھامنا نہیں بلکہ سدا کیلئے اس سے جڑ جانا ہوگا کیونکہ آپ کی سست روی اور کاہلی کے مقابلے میں حمل پھرتیلی اور تیز رفتار ہے جو آپ کی اس عادت کو پسند نہیں کرتی۔ یہ علیحدہ بات ہے کہ ناکامی پر آپ کا دلاسہ اسے تقویت بخشتا ہے۔ اس کی ذہانت و عملی زندگی کی تعریف اور احساس محبت دلاتے رہیں لیکن حاکمیت جھاڑنے کی کوشش نہ کریں۔ حمل آپ کے آرام و آسائش کا مکمل خیال رکھتی ہے۔

برج جدی برج ثور کے ساتھ

جدی عورت ثور مرد

جدی خوش نصیب ہے کہ اسے ثور جیسا مکمل تحفظ دینے والا خاوند ملا۔ ثور کے دل کو پیٹ کے راستے جیتا جا سکتا ہے۔ وہ صاف دل ہے منافق نہیں اور جدی کی ہر طرح سے ہر خواہش پوری کرنے اور پرامن زندگی گزارنے کی ہر ممکن کوشش کرتا ہے۔

جدی مرد ثور عورت

برج ثور کی بیوی گھر کو پرسکون اور آرام دہ رکھتی ہے۔ محبت کے بارے میں سنجیدہ اور بعض اوقات

نہایت جذباتی ہو جاتی ہے۔ جدی مرد کی کوشش ثور کو اچھی لگتی ہیں۔ ناکامی کی صورت میں وہ جدی کا حوصلہ بڑھاتی ہے اور اچھا مشورہ، آرام دہ گھر اور صاف ستھرے بچے ثور کی اولین کوشش ہوتے ہیں۔ جدی کو خوش و خرم رکھتی ہے۔

برج جدی برج جوزا کے ساتھ

جدی عورت جوزا مرد

جوزا مرد ایک آزاد پنچھی ہے جو پرکشش اور خوب صورت شخصیت کا مالک ہے لیکن اس کے باوجود جدی کے لیے ایک بات باعث پریشانی ہے اور وہ ہے جوزا کا کام ادھورا چھوڑ دینا۔ جوزا نئی تکنیک استعمال کر کے آگے بڑھنا چاہتا ہے جبکہ جدی کا اصرار روایت پر ہے۔ اگر جدی اپنے مشوروں کو کچھ کنٹرول کرتے ہوئے بہتر حکمت عملی اختیار کریں تو ماحول خوشگوار ہو سکتا ہے۔

جدی مرد جوزا عورت

جوزا سے شادی کے بعد آپ اس کے اندر جھانکنے کی کوشش کریں گے بھی تو ضروری نہیں کہ کامیاب ہو سکیں۔ وہ ہر لحہ بدلتی ہے اور ہر لحہ شخصیت کا نیا رنگ نظر آتا ہے۔ جبکہ جدی مستقل مزاجی اور ہم آہنگی سے ہر کام کرنے کا عادی ہے۔ اگر بچوں پر جدی خود زیادہ توجہ دے تو بہتر ہے۔

برج جدی برج سرطان کے ساتھ

جدی عورت سرطان مرد

سرطان کے اندر وہ خوبیاں موجود ہیں جن کی آپ کو تلاش تھی۔ سرطان کی ہر بات منطق پر مبنی ہوتی ہے۔ جدی کسی بھی مسئلہ کے فیصلے اور روپے پیسے کے معاملے میں بھی سرطان پر بھرپور اعتماد کر سکتی ہے۔

جدی مرد سرطان عورت

سرطان بھی خود جدی کی طرح باعمل ہے۔ اسے گھر سے شدید محبت ہے۔ اور جدی کی خوشی کے لیے وہ ہر وقت کچھ بھی کرنے کو تیار رہتی ہے۔ آپ دونوں ایک دوسرے کو سمجھ کر پرسکون و متوازن زندگی گزارنے کی صلاحیت رکھتے ہیں۔

برج جدی برج اسد کے ساتھ

جدی عورت اسد مرد

اسد شیر ہے جو ہر حال میں حکومت چاہتا ہے کم کچھ جدی بھی نہیں۔ لیکن اگر جدی کی خواہش ہے کہ اسد اس پر محبت کے پھول نچھاور کرے تو اسے اپنی محبت کا یقین اسد کو دلانا ہوگا۔ اور پھر دیکھیں اس کی نوازشات' آپ تصور بھی نہ کر سکیں گے۔

جدی مرد اسد عورت

اسد زندگی کی رنگینیوں میں جینا چاہتی ہے لیکن مشکل اس وقت پیدا ہوتی ہے جب جدی اسے نظم ونسق سے زندگی گزارنے پر زور دے۔ اور زور پر چلنا اسد کی لغت میں نہیں۔ جدی اسد سے محبت بہت کرتا ہے۔ اسی لیے وہ بعض اوقات اسد کی ناپسندیدہ خواہشات کی بھی تکمیل کر دیتا ہے۔ لہذا اسد کو بھی جدی کی خواہشات کا احترام کرنا چاہیے۔

برج جدی برج سنبلہ کے ساتھ

جدی عورت سنبلہ مرد

بظاہر تو سنبلہ کو آپ کم کو سمجھیں گی لیکن وہ ہر ایک سے یونہی ہر بات کہہ نہیں دیتے۔ ہاں اگر سنبلہ نے جدی پر مکمل اعتماد کر لیا ہے تو وہ زندگی کے کسی بھی مرحلے پر جدی کو چھوڑے گا نہیں۔ جدی کو چاہیے کہ بچوں اور گھر کو صاف ستھرا رکھے کیونکہ سنبلہ یہی چاہتا ہے۔

جدی مرد سنبلہ عورت

سنبلہ کے ذہن میں ایک آئیڈیل موجود ہے۔ اسے توجہ اور بھرپور محبت کا احساس دلانا آپ کے لئے اس کی محبت کی پختگی کا سبب ہے۔ اسے دھوکہ دینے کی کوشش نہ کریں کیونکہ بحث اس کا شوق اور دوٹوک فیصلہ اس کی عادت ہے۔ ممکن ہے اسی طرح وہ آپ کی آسائشوں کا خیال رکھتے ہوئے گھر کو اچھا بنا لے۔

برج جدی برج میزان کے ساتھ

جدی عورت میزان مرد

میزان حسن وتوازن کو پسند کرتے ہیں لیکن زیادہ وقت تصورات کی دنیا میں گزارتے ہیں۔ جدی کو الجھن تو محسوس ہوتی ہے لیکن میزان کی بے یقینی کو تھوڑی سی کوشش سے دنیائے حقیقت میں لایا جا سکتا ہے۔

گھریلو خرچ جدی کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہیے۔

جدی مرد میزان عورت

میزان محبت وخلوص سے نا واقف تو نہیں لیکن پھر بھی ہر لمحہ رخ بدلتی ہوا کی مانند رہتی ہے۔ جب مقصد پورا ہوا رخ موڑ لیا۔ یہاں پر جدی کو صبر اور برداشت سے کام لینا ہے۔ کیونکہ شادی اکٹھے رہنے کے لئے ہوتی ہے۔ میزان عمدہ کھانے پکا کر اور گھر کو ڈیکوریٹ کر کے جدی کی خواہشات پوری کر سکتا ہے۔

برج جدی برج عقرب کے ساتھ

جدی عورت عقرب مرد

برج عقرب سے تعلق رکھنے والے مرد ذہین و سمجھدار اور ہمیشہ کامیابی کے خواہشمند رہتے ہیں۔ صاف گو اور بے باک عقرب کے راستے میں آ کر جدی غلطی کرے گی۔ اسے گھر سے دلچسپی لینے پر مجبور نہ کریں انہیں باہر بہت کام ہیں لیکن اپنے بچوں کو کبھی نظر انداز نہیں کرتے بلکہ ہمیشہ خوبصورت وصاف ستھرا اور مہذب دیکھنا چاہتے ہیں۔

جدی مرد عقرب عورت

عقرب غصیلی اور تند مزاج زوجہ ہے۔ تاہم محبت کرنے والی بھی ہے۔ جدی اگر اسے ناراض نہ کرے تو بہتر ورنہ وہ پھٹ جائے گی لیکن مجال ہے جو گھر کا راز باہر نکال کر خاوند یا گھر کے نام پر انگلی اٹھنے دے۔ جدی کی خیر خواہ اور اسے دوسروں سے برتر دیکھنا چاہتی ہے۔

برج جدی برج قوس کے ساتھ

جدی عورت قوس مرد

قوس کسی مشورے وغیرہ کو قبول نہیں کرتے کیونکہ اسے اپنے آپ پر بے حد اعتماد ہوتا ہے۔ جدی کو گھماتے پھراتے اور شاپنگ وغیرہ بھی کرواتے رہیں لیکن جدی کا یہ مطالبہ پورا نہیں ہو سکتا کہ وہ زیادہ وقت گھر پر گزاریں۔ بچوں پر وہ کم عمری کی بجائے لڑکپن کی عمر میں زیادہ توجہ دیتے ہیں۔

جدی مرد قوس عورت

قوس جدی کی باعمل فطرت میں کشش محسوس کرتی ہے۔ کینہ وبغض کی عادت جدی کو ہے نہ قوس کو

بات کہے بنا رہ سکتی ہے۔ جدی سے گھومنے پھرنے کی توقع کرتی ہے۔ دونوں ایک دوسرے کی ضروریات کو سمجھتے ہیں۔ گھر کا خرچ جدی کو اپنے ہاتھ میں رکھنا چاہیے کیونکہ قوس کی ہتھیلی پر پیسہ زیادہ دیر نہیں رکتا۔

برج جدی برج جدی کے ساتھ

جدی عورت جدی مرد

جدی مرد بظاہر تو سنجیدہ اور غیر جذباتی ہیں لیکن آئیڈیل ملنے کی صورت میں کسی اور چہرے کو نہیں تکتے۔ جدی شریک حیات جدی زوجہ کے لیے آسائشِ زندگی فراہم کرنے کی مکمل و بھرپور کوشش کرتا ہے۔ باوفا شوہر اور محبت کرنے والے باپ ہوتے ہیں لیکن ظاہر نہیں کرتے۔ آپ دونوں کی جوڑی مثالی ہے۔

جدی مرد جدی عورت

آپ کی زوجہ قابل اعتبار اور مخلص ہے۔ جدی عورت کامیاب و مالی لحاظ سے مستحکم مرد کو پسند کرتی ہے اس لئے جدی خاوند کو کوشش جاری رکھنا چاہیے۔ مجموعی طور پر دونوں میں کافی ہم آہنگی ہے۔ زوجہ محترمہ گھریلو کاموں میں کافی سگھڑ ہیں اور بچوں کو بھی نظم و نسق کے آداب سے آراستہ رکھتی ہیں۔

برج جدی برج دلو کے ساتھ

جدی عورت دلو مرد

جدی کی عمل پسندی کے مقابلے میں دلو اتنے باعمل نہیں بلکہ خوابوں کے مسافر ہیں۔ لیکن سب سے بڑی خصوصیت ان کی فراخدلی ہے۔ جب دلو جوش میں ہوں تو ان کے لیے کہا جاتا ہے کہ وہ 50 سال آگے کا سوچتے ہیں۔ اور مستقبل کی منصوبہ بندی بڑی ٹھیک ٹھاک کرتے ہیں۔ ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

جدی مرد دلو عورت

دھنک رنگ دلو سے شادی کے بعد ہر لحہ کسی نئے طوفان سے مقابلے کے لئے تیار رہیں۔ وہ حسد نہیں کرتی اور جدی کی طرف سے بھی حسد و شک کو برداشت نہیں کرتی۔ افہام و تفہیم پیدا کر کے آپ اچھی زندگی استوار کر سکتے ہیں۔

برج جدی برج حوت کے ساتھ

جدی عورت حوت مرد

جدی کے لیے حوت بہترین ہے۔ جدی کو چونکہ مالی طور پر مستحکم مرد پسند ہے تو حوت بھی محنتی اور کامیاب حکمت عملی کی ذریعے مسلسل جدو جہد کرنے والا ہے۔ جدی کو تحفے تحائف دیتا اور خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔ اردگرد کے لوگوں کو خوش رکھنا بھی اس کی خواہش ہوتی ہے۔ آپ دونوں پرسکون گھر پسند کرتے ہیں۔ جدی بچوں کی تربیت بہت اچھی کرتی ہے۔ اور بچے حوت کے ساتھ رہ کر بہت خوش رہتے ہیں۔

جدی مرد حوت عورت

حوت محبت اور شادی کو بہت اہمیت دیتی ہے اور آئیڈیل کی تلاش میں رہتی ہے۔ عام طور پر دیکھا گیا ہے کہ جدی اور حوت کی جوڑی کامیاب ہے۔ حوت اپنے اوپر کوئی بات آنے سے پہلے مچھلی کی طرح ہاتھ سے پھسل جاتی ہے لیکن جدی کو تنہا نہیں چھوڑتی۔ اس کی موجودگی یا غیر موجودگی میں اس کے متعلق نازیبا الفاظ ناپسند کرتی ہے۔ جدی کی حوصلہ افزائی کرتی ہے۔ بعض اوقات جدی کی ڈانٹ اسے دلبرداشتہ کر دیتی ہے لیکن ذرا سا دلاسا اسے حیات نو بخشتا ہے۔ آپ دونوں اچھی زندگی گزارتے ہیں۔

برج دلو



عرصہ	21 جنوری تا 19 فروری
حروف	س، ش، ث، ص
حاکم کوکب	زحل، یورنس
عنصر	بادی
ماہیت	ثابت
حصہ جسم	ٹخنا
موافق نگینہ	نیلم، پکھراج، حجر القمر، عقیق
موافق دن	ہفتہ
موافق نمبر	4
موافق رنگ	بنفشی، سبز، ہلکا نیلا
موافق پھول	نرگس آبی
موافق شریک کار	اسد
موافق افراد	حمل، قوس
ناموافق افراد	جوزا، قوس
بائیو کیمک نمک	نیٹرم میور

ظاہری شخصیت

یہ بات تو طے ہے کہ فطری حسن کی تلاش میں ہر کوئی سرگرداں رہتا ہے۔ بعض لوگ اپنی شخصیت کو خود متاثر کن بناتے ہیں اور کچھ لوگ فطری طور پر سحر انگیز شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ دلو افراد کا شمار بھی ایسی ہی سحر انگیز شخصیتوں میں ہوتا ہے۔ دلو افراد دوسروں کو مخاطب کرتے وقت بھی اپنائیت کا اظہار کرتے ہیں۔ ان کا یہ عمل ان کی شخصیت کو چار چاند لگا دیتا ہے۔ خوبصورت جسامت کے حامل ہونے کے ساتھ ساتھ یہ باتوں کا ہنر بھی بہت خوب جانتے ہیں۔ اپنے سامنے والے کو باتوں باتوں میں متاثر کر لینے اور غلبہ حاصل کرنے کی صلاحیت سے مالا مال ہوتے ہیں۔ کسی معاملے پر بحث کرنے سے گھبراتے نہیں۔ ایک ہی نظر میں دوسرے کی شخصیت کو بھانپ لیتے ہیں۔ اپنی رائے کا برملا اظہار کرتے اور تجاویز قبول کرنے میں بے عزتی محسوس نہیں کرتے۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

زندگی کے متعلق دلو افراد کا نقطہ نظر بہت روشن ہوتا ہے۔ یہ لوگ خود اپنی زندگی بنانے کے قائل ہوتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ ہر لمحہ آگے بڑھنے کی خواہش تقویت پاتی رہتی ہے۔ مشکل سے مشکل حالات بھی انہیں مقصد سے نہیں ہٹا سکتے۔ ان کی مسلسل محنت، ثابت قدمی اور بیداری ان کی زندگی سے ثبات وجمود کے الفاظ مٹا دیتی ہے۔ ویسے دلو افراد ذہنی طور پر بھی ہر مسئلے کو نت نئے طریقے سے حل کرنے کی کوشش کرتے رہتے ہیں لیکن ناکامی کی صورت میں اپنی شکست سے آنکھیں نہیں چراتے۔ شکست کو انا کا مسئلہ بنائے بغیر ماضی کے تجربات سے فائدہ اٹھاتے ہوئے نئی منصوبہ بندی کے تحت اگلا قدم اٹھاتے ہیں۔ عام طور پر دلو اجتماعیت پسند ہوتے ہیں۔ خود غرضی کی بجائے دوسروں کی مدد کر کے ذہنی آسودگی حاصل کرتے ہیں۔ مل کر کام کرنے میں لطف حاصل کرتے ہیں۔ ارد گرد کے لوگوں سے ملنے اور ان کے مسائل حل کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

بنا سوچے سمجھے حالات سے ٹکر لینے کی بجائے حالات سے مطابقت پیدا کر کے حکمت عملی سے بہتر تبدیلی

پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ گویا تمام حالات سے ذہنی ہم آہنگی پیدا کرنا ان کے ذہین ہونے کا ثبوت ہے۔ عام طور پر یہ دیکھا گیا ہے کہ یہ لوگ تخلیقی ذہانت کے مالک ہوتے ہیں۔ اپنا پیٹ تو خالی رکھ سکتے ہیں ذہن نہیں۔ گویا دلو افراد زندگی کو گزارتے ہیں زندگی انہیں نہیں گزارتی۔

راست گو

دلو افراد سادگی اور راست گوئی سے کام لیتے ہیں۔ اپنی ذات کے ہر پہلو پر بے جھجک بات کرنے کا حوصلہ رکھتے ہیں۔ دوسرے لوگوں کی طرح ان کے ظاہر اور باطن میں تضاد نہیں ہوتا۔ اور بذات خود ایسی کیفیت کے شکار لوگوں سے نفرت کرتے ہیں۔ اپنے مفادات کی پرواہ کیے بغیر بعض اوقات حیرت انگیز کام کر گزرتے ہیں اور دوسرے لوگوں کے لئے بھی یہی جذبات رکھتے ہیں کہ ہر ایک کو خود اپنی زندگی گزارنے کا اختیار حاصل ہے۔ جس میں کسی کو مداخلت کا حق حاصل نہیں ہے۔

تخلیقی صلاحیتیں

جیسا کہ پہلے بھی ذکر کیا گیا ہے کہ دلو تخلیقی ذہانت کے حامل ہوتے ہیں۔ ایک ہی جیسے طرز زندگی سے تنگ آجاتے ہیں۔ جو بھی کام کرتے ہیں یہ سوچ کر کرتے ہیں کہ کیسا کر رہے ہیں؟ معاوضے سے قطع نظر کام کی نوعیت کے مطابق عمل کو اہمیت دیتے ہیں۔ مختصراً یہ کہ کم معاوضے پر بھی بہترین تخلیقی صلاحیتوں کا استعمال ان کا نقطہ نظر ہوتا ہے جس سے کہ وہ اپنی ذات کو منوا سکیں۔ لیکن ایک بات اس سلسلے میں بہت اہم ہے کہ یہ کام بہت کم وقت میں اور بہت عمدگی سے کرتے ہیں بشرطیکہ وہ کام ان کی طبع کے مطابق ہو۔ اس دوران ساتھ کام کرنے والوں میں سے کوئی ان کی رفتار کے مطابق ساتھ نہ دے تو وہ خود کو اس سے بہت اچھے طریقے سے الگ کر لیتے ہیں۔

فکر انگیز پہلو

کام کی زیادتی انسان کو ذہنی و جسمانی طور پر بیمار کر دیتی ہے۔ اس سلسلے میں دلو افراد جہاں انتہائی عمل پسند واقع ہوئے ہیں وہاں ان کو تنبیہ کی جاتی ہے کہ وہ حد سے زیادہ دباؤ کا شکار نہ ہوں۔ اور اس صورتحال سے فوراً نجات حاصل کرنے کی کوشش کریں کیونکہ یہ اعصابی کشیدگی ان کے لئے بہت زیادہ نقصان دہ ہو سکتی ہے۔ لوگوں سے ملیں۔ تفریح وغیرہ سے دل بہلائیں۔ اس کے ساتھ ساتھ اس بات کا خیال رہے کہ دوسروں سے ملنے میں آپ اپنی ذات کو بالکل بھول ہی نہ جائیں۔ اس سے آپ کی انفرادیت کو ٹھیس پہنچے اور آپ کی

اپنی ذات کے مدغم ہو جانے کا خدشہ ہوتا ہے۔ نت نئے خیالات دلو کو ایک جگہ ٹھہرنے نہیں دیتے اس لئے وہ ایک جاری کام کو چھوڑ کر دوسرے کام کی طرف راغب ہوتے ہیں۔ جس وجہ سے پہلے کام میں ناکامی کا امکان پیدا ہو جاتا ہے۔ ایسی صورت میں گرد و پیش کے لوگوں اور خاص طور پر جو ان کے خیال میں ان کی ناکامی کا باعث ہوں سخت مزاحمتی، رویہ اختیار کر لیتے ہیں۔ یہ سوچے بغیر کہ اس سے انہیں نقصان بھی ہو سکتا ہے۔ تاہم لچکداری کا مظاہرہ اور حقائق سے سمجھوتہ کرنا ایک فطری اور مثبت ردعمل ہے جس کی دلو افراد کو بہت ضرورت ہوتی ہے۔

دلو افراد کو اپنی غذا کا بھی خیال رکھنا چاہیے۔ میوہ جات، مرغی، مچھلی، گندم اور سلاد وغیرہ استعمال کریں۔ ورزش پابندی سے کریں۔ اس سے آپ سدا جواں و صحت محسوس کریں گے۔

دلو خواتین

دلو خواتین کا مزاج عام خواتین سے مختلف ہوتا ہے۔ بہت پُرکشش ہوتی ہیں۔ نیلا رنگ اور گولڈن جیولری ان کی شخصیت کو منفرد بناتی ہیں۔ اپنے جذبات پر بہت مہارت سے قابو پانے کی صلاحیت رکھتی ہیں۔ کسی بھی ناپسندیدہ عمل پر اظہار خیال نہیں کرتیں۔ اس لئے انہیں سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ جو بھی فیصلہ کریں اس پر قائم رہتی ہیں۔ انتہائی اصول پسند ہوتی ہیں۔ سماجی تعلقات کو اہمیت دیتی ہیں لیکن اصولوں پر سودے بازی دلو خواتین کا شیوہ نہیں۔ ان کے قریب رہنے، ساتھ کام کرنے والے اور شریک حیات بننے والے لوگ اگر ان سے بہترین تعلقات قائم کرنا چاہتے ہیں تو ان سے وفادار اور بااعتماد رہیں کیونکہ دلو خواتین کو دھوکہ دینا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اور ایک بار ان کی نظروں سے گر جانے والا انسان دوبارہ کبھی پہلے جیسا اعتماد اور مقام حاصل نہیں کر پاتا۔

بہ حیثیت زوجہ دلو خواتین جبر اور مداخلت کو پسند نہیں کرتیں۔ شخصی آزادی کی قائل لیکن شریک سفر پر بھرپور اعتماد کا مظاہرہ کرتی ہیں۔ حساس طبیعت کی مالک ہوتی ہیں۔ مزاجاً خوش و خرم اور شگفتہ مزاج ہوتی ہیں۔ کوئی بھی انتہائی قدم بنا ٹھوس وجہ کے نہیں اٹھاتیں۔ دوسرے کو صفائی کا بھرپور موقع دیتی ہیں اور اگر شریک زندگی بہتری کی کوئی کوشش نہ کرے تو باہمی تعلق ختم کرنے کی کوشش کرتی ہیں اور اگر ایسا کرنا ممکن نہ ہو تو وہ اپنے رویے میں سرد مہری پیدا کر لیتی ہیں۔ جوزا اور میزان برجوں کے تحت پیدا ہونے والا مرد دلو خاتون کو خوش رکھ سکتے ہیں۔

دلو خواتین کو گھر اور معاشرے میں تعاون فراہم کیا جائے تو وہ بہت سی تبدیلیاں پیدا کرتی ہیں۔ بہ حیثیت ماں دلو خواتین بچوں سے دوستی کی قائل ہوتی ہیں۔ بچے ماؤں سے کوئی بات چھپانے کی ضرورت محسوس نہیں کرتے۔ بچوں کی زندگی میں مداخلت کی بھی قائل نہیں ہوتیں۔ اور ہمیشہ بچوں کو شکایت کا موقع نہ دینے کی کوشش کرتی ہیں۔

دلو مرد

بنیادی طور پر دلو مرد میں تجسس کا مادہ بہت زیادہ ہوتا ہے۔ کھوج لگانے کا عمل اسے نئی نئی تخلیقات کے لئے ابھارتا ہے۔ کسی بھی چیز سے جلد مطمئن نہیں ہوتے۔ ہمیشہ اپنے آپ کو اور اپنے ارادوں و خواہشات کو دوسروں سے پوشیدہ رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔ اس بنا پر کبھی بھی وہ کھل کر لوگوں کے سامنے نہیں آتے۔ نتیجہ میں دوسرے لوگ بھی انہیں مکمل طور پر سمجھنے سے قاصر رہتے ہوئے ان سے ایک فاصلے پر رہتے ہیں۔ جو دلو افراد کو تنہا کرنے کا ایک سبب بنتا ہے۔ جس کی ایک وجہ حالات میں ہمہ وقت تبدیلی اور ہر بات میں تنقیدی پہلو تلاش کرنا ہے۔ کیونکہ دلو افراد ہمیشہ اپنی پسند کے مطابق ہر چیز دیکھنا پسند کرتے ہیں۔ سماجی و نجی زندگی میں یہ رویہ لوگوں کے لیے بہتر نہیں ہوتا۔

بہ حیثیت خاوند دلو افراد ایسی خواتین کو پسند کرتے ہیں جو اپنی زندگی ایک راز کی طرح گزارتیں ہیں اور انہیں کھوجنے میں دلو فرد کی تجسس فطرت کو سکون ملتا رہے۔ حوت عورت دلو مرد کی کمزوری ہوتی ہے۔ اگر دلو افراد کو من پسند جیون ساتھی مل جائے تو انہیں چاہیے کہ وہ اسے اپنی ملکیت نہ سمجھیں حالانکہ ان کی خواہش ہمیشہ یہی ہوگی کہ ان کی رفیق سفر کا ہر عمل ان کی خواہش کے مطابق ہو۔ اگر بیوی اپنی آزادی و خواہشات قربان کرنے کی صلاحیت رکھتی ہو تو کسی نہ کسی طرح اس مقدس رشتے کو برقرار رکھنے کی کوشش کرتی ہے۔ ورنہ محبت کا تعلق بحران کا شکار ہو جاتا ہے۔ ایسی صورتحال سے نپٹنے کے لیے عام طور پر دلو مرد دیر سے، بہت سوچ سمجھ کر جیون ساتھی کے انتخاب کے بعد شادی کرتے ہیں۔

ایک دلو باپ حکمرانی کا قائل ہوتا ہے اور دلو ماں کی طرح بچوں سے دوستی کا رشتہ استوار کرتا ہے اور بچوں کی من پسند شخصیت ہوتا ہے۔

دلو بچے

دلو بچے لوگوں کے ساتھ مخلصانہ اور دوستانہ رویے سے ملتے ہیں۔ وہ باتیں سمجھنا ان کے لئے زیادہ مشکل نہیں ہوتا جو ان کے ہم عمر بچے سمجھ نہیں پاتے۔ اس لئے بڑے بعض اوقات انہیں بزرگ کہہ کر مخاطب کرتے ہیں۔ تنہائی پسند واقع ہوتے ہیں۔ مکمل کر ہر بات کا اظہار نہیں کرتے۔ اس لئے ہمعصر بچوں میں بڑے بڑے دکھائی دیتے ہیں۔ والدین کے بہتر رویے کے نتیجے میں دلو بچہ اطاعت گزاری کا رویہ اپناتے ہیں۔ والدین کی حوصلہ افزائی انہیں تقویت دیتی ہے۔ وہ کم عمری ہی سے یہ سوچنا شروع کر دیتے ہیں کہ انہیں کیا کرنا ہے۔ ذہین ہونا ایک خوبی، لیکن بہ حیثیت طالب علم دلو بچے پابندی سے کتابوں اور ہوم ورک میں دلچسپی نہیں لیتے۔ لیکن اگر انہیں ان کی ذہنی سطح کے مطابق اور ان کی آزادانہ طبیعت کو مدنظر رکھتے ہوئے درس تدریس کی ضرورت سے آگاہ کر دیا جائے تو وہ حصول علم کی پابندی برداشت کر لیتے ہیں۔

برج دلو کے دوسرے بروج کی ساتھ تعلقات

برج دلو برج حمل کے ساتھ

دلو عورت حمل مرد

دلو کو محتاط رہنا ہے کیونکہ حمل کو گلے کے ہار کی نہیں بلکہ معاملات میں مفید مشورے اور توجہ دینے والی بیوی کی ضرورت ہوتی ہے۔ اور اگر ایسا ہو جائے تو وہ پھر کسی دوسری عورت میں دلچسپی نہیں لیتے۔ دیگر معاملات میں تو وہ بالادستی کا خواہش مند ہے۔ لیکن مہربانی کر کے اس کے لباس کا دلو خود خیال رکھے۔ اسے چیلنج مت کریں۔ بلکہ پرسکون و آرام دہ گھر دے کر خوش و خرم زندگی گزارنے کا سامان پیدا کریں۔

دلو مرد حمل عورت

حمل کی ذہانت اور جذبہ حاکیت اور آپ کی عجلت پسندی و سستی ٹکرا سکتے ہیں۔ لیکن حمل ہمیشہ آپ کے تعاون و مدد کی طلب گار رہے گی۔ حمل پر کبھی کوئی پابندی عائد نہ کریں۔ اور وقتاً فوقتاً اس کی تعریف کرتے رہیں اور تحفے تحائف دیتے رہیں ایک دوسرے کی اچھائیاں اور برائیوں کو سمجھ کر زندگی گزارنے کی کوشش کریں انشاء اللہ کامیابی ہوگی۔

برج ثور برج دلو کے ساتھ

دلو عورت ثور مرد

دلو کو ثور کا شریک سفر بننے کے بعد متحمل مزاجی کا دامن تھامنا ہوگا۔ ثور بذات خود ہر قدم پھونک کر رکھتے ہیں۔ دلو ان پر حکومت کے خیال سے دور ہی رہے تو بہتر ہے۔ اس کا دل پیٹ کے راستے جیتا جا سکتا ہے۔ گھر کو خوبصورت و پرکشش بنائیں کیونکہ یہ ثور کی خواہش ہے۔

دلو مرد ثور عورت

آپ خوش نصیب ہیں کہ آپ کو ہواؤں میں اڑنے والی شریک حیات نہیں ملی۔ اسے دلو کا دوسری

عورتوں کے ساتھ بات تک کرنا ناپسند ہے۔ وہ آپ کو صرف اپنا دیکھنا چاہتی ہے۔ ثور کو بھی محبت کا یقین دلائیں تو وہ آپ ہی کی ہو کر رہ جائے گی۔ دلو کی محبت کو ہمیشہ کے لئے جیت لیتی ہے۔ اور وہ ہر قسم کے حالات میں دلو کے ساتھ ہوتی ہے۔

برج دلو برج جوزا کے ساتھ

دلو عورت جوزا مرد

جوزا افراد کو دوسرے برجوں کے تحت پیدا ہونے والی خواتین کی نسبت دلو خواتین زیادہ جلد اپنی طرف متوجہ کر سکتی ہیں۔ جوزا مرد دلو خواتین کی صورت، ذہانت اور گھریلو امور میں دلچسپی پر ان کے قائل ہو جاتے ہیں۔ بہت اچھے منصوبہ ساز ہوتے ہیں۔ اس کے ساتھ دوہری شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ اچھے باپ اور اچھے خاوند ثابت ہوتے ہیں۔

دلو مرد جوزا عورت

زندگی گزارنے کے اصول دونوں کے کافی حد تک ایک جیسے ہوتے ہیں۔ لوگ جوزا اور دلو کی جوڑی پر رشک کرتے ہیں۔ اور جوزا خاتون بذات خود صدق دل سے دلو مرد کی ہو کر رہتی ہے۔ وہ اس کے دوستوں اور حلقہ احباب سے مل کر خوش تو ہو گی لیکن خود دوستی صرف ان لوگوں سے رکھنے کی قائل ہے جن کی ذات اس کے لئے باعث دلچسپی ہو۔

برج دلو برج سرطان کے ساتھ

دلو عورت سرطان مرد

سرطان مرد ایک پل میں کچھ اور دوسرے پل میں کچھ ہوتا ہے۔ یہ درست ہے کہ وہ اپنی بیوی کی ہر قسم کی ضروریات پوری کرے گا لیکن معمولی سی بات بھی اس کے ذہن میں خلش پیدا کر سکتی ہے۔ اس لئے دلو خواتین کو بہت احتیاط کی ضرورت ہوتی ہے۔ سرطان مرد ہر لمحہ ہر عمل سے باخبر رہتے ہیں۔ بیگم کی برتری کو پسند نہیں کرتے۔ ہاں ماں کو بہت اہمیت دیتے ہیں۔ اس سلسلے میں ان کی بیگم کو سوچ سمجھ کر ہر بات کرنی چاہئے۔

دلو مرد سرطان عورت

دلو مرد کے لئے سرطان خواتین کو سمجھنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ اپنی تعریف سننا اچھا لگتا ہے۔ نہایت کفایت

شعار اور پوجنے کی حد تک محبت کرنے والی بیوی ثابت ہوتی ہے۔

برج دلو برج اسد کے ساتھ

دلو عورت اسد مرد

اسد مرد جارحانہ طبیعت کے مالک ہوتے ہیں۔ اگر انہیں قابو میں کرنا آ جائے تو دلو خواتین بہت خوش قسمت کہی جاتی ہیں۔ اگر ان کا بس چلے تو اپنی شریک سفر کی جھولی ہیرے جواہرات سے بھر دے۔ اس کی تنک مزاجی کی بناء پر دلو عورت کو ہمیشہ محتاط رہنا چاہیئے۔ اگر دلو خاتون اسد مرد کو اپنے قابو میں کرنا سیکھ لے تو اس سے زیادہ محبت کرنے والا کوئی نہیں ملتا۔

دلو مرد اسد عورت

اس بیوی کا حسن عروج پر ہوتا ہے۔ وہ ہمیشہ دوسروں کو اپنی طرف متوجہ رکھنے کا فن بہت خوب جانتی ہے۔ لوگ اسی بناء پر دلو کے دل میں اسد عورت کے خلاف حسد کے جذبات پیدا کرنے کی کوشش کریں گے۔ لیکن دلو کو ایسا کرنے سے گریز کرنا چاہیئے۔ میٹنگ اور گفتگو وغیرہ میں اسد بیوی کی موجودگی آپ کو فتح سے ہمکنار کر سکتی ہے۔ اس بات کا دھیان رہے کہ گھر یا کاروبار میں کسی قسم کے اخراجات کا اختیار بیگم کو نہ دیں ورنہ آپ کنگال ہو جائیں گے۔

برج دلو برج سنبلہ کے ساتھ

دلو عورت سنبلہ مرد

سنبلہ مرد شرمیلے، ٹھنڈے مزاج کے حامل ہوتے ہیں۔ دل محبت سے چور لیکن زبان سے اظہار کرنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ دلو خواتین کے لئے ضروری ہے کہ وہ سنبلہ مرد کے ساتھ زندگی گزارتے ہوئے ہر قسم کی صفائی، توازن اور گھریلو امور کی بہترین ادائیگی پر بھرپور توجہ دے۔

دلو مرد سنبلہ عورت

دلو مرد کے لئے سنبلہ عورت کو سمجھنا ایک مشکل کام ہوتا ہے۔ سنبلہ ہر کام سکون و اطمینان سے کرنے کی عادی ہوتی ہے۔ خاوند کے نام کے ساتھ کسی دوسری عورت کا نام سننا پسند نہیں کرتی۔ جذبات کے اظہار سے اجتناب کرتی ہے۔ سو دل پھینک واقع نہیں ہوتی اور ہمیشہ وفادار رہتی ہے۔

برج دلو میزان کے ساتھ

دلو عورت میزان مرد

میزان مرد عورتوں کو سمجھنے کی بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔ اور دلو خواتین بھی ان کی رفاقت میں پُر سکون رہتی ہیں۔ بے جا حسن کی تعریف نہیں کرتے۔ قوت فیصلہ کی کمی ہونے کے باعث زندگی کو خوشگوار بنانے کے لئے جھوٹ بولنے سے گریز نہیں کرتیں۔ مجموعی طور پر پُر سکون اور ہمدرد و ایماندار ہوتے ہیں۔

دلو مرد میزان عورت

میزان عورت کی سوچ سطحی نہیں ہوتی۔ گھرداری میں بھی قابل تعریف ہوتی ہے۔ تنہائی یا محفل میں دلو خاوند کے متعلق برائی برداشت نہیں کرتیں۔ انتہائی ذہین اور بہترین متکلم ہوتی ہیں۔ ان کو خوش رکھنے کے لئے دلو مرد کو ان کی تعریف پر توجہ دینی چاہیئے۔

برج دلو برج عقرب کے ساتھ

دلو عورت عقرب مرد

دلو عورت کے لئے عقرب مرد کے ساتھ رہنا انتہائی صبر آزما مرحلہ ہے۔ کیونکہ عقرب پہلی نظر میں تو دلو پر فریفتہ ہوں گے لیکن دوسرے ہی لمحے تلخ و ترش باتیں سننے کو ملیں گی۔ ان کی دل فریفتگی کی عادت خواتین کو ان کی طرف مائل تو کرتی ہے لیکن پھر بعد میں انہیں پچھتانا پڑتا ہے۔ انہیں ہر کام کی جلدی اور کامیابی کی امید ہوتی ہے۔ لیکن ناکامی کی صورت میں وہ آگ بگولہ ہو جاتے ہیں۔ گھریلو امور سے کنارہ ہی کرتے ہیں۔

دلو مرد عقرب عورت

عقرب خواتین جذبات کی ملکہ ہوتی ہیں۔ لیکن تصنع و بناوٹ کو اہمیت نہیں دیتیں۔ بہت وفادار اور راز داں ہوتی ہیں۔ لیکن اگر اسے ناانصافی یا دھوکہ دہی کا خطرہ ہو تو اس سے زیادہ برا انتقام اور کوئی نہیں لے سکتا۔

برج دلو برج قوس کے ساتھ

دلو عورت قوس مرد

قوس کسی لمحہ سکون سے نہیں بیٹھ سکتے اور آگے سے آگے بڑھنے کی کوشش میں مصروف رہتے ہیں۔ زیادہ تر وقت گھر سے باہر گزارتے ہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دلو کی ان کے معاملات میں دخل اندازی نہ کرنے کی

عادت بھی فائدہ مند ثابت ہوتی ہے۔اور قوس اسے ہر طرح کی آزادی فراہم کرتا ہے۔

دلو مرد قوس عورت

قوس کی صاف گوئی دلو کو بہت سے دوستوں سے محروم کر سکتی ہے۔اسے کبھی قید کرنے کا سوچیں بھی مت۔دیانتدار اور قابل اعتماد ہے۔دلو قوس کو سیر و تفریح اور تحفوں سے خوش رکھ سکتا ہے۔قوس کی ایک خوبی یہ بھی ہے کہ وہ اپنی غلطی کا اعتراف فوراً کر لیتی ہے۔

برج دلو برج جدی کے ساتھ

دلو عورت جدی مرد

بظاہر سنجیدہ و خاموش نظر آنے والے جدی کے اندر ایک سیلاب موجزن ہوتا ہے۔لیکن جب تک وہ اطمینان کر کے کسی صحیح انتخاب تک پہنچ سکے۔اپنی بات اپنی ذات دوسروں سے چھپانے کی کوشش کرتا ہے۔ پیشے کے لحاظ سے دلو بے فکر ہے۔جدی ہر لمحہ آڑے وقت کے لئے کچھ نہ کچھ بچا کر رکھتا ہے۔

دلو مرد جدی عورت

جدی عورت کسی سست و جامد مرد کو پسند نہیں کرتی۔ بذات خود آگے سے آگے کی تلاش میں سرگرداں۔آئیڈیل خاوند ملے پر وہ وفا کی دیوی ثابت ہوتی ہے۔خوشگوار ماحول کا انحصار اس بات پر ہے کہ دلو جدی کے آباؤ اجداد میکے وغیرہ کے لئے دلی جذبات کا اظہار کرے۔ان کے خلاف کوئی بھی بات اسے ناراض کر سکتی ہے۔

برج دلو برج دلو کے ساتھ

دلو مرد دلو عورت

دلو لڑکی کو قوس قزح سے تشبیہ دی جاتی ہے۔جس کے کئی روپ ہوتے ہیں۔دلو خاتون محبت کے معاملے میں کسی مکر و فریب کا شکار نہیں ہوتی۔اسے کسی معاملے میں قائل کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔وفا شعار نیک طبیعت اور ہمدرد ہوتی ہے۔اپنی زندگی خاص طریقوں پر گزارتی ہے اور یہ طریقے اپنی اولاد میں بہت اچھے طریقے سے منتقل کرنے کی صلاحیت رکھتی ہے۔

دلو عورت دلو مرد

دلو مرد کی سوچ بہت آگے کی ہوتی ہے۔ان کی فطرت ' محبت ' ہوتی ہے۔ذرا سی کوتاہی پریشان کن حالات پیدا کرسکتی ہے۔لیکن یہ کیفیت عارضی ہوتی ہے۔دلو مرد کے منصوبوں اور تخلیقات پر تنقید کرنے کی بجائے اس کی حوصلہ افزائی کرنا دلو زوجہ کے لئے مفید ہوتا ہے۔

برج دلو برج حوت کے ساتھ

دلو عورت حوت مرد

حوت افراد جذباتی ' سنجیدہ اور عملی ہوتے ہیں۔ترقی و مالی استحکام کے لئے بہت خوب منصوبہ بندی کرتے اور اکثر کامیاب رہتے ہیں۔دلو خواتین کے بہترین شریک حیات اور ان کی مدد کو سراہنے والے ہوتے ہیں۔اثر و رسوخ حاصل کرنے میں حوت مرد کی کامیابیاں ان کی مددگار ثابت ہوتی ہیں۔جذباتی گہرائی ' دوستی اور نت نئے خیالات سے دلو خواتین کی مدد کرتے ہیں۔اور ان سے بھی یہی توقع رکھتے ہیں۔

دلو مرد حوت عورت

حوت لڑکی کو اپنانے کے بعد دلو مرد کو یہ خیال رکھنا چاہئے کہ وہ ہر لمحہ محبت چاہتی اور اونچے اونچے خواب دیکھتی ہے۔لیکن مرد کو کبھی تنگ کر کے خوشی حاصل نہیں کرتی۔سلیقہ مندی ' ذہانت اور خوبصورت موتیوں سے آراستہ حوت عورت دلو خاوند سے بہت محبت کرنے والی ہوتی ہے۔خاندان میں ایک باوقار اور چاہے جانے والی شخصیت ہوتی ہے۔

برج حوت



عرصہ	21فروری تا 20مارچ
حروف	ذ ج
حاکم کوکب	مشتری
عنصر	آبی
ماہیت	ذوجسدین
حصہ جسم	پاؤں
موافق نگینہ	پکھراج، عقیق، نیلم، زمرد
موافق دن	جمعرات
موافق نمبر	7
موافق رنگ	ارغوانی، بنفشی، جامنی
موافق پھول	گل سوسن
موافق شریک کار	سنبلہ
موافق افراد	ثور، جدی
ناموافق افراد	جوزا، قوس
بائیو کیمک نمک	فیرم فاس

ظاہری شخصیت

برج حوت کے تحت پیدا ہونے والے لوگ جاذب نظر اور متاثر کن شخصیت کے مالک ہوتے ہیں۔ چہرے کے نقش و نگار بہت دلکش ہوتے ہیں۔ ان کی جسمانی صحت غیر معمولی اچھی نہیں ہوتی لیکن ان کا جسم بہت متناسب ہوتا ہے۔ دبلے پتلے اور نازک اندام شخصیت رکھنے والے حوت افراد بسا اوقات دیکھنے والے کو اپنے سحر میں گرفتار محسوس کرتے ہیں۔ گفتگو کے فن میں ماہر اور موقف کی تائید میں بولتے چلے جاتے ہیں۔ برج حوت کے زیر اثر آنے والے افراد دوہری شخصیت کی عکاسی کرتے ہیں۔ پل میں تولہ پل میں ماشہ۔ کسی وقت ایک معمولی سی بات پر بہت پریشانی و مایوسی کا اظہار کرتے ہیں اور کبھی بڑی سے بڑی تبدیلی بھی انہیں ٹس سے مس نہیں کرتی۔ انہیں عملاً قدرے سست اور حقیقت سے دور بھاگنے والے کہا جا سکتا ہے۔ کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت کشمکش میں مبتلا ہو جاتے ہیں۔ ظاہری طور پر جو بیانات دیتے ہیں ضروری نہیں کہ وہ اندرونی طور پر بھی اس کیفیت میں ہوں یعنی بہترین اداکار بھی کہا جا سکتا ہے۔ بعض اوقات ان پر یہ محاورہ صادق آتا ہے "ہیں کواکب کچھ نظر آتے ہیں کچھ" دوسروں میں جلد پذیرائی حاصل کر لیتے ہیں اور اپنی خوبصورت جسامت اور پرکشش شخصیت کے باعث اپنی تعریف سننا پسند کرتے ہیں۔

زندگی کے متعلق نقطہ نظر

ہر انسان کی اپنی سوچ، اپنا طریقہ اور ہر کام کرنے کا ایک مخصوص انداز ہوتا ہے۔ معاشرتی رویئے، خارجی عوامل اور روزمرہ زندگی کے تجربات اس کی سوچ پر خاص نتائج ثبت کرتے ہیں۔ حوت افراد کے زندگی گزارنے کا بھی ایک لائحہ عمل ہے جس میں وہ سست تو دکھائی دیتا ہے لیکن ان کاموں کے لیے نہیں جن میں وہ خود دلچسپی رکھتا ہو۔ زبردستی کروائے جانے والا کوئی بھی عمل حوت کی کارکردگی کو ابھار نہیں سکتا۔ اپنی زندگی میں مادی آسائشوں کو کم اور روحانی مسرتوں کو زیادہ اہمیت دیتے ہیں۔ اس برج کے علامتی نشان مخالف سمت جاتی دو مچھلیوں سے ان کی متضاد اور دوہری طبیعت کا اندازہ ہوتا ہے۔ معاشرے کا ایک حصہ ہونے کے باعث وہ

خوشحالی اور محض آگے بڑھنے کو زندگی کا محرک نہیں بناتے۔ روحانی زندگی گزارتے گزارتے سماجی زندگی میں آنا ان کے خیال میں غلط ہوتا ہے۔ پیٹ بھرنے کے لیے پیسے کا حصول شرط ہے لیکن روحانی نظریات رکھتے ہوئے وہ ایسا کرنا غلط اور مشکل تصور کرتے ہیں۔ اس طرح وہ دوہری کشمکش کا شکار ہو جاتے ہیں۔ اپنے گردو پیش سے لاتعلقی کا رویہ اپناتے ہیں۔ ان میں سماجی اقدار و اصولوں سے انحراف کا جذبہ بھی پایا جاتا ہے جو انہیں دوسرے بروج کے تحت آنے والے افراد سے مختلف کرتا ہے۔

حوت فرد بیک وقت دو دنیاؤں کا باسی ہوتا ہے۔ ایک وہ جو اس کے گرد ہے اور دوسری وہ جس میں دوسرے کے ساتھ ہے اور یہی زیادہ اہمیت کی حامل ہے۔ ان خیالی دنیاؤں میں فریب نظر اور خوابوں کا حامل ستارا حوت کو بعض اوقات غیر معمولی کامیابی سے نواز دیتا ہے۔

آزادی پسند اور مقابلے سے گریز کا رویہ

حوت افراد روزمرہ زندگی میں ہر چیز برداشت کر سکتے ہیں لیکن آزادی ان کا سب سے بڑا اثاثہ ہوتی ہے۔ جسے قائم رکھنے کا تقاضا وہ اپنے حلقہ احباب سے بھی رکھتے ہیں۔ جسمانی و ذہنی آزادی کے قائل ہونے کے باعث ہر وقت نت نئے منصوبے سوچتے ہیں۔ لیکن کہا جاتا ہے کہ جو لوگ بہت زیادہ سوچتے ہوں وہ عمل بہت کم کرتے ہیں۔ خود فریبی کا بھی شکار رہتے ہیں۔ جو انہیں بے چین کرتا اور خیالات میں عدم توازن پیدا کرتا ہے۔ خواہشات کے حصول کے لیے وہ ذہنی بے چینی کے باعث جدوجہد سے گریز کرتے ہیں اس طرح مزید ناکامیوں سے دوچار ہوتے ہیں۔ حقیقت پسندی سے دور بھاگتے اور غلط امیدیں قائم کر لیتے ہیں۔ اس طرح انہیں جہاں کہیں محنت کرنی پڑے یا مقابلہ کر کے مقصد حاصل کرنا ہو تو ان کی کوشش ہوتی ہے کہ وہ راہ فرار اختیار کریں۔ دو دھاروں میں بہنے کے باعث وہ خود کوئی فیصلہ کرنے سے بھاگتے ہیں۔ جو لازماً نقصان دہ ہوتا ہے لیکن جتنی جلد وہ اپنے اس رویے کو درست کر لیں اتنا ہی بہتر ہے۔

جذباتی اور پیچیدہ شخصیت

حوت افراد کی شخصیت موڈی اور جذبات کی رو میں بہہ جانے کے باعث دوسروں کے لیے بہت پیچیدہ بن جاتی ہے۔ لوگوں کو معلوم نہیں ہوتا ہے کہ کس لمحے وہ کونسی بات قبول اور کونسی بات رد کر دیں گے۔ انہیں بیک وقت ایک چیز اچھی بھی اور بری بھی لگتی ہے۔ جذباتی اس قدر کہ اگر خوش ہیں تو سب کو خوش سمجھیں گے اور اگر اداس تو سارا سماں اداس دکھائی دے گا۔ ان کے اس رویے سے تنگ آ کر ان کے دوست بعض اوقات ان کی

اس کیفیت کو سنجیدگی سے نہیں لیتے۔

ملنسار اور شاہ خرچ

حوت افراد اپنے آپ کو خول میں رکھنا زیادہ پسند کرتے ہیں۔ لیکن جن سے واقعی دوستی کرتے ہیں تو پھر ان سے نہایت ملنساری سے پیش آتے ہیں کیونکہ ان کی جذباتی اور منتشر طبیعت انہیں اپنے آپ کو توقت دینے نہیں دیتی اس لیے وہ دوسروں کے مسائل حل کرنے میں بہت دلچسپی لیتے ہیں۔ بخیل نہیں ہوتے' جوان کے غیر مادی ہونے کا ثبوت ہے۔ اگر وہ معاشی طور پر خوشحال ہوں تو فوراً اپنا اثاثہ لوگوں میں پھیلا دیتے ہیں۔

فکر انگیز پہلو

حوت افراد کو حساس ترین کہا جاسکتا ہے۔ جن لوگوں کو پسند کرتے ہیں ان پر صرف اپنا ہی حق سمجھتے ہیں۔ بعض اوقات بے حقیقت باتوں پر بھی شبہ کرنے لگتے ہیں اور ایسے موقعوں پر نہایت آسانی سے حاسدانہ جذبات کا شکار ہو جاتے ہیں ان کا یہ جذبہ ان کے لیے نہایت نقصان دہ ثابت ہو سکتا ہے۔ حوت افراد خوشامد پسند اور گاہے بگاہے اپنی تعریف سننا پسند کرتے ہیں۔ خلاف طبع کوئی معمولی سی بات بھی ناراض کر دیتی ہے۔ ایک جگہ ٹک کر نہیں بیٹھتے بلکہ ایک محبت کا یقین ہونے سے پہلے ہی دوسری شخصیت کے گرد منڈلانے لگتے ہیں اس طرح ان کا یہ رویہ انہیں لوگوں میں غیر پسندیدہ کر دیتا ہے۔ قوت ارادی کی کمی کے باعث حوت افراد کو مضبوط قوت ارادی اور خود اعتمادی کے مالک افراد کے ساتھ مل کر رہنا چاہیے۔ اپنے آپ کو ہر وقت ایک گورکھ دھندہ بنائے رکھنے کا عمل بھی ان کے لیے نقصان دہ ثابت ہوتا ہے اس لیے کوشش کریں کہ آپ کی شخصیت اس قدر پیچیدہ نہ ہو کہ لوگ آپ میں دلچسپی لینے کی بجائے آپ سے دور بھاگنے لگیں۔ سست روی چھوڑ کر عملی زندگی کو اہمیت دینا ضروری ہے۔ حوت افراد کی ذہانت بعض اوقات انہیں خود فریبی کا شکار کر دیتی ہے۔ یہ کیفیت حوت افراد کی کارکردگی پر منفی اثرات مرتب کرتی ہے اور وہ جذباتی عدم توازن کا شکار ہو بیٹھتے ہیں۔ اگر حوت افراد خوابی دنیا سے باہر آ جائیں تو وہ نمایاں کامیابیاں حاصل کر سکتے ہیں۔

حوت خواتین

حوت خواتین گھریلو طور پر بہت پسند یدہ شخصیات ہوتی ہیں۔ اپنے گھر کو امن' سکون اور محبت کا گہوارہ بنا

دیتی ہیں۔ اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ سماجی زندگی میں ناکام ہوتی ہیں۔ اپنی ذہانت سے بہت ترقی کرتی ہیں۔ ہر مسئلے کو فہم وادارک سے حل کرتی ہیں۔ بہترین یادداشت کی مالک ہوتی ہیں۔ محبت کا جواب محبت سے دیتی اور محبت کی خاطر ہر طرح کی بازی کھیلنے سے دریغ نہیں کرتی لیکن کسی بھی خفیہ تعلقات رکھنے کی صورت میں انہیں دکھ کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ حوت خواتین کی شخصیت میں ایک سحر ہوتا ہے ایک وجدانی کیفیت ہوتی ہے جس کے ذریعے بعض حوت خواتین اپنی شخصیت کو مجبور و بے بس ظاہر کر کے مردوں میں پذیرائی حاصل کر لیتی ہیں اور اپنے لیے ان کے دل میں جذبہ ہمدردی پیدا کر لیتی ہیں۔ بحیثیت بیوی خاوند کے ہر قسم کے سکھ چین کا خیال رکھتی ہیں۔ حوت خواتین آرٹسٹک طبیعت کی مالک ہوتی ہیں اس لیے ہر چیز کے انتخاب میں ان کی اس خوبی کا استعمال ظاہر ہوتا ہے۔ شوہر کا انتخاب بھی بہت سوچ سمجھ کر کرتی ہیں۔ جس پر کافی وقت لگتا ہے پھر شادی کے بعد خاوند سے حد درجہ محبت کرتی ہیں اور انہیں کھونے کا خیال حوت خاتون کو خوف میں مبتلا کر دیتا ہے اس لیے بعض خواتین وفاداری اور محبت کا ثبوت دینے کی کوشش میں اپنے فن اور اپنی شخصیت کو بالکل بھلا دیتی ہیں۔ نازک اور حساس طبیعت کی مالک ہوتی ہیں۔ نہایت نفاست پسند ہوتی ہیں۔ بہترین شریک حیات اور قابل فخر مائیں کہلاتی ہیں۔

حوت مرد

حوت مرد کے چہرے کے دلکش نقش ونگار دیکھنے والے کو پہلی نظر میں سحر میں گرفتار کر دیتے ہیں۔ بہترین گفتگو کا فن انہیں حلقہ احباب میں منفرد کرتا ہے اور بعض اوقات زیادہ اور سچ بولنے پر لوگ ان سے ناراض ہو جاتے ہیں جس پر ان کی کوشش ہوتی ہے کہ اگلی مرتبہ ذرا دھیان کریں۔ زندگی کو سرسری لینے کی بجائے بہت اہمیت دیتے ہیں۔ وہ کیا کس وقت کر جائیں' کہنا بہت مشکل ہے۔ غیر حقیقت پسندانہ خیالات اور دوہری شخصیت انہیں مشکل بنا دیتی ہے۔ لیکن وہ ہمدرد اور غمگسار ہوتے ہیں۔ ضرورت مندوں کی حتی الوسع مدد کرتے ہیں۔ اپنے مفاد پر دوسرے کی دوستی کو ترجیح دیتے ہیں۔ جو بات ایک مرتبہ کریں اس پر قائم رہتے ہیں۔ نہایت بہادر اور دلیر ہوتے ہیں۔ لیکن بلا جواز طاقت کے مظاہرے سے گریز کرتے ہیں اور حکمت عملی سے کام لیتے ہیں۔ اصولوں پر سمجھوتہ نہیں کرتے تلخ سے تلخ بات کو خندہ پیشانی سے برداشت کر لیتے ہیں۔ دوسروں کی مدد کر کے خوشی محسوس کرتے ہیں۔ دوسروں کو بڑی آسانی سے سمجھ لیتے ہیں۔ تخلیقی لوگ ہوتے ہیں۔ لیکن صرف چند پیشوں میں ان کی ذہانت کام دیتی ہے مثلاً اداکاری' سائنس اور مصوری وغیرہ۔

حوت مردوں میں حالات کو بدلنے کی خاص صلاحیت ہوتی ہے۔ ہر مسئلہ بہت دانش مندی سے حل کر لیتے ہیں۔ بہترین شریک حیات ہوتے ہیں اور اپنے حلقہ احباب میں بے حد مقبول بھی۔ لیکن یہ سب کچھ اس بناء پر ہوتا ہے کہ وہ اپنی شخصیت اور اس کی خوبیوں کو صحیح وقت، صحیح جگہ، صحیح طریقے پر استعمال کرنے کا ہنر سیکھ لیں۔

حوت بچہ

بہت حساس اور جلد اثر قبول کرنے والا ہوتا ہے۔ جاری عمل میں حوصلہ افزائی کام کی رفتار کو تیز کرتی ہے۔ ناپسندیدگی ان کی خود اعتمادی کو سلب کر دیتی ہے۔ بعض اوقات بہت اہم کام یا بات بھول جاتے ہیں۔ جس کی وجہ خیالی دنیا میں دلچسپی ہوتی ہے۔ عملی بھی ہوتے ہیں لیکن صرف اس سمت جہاں ان کا اپنا رجحان ہو۔ ان کی تربیت کے لیے والدین اگر طاقت کے استعمال کے بجائے ان کے لیے مثالی شخصیت بن کر رہیں تو زیادہ بہتر ہے کیونکہ حوت بچہ مسلسل ایک خیالی دنیا کا باسی رہتا ہے۔ جہاں سب کچھ اس کا من پسند ہے اور زندگی کا یہ خوش کن پہلو اس کی چھلکتی آنکھوں اور خوبصورت چہرے سے عیاں ہوتا ہے۔ حوت بچہ دوسرے بچوں کی طرح ضد، شور اور احتجاج سے اپنی مرضی نہیں منواتا بلکہ اپنے چہرے سے حد درجہ ٹپکتی معصومیت اور کشش سے اپنا مقصد حاصل کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ حوت بچہ اپنی مرضی کا غلام ہوتا ہے اگر کھیلنے کو من ہے اور آپ اسے پڑھنے بٹھا دیں تو وہ قطعاً ایسا نہیں کرے گا۔ انہیں صرف اور صرف محبت اور توجہ کی ضرورت ہوتی ہے۔ کتابوں سے دلچسپی رکھتے ہیں اور تقریر و تحریر کے فن سے بھی آراستہ ہوتے ہیں۔ کچھ حد تک لاپرواہ اور بڑوں کی محبت کو پسند کرنے والے ہوتے ہیں۔ جو بات کہتا ہے اس کے مطابق وہ سچ ہوتی ہے ایسے میں سخت اور تضحیک آمیز رویے کی بجائے اسے پیار و محبت سے اس سخت و بے رحم دنیا کا سامنا کرنا سکھائیں۔

برج حوت کے دوسرے بروج کے ساتھ تعلقات

برج حوت برج حمل کے ساتھ

حوت عورت حمل مرد

حمل مرد کے ساتھ حوت عورت کے تعلقات خوشگوار ہو سکتے ہیں لیکن زیادہ مستحکم نہیں۔ حوت عورت اپنی سستی کے باعث حمل مرد کی عجلت پسندی کا ساتھ نہیں دے سکتی۔ جس کے نتیجے میں حمل مرد حوت عورت کو وقت بے وقت تنقید کا نشانہ بناتا ہے۔ جو حوت عورت پر گراں گزرتا ہے اور ذہنی کوفت کا باعث بنتا ہے۔ باحیثیت والدہ بچوں کو جلد متاثر کر لیتے اور مثالی باپ ثابت ہوتے ہیں۔

حوت مرد حمل عورت

حوت مرد کے ساتھ حمل عورت ایک خوشگوار تعلق ہے۔ حوت مرد چونکہ پرکشش شخصیت کا مالک ہوتا ہے اور حمل عورت آئیڈیل پرست اور خوش پوش مردوں کو پسند کرتی ہے اس لیے ان کی زندگی اچھی گزرتی ہے۔ حوت مرد کی سستی کے باعث گھریلو آمدنی کی خاطر وہ خود کام کرنے سے بھی گریز نہیں کرتی گویا اس طرح مالی مشکلات میں خاوند کا ساتھ دیتی ہے۔

برج حوت برج ثور کے ساتھ

حوت عورت ثور مرد

حوت عورت نہایت سگھڑ اور گھریلو امور میں دلچسپی رکھتی ہے اس لیے ثور خاوند اس سے خوش رہے گا۔ بنا کہے اس کی تمام ضروریات پوری کرے گا۔ برج حوت اور ثور میں ایک مماثلت یہ بھی جا سکتی ہے کہ دونوں سست الوجود ہوتے ہیں لیکن اپنی ذمہ داریوں سے حتی الوسع سبکدوش ہونے کی کوشش کرتے اور مثالی زندگی گزارتے ہیں۔

حوت مرد ثور عورت

ثور عورت نہایت جذباتی اور حاسد وشکی مزاج ہوتی ہے۔ آپ کی محبت کے جواب میں محبت دے گی لیکن ہر وقت اس کے دل میں کوئی نہ کوئی شبہ رہتا ہے۔ حوت مرد امن پسند اور خوش مزاج آدمی ہوتا ہے۔ اس لیے اپنی شریک حیات سے بھی امن کی توقع رکھتا ہے۔ امورِ خانہ داری میں ماہر ثور خاتون غصے میں جلد نہیں آتی لیکن کم عقلی اور ناسمجھی کا طعنہ برداشت نہیں کرسکتی۔

برج حوت برج جوزا کے ساتھ

حوت عورت جوزا مرد

حوت عورت کی حسن پسندی اور آئیڈیل ازم اسے بے پناہ پرکشش جوزا خاوند کے ساتھ بہت خوش رکھتی ہے۔ لیکن جوزا مرد حوت عورت کے حسن کی بجائے اس کی ذہانت وخیالات کو اہمیت دیتا ہے۔ زندگی کی ناؤ کو کسی ذہین عورت کے ہاتھوں میں دینے سے نہیں کتراتا اور پیش رفت کے جواب میں حوت بیوی کو بے پناہ خوشیوں سے نوازتا ہے۔

حوت مرد جوزا عورت

ہمدرد اور غمگسار عورت کی تلاش کرنے والے حوت مرد جوزا عورت کا انتخاب کھلے دل سے کرسکتے ہیں۔ جوزا عورت حوت مرد کی طرح دانشمند اور مجلسی مزاج کی حامل ہوتی ہے۔ حوت مرد بنا مطلع کیے اگر کوئی پارٹی رکھ لیتا ہے تو جوزا بیوی کمال مہارت سے تمام انتظامات کرتی ہے۔ مجلس میں، گھر میں، گھر سے باہر دیکھنے والے ان کی جوڑی کو سراہتے ہیں۔

برج حوت برج سرطان کے ساتھ

حوت عورت سرطان مرد

حوت عورت کی طرح سرطان مرد بھی شریک حیات کا انتخاب اطمینان ہو جانے کے بعد کرتے ہیں۔ حوت بیوی پر بھروسہ کرتے ہیں، نہایت متحمل مزاج اور مہربان ہوتے ہیں۔ اگر حوت بیوی ان کی خوشیوں کا خیال رکھے تو شادی کے بعد صرف اور صرف اپنی بیوی کے ہو کر رہتے ہیں۔ بچوں کے ساتھ نرم رویہ اختیار کرتے ہیں۔

حوت مرد سرطان عورت

کسی بھی مرد کے لیے سرطان عورت کو سمجھنا بہت مشکل ہے۔ حوت مرد کھلا خرچ کرنے والا جب کہ سرطان بیوی کنجوس ہوتی ہے۔ آپ کی ذرا سی بات اسے ناگوار ہو سکتی ہے۔ اس لئے حوت مرد کو چاہیے کہ وقتاً فوقتاً سرطان بیوی کو اپنی محبت کا یقین دلاتا رہے۔

برج حوت برج اسد کے ساتھ

حوت عورت اسد مرد

برج اسد کے حامل افراد خواتین کے لیے نہایت پرکشش ہوتے ہیں۔ لیکن حوت عورت خاوند کا انتخاب جذباتی ہونے کی بجائے سوچ سمجھ کر کرتی ہیں۔ اسد مرد کے ساتھ رہتے ہوئے حوت بیوی کو بھی قدرے مردانہ کردار ادا کرنا پڑتا ہے اور اگر آپ اسد خاوند کے معیار پر فٹ آ جائیں تو وہ زندگی بھر دوسری عورتوں کے پیچھے نہیں بھاگے گا۔

حوت مرد اسد عورت

حوت مرد کی خیالی طبیعت اسد بیوی کو الجھن کا شکار بنا دیتی ہے۔ لیکن خاوند کی طرف سے اچانک عظیم اور حیرت ناک کارنامہ انجام دینے پر وہ اس کی قدر کرنے لگتی ہے۔ نتیجتاً حوت مرد اپنی اسد بیوی کے آرام و راحت کا خیال رکھتا اور اس سے الگ ہونے کے تصور سے بھی بھاگتا ہے۔

برج حوت برج سنبلہ کے ساتھ

حوت عورت سنبلہ مرد

برج سنبلہ کے تحت آنے والے مرد عام طور پر خاموش طبع اور حلیم مزاج ہوتے ہیں۔ حوت بیوی کے ظاہری حسن کی بجائے اس کی ذہانت کے معترف ہوتے ہیں۔ شادی کے بعد صرف حوت بیوی کے ہو کر رہتے ہیں۔ حوت عورت کی نفاست پسند طبیعت کی طرح سنبلہ مرد بھی صفائی پسند ہوتا ہے ذرا سی بے ترتیبی بھی اسے پسند نہیں ہوتی۔ اس لیے حوت بیوی کو احتیاط کرنی چاہیے۔

حوت مرد سنبلہ عورت

سنبلہ عورت خوش باش اور رنگیلی طبیعت کی مالک ہوتی ہے جو جلد ہی نازک مزاج اور جذباتی حوت مرد سے تنگ آ جاتی ہے۔ اچانک پھٹ پڑنے سے حوت مرد کے جذبات کو ٹھیس پہنچتی ہے۔ لیکن غلط فہمی دور ہونے

پر حوت ایک محبت کرنے والا مرد ثابت ہوتا ہے۔

برج حوت برج میزان کے ساتھ

حوت عورت میزان مرد

حوت عورت خیالی دنیا کی باسی ہوتی ہے جہاں حقیقت کا دخل بہت کم ہوتا ہے اسی طرح میزان مرد بھی بعض اوقات اپنے بارے میں حقیقت سے ہٹ کر فیصلے کرتے ہیں۔ بیوی کی سنجیدہ و مستقل مزاج طبیعت کو پسند کرتے ہیں۔ ان کی شخصیت انہیں بھاتی ہے۔ لیکن میزان مرد کو حقیقت کی دنیا میں لانے کی ہر کوشش بے سود واقع ہوتی ہے۔

حوت مرد میزان عورت

نہایت متاثر کن جوڑی ہوتی ہے۔ میزان عورت کا تنقیدی رویہ اور دانشمندانہ حکمت حوت کی روحانی اور وجدانی صلاحیتوں کے ساتھ مل کر زندگی کو سہل بناتی ہیں۔ ایک جیسے خوابوں کی دنیا میں رہنے کی عادت کے باعث دونوں مطمئن رہتے ہیں۔ ایک دوسرے کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں۔ حوت مرد میزان عورت کا ہر طرح سے خیال رکھتا ہے اور اسے خوش رکھنے کی کوشش کرتا ہے۔

برج حوت برج عقرب کے ساتھ

حوت عورت عقرب مرد

حوت عورت متحمل مزاج اور پرسکون ہوتی ہے جب کہ عقرب مرد کا سخت اور غضبناک مزاج بعض اوقات بیوی کے لیے نہایت دل برداشتہ ہوتا ہے۔ اس لیے جب وہ غصے میں ہو تو اس کے راستے سے ہٹ جانا ہی بہتر ہے۔ حوت بیوی کی طرف سے ہونے والی ذرا سی کوتاہی عقرب خاوند کو آگ بگولہ کر سکتی ہے۔ لہذا نہایت احتیاط کی ضرورت ہے۔

حوت مرد عقرب عورت

دونوں جذباتی دنیا میں رہتے ہیں۔ جمود دونوں کو پسند نہیں متحرک رہنا پسند کرتے ہیں۔ حوت مرد کے فنکارانہ مزاج اور لطیف جذبوں کو خوابوں کی وادی سے صرف اور صرف عقرب عورت ہی واپس لا سکتی ہے۔ زندگی اور معاشرہ کیا ہے بتاتی ہے۔ حقیقت سے روشناس کرانے پر حوت مرد بھی عقرب بیوی کا احسان مند اور

دل و جان سے چاہنے والا بن جاتا ہے۔

برج حوت برج قوس کے ساتھ

حوت عورت قوس مرد

برج قوس کا مرد جذباتی نہیں ہوتا لیکن اس کی خوش مزاجی اور ہمدردانہ رویہ قابل ستائش ہوتا ہے۔ قوس مرد کی کشادہ ذہنی اور فراخدلی حوت عورت کے لیے اسے پسندیدہ بناتے ہیں۔ شادی کے بعد قوس خاوند اپنی بیوی پر کسی قسم کی پابندی نہیں لگاتے اور ہر جگہ اپنے ساتھ رکھنے میں عار محسوس نہیں کرتے۔ بہترین رفیق حیات ثابت ہوتے ہیں۔

حوت مرد قوس عورت

ظاہری حسن و جمال اور خوبصورتی حوت مرد اور قوس عورت کی شادی کا باعث تو ہو سکتے ہیں۔ لیکن دونوں ازدواجی زندگی گزارنے میں مشکل کا سامنا کرتے ہیں۔ آزاد طبیعت قوس بیوی پر حوت مرد کے ہر لحہ بدلتے رویے مایوسی اور افسردگی پیدا کرتے ہیں۔ صرف تعاون اور معاونت و مفاہمت سے ہی دونوں کامیابی سے زندگی گزار سکتے ہیں۔

برج حوت برج جدی کے ساتھ

حوت عورت جدی مرد

جدی مرد اپنے اوپر ایک خول چڑھا کر رکھتا ہے۔ جس سے اسے سمجھنے میں حوت عورت کو خاصی دشواری ہوتی ہے۔ اگر حوت بیوی اسے گھر میں سکون مہیا کرے تو جدی مرد جو مصائب سے گھبرا جاتا ہے اور گزرتے وقت کا ساتھ تیزی سے نہیں دے سکتا گھر میں رہنا پسند کرتا ہے۔

حوت مرد جدی عورت

میاں بیوی کی حیثیت سے ان کی زندگی خوشگوار گزر سکتی ہے۔ اس کے لیے جدی بیوی کو اپنی خواہشات اور احساسات کے برعکس حوت مرد کے خیالات و نظریات کے مطابق ہر کام کرنا ہوگا کیونکہ حوت ہر کام میں اپنی مرضی چاہتا ہے۔ اس طرح وہ اپنی بیوی سے خوش ہوگا ورنہ نہایت الجھن پریشانی اور اضطراب کا شکار ہو جاتا ہے۔

برج حوت برج دلو کے ساتھ

حوت عورت دلو مرد

دلو مرد کو سمجھنا زیادہ مشکل نہیں ہوتا۔ چہروں کو بھانپ لینے کی صلاحیت رکھنے والی حوت بیوی اپنی اس خاصیت کی بدولت جلد دلو شوہر پر قابو پا لیتی ہے۔ دلو کا حلقہ احباب اس قدر وسیع ہوتا ہے کہ اس میں سائنس دان سے لے کر خبطی لوگ بھی شامل ہو سکتے ہیں۔ لیکن ان کی اس خامی کو ان کا کشادہ ذہن' فراخدل اور نفیس طبیعت ڈھانپ لیتی ہے۔

حوت مرد دلو خواتین

دلو خواتین کے لیے حوت مرد کے ساتھ رہنا امر محال ہے۔ حوت مرد ہمیشہ یہ چاہے گا کہ دلو بیوی اس کی خواہشات کے مطابق ہر کام کرے۔ لیکن دلو بیوی کے لیے ایسا کرنا مشکل ہوتا ہے۔ پھر بھی وہ مصائب و پریشانیوں میں دانش مندی اور فراست سے کام لیتی ہیں تو حوت مرد اس کی خوشی کا خیال رکھتا ہے۔

برج حوت برج حوت کے ساتھ

حوت عورت حوت مرد

حوت مرد تصوراتی اور خوابوں کی دنیا میں مگن رہتا ہے۔ دل کی بات بہت کم زبان پر لاتے ہیں۔ کبھی ناراض اور کبھی فوراً خوش ہو جاتے ہیں۔ حوت بیوی خاوند کے مزاج کو بہت جلد سمجھ لیتی ہے اور یہ بھی کہ وہ کس وقت کیا چاہتا ہے۔ دوسروں کی خوش حالی کے لیے ہمہ وقت کمربستہ رہتے ہیں۔ قلندرانہ طبیعت ہونے کے باوجود بیوی کا حد درجہ خیال رکھنے کی کوشش کرتے ہیں۔

حوت مرد حوت عورت

حوت مرد و عورت دونوں حقائق کا سامنا کرنے سے گریز کرتے اور گھریلو ذمہ داریوں کو پسند نہیں کرتے۔ ان عادات کی بناء پر دونوں کو زندگی میں الجھنوں اور پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے لیکن مشترکہ عادات کی بناء پر دونوں ایک دوسرے کو جلد اور اچھی طرح پرکھ اور سمجھ لیتے ہیں اور یوں اچھی اور کامیاب زندگی گزارتے ہیں۔

سالانہ خریدار

بنیں اور گھر بیٹھے درج ذیل رسائل حاصل کریں

راہنمائے عملیات (ماہانہ)

نام پرچہ	قیمت فی پرچہ	زرسالانہ
راہنمائے عملیات	30/- روپے	525/- روپے: اندرون ملک رجسٹرڈ ڈاک سے
		50/- ڈالر بیرون ملک رجسٹرڈ ڈاک سے

Far-zoq (english quaterly)

نام پرچہ	قیمت فی پرچہ	زرسالانہ
Far-Zoq	50/- روپے	250/- روپے: اندرون ملک رجسٹرڈ ڈاک سے
		25/- ڈالر بیرون ملک رجسٹرڈ ڈاک سے

تعویذات، نقوش، طلسمات اور الواح

پہلے اسے پڑھیں

آپ کسی بھی مسئلے جیسے کہ شادی، اولاد، تسخیر ورجوع خلق، حصول جاہ و منزلت، مرتبہ، عزت دولت، شہرت، مقدمے میں کامیابی، دشمن پر فتح، شر سے حفاظت، رد سحر، خاتمہ آسیب، حصول علم اور ذہانت نوکری، ترقی، رزق، مردانہ و زنانہ خصوصی امراض و کمزوری سے نجات، مختلف ذہنی، اعصابی، جسمانی اور روحانی امراض سے شفا وغیرہ کے لئے حسب ضرورت عملیاتی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ خاص اوقات، جب کواکب شرف یا ہبوط، اوج یا زوال کی حالت میں ہوں یا آپس میں خصوصی نظرات بنا رہے ہوں (یعنی جب علوم مخفی کے حساب سے کواکب انتہائی اچھی حالت یا انتہائی بری حالت میں ہوں یا ایسی ہی ملتی جلتی کوئی اور سعد یا نحس حالت ہو) تب بھی خاص عملیات تیار کئے جاتے ہیں۔ اس سلسلے میں مزید تفصیل ذیل میں بیان کی جا رہی ہے تاہم پھر بھی کوئی بات وضاحت طلب ہو تو آپ اپنا پتہ لکھا جوابی لفافہ ارسال کر کے پوچھ سکتے ہیں۔

لوحِ آیت الکرسی / لوحِ زچگی

یہ لوح زچہ و بچہ کی حفاظت برائے تحفظ، سحر، جادو ٹونا، آسیب، اثر، حاضرات اور گھر و افراد خانہ کی حفاظت ہر قسم کے سحری اور جسمانی نقائص سے محفوظ رہنے کے لیے مفید ہے۔ بچوں کی پیدائش کے دوران خواتین مختلف سحری و نسوانی مسائل و امراض کا شکار ہو جاتی ہیں۔ ان اثرات و مسائل سے بچاؤ اور حل کے لیے یہ لوح خصوصی طور پر تیار کی جاتی ہے۔

لوحِ خوش قسمتی

خاص کواکبی حالتوں یعنی کواکب کی آپس میں سعد نظرات، شرف، اوج اور بعض خاص یوگ بننے کے اوقات میں لوح خوش قسمتی تیار کی جاتی ہے۔ زندگی کے کسی بھی مسائل کے خاتمہ کے لیے یہ مجرب ہے۔ کسی بھی خاص مقصد کے لیے یہ لوح بنوائی جا سکتی ہے۔

طلسم تسخیر و حاجت

یہ طلسم ایک خاص روحانی و عملیاتی طریقہ کار کے تحت تیار کیا جاتا ہے۔ آپ بھی رزق، دولت، شادی، تسخیر مطلوب، تسخیر خلق، حصول عہدہ، انعامی بانڈ، تسخیر دشمن، حصول اولاد، صحت، جادو وسحر سے حفاظت، حفظ وامان یا کسی بھی مطلب ومقصد کے لیے تیار کروا سکتے ہیں۔

طلسم صحت وشفاء

طلسم صحت تیار کرتے ہوئے شفاء کے حوالے سے خاص کواکبی حالتوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے اور اس کو مزید پُراثر بنانے کے لیے اس پر خاص روحانی عمل کیا جاتا ہے۔ اس طرح یہ طلسم فرد کو بیماری سے نجات اور صحت دلانے کی غیر معمولی برقی و مقناطیسی طاقت کا حامل ہو جاتا ہے۔ اس لوح کے ساتھ صحت یابی کیلئے زعفران سے تحریر کردہ خاص نقوش بھی پانی میں گھول کر پینے کے لیے دیئے جاتے ہیں۔ آپ کسی بھی بیماری کا شکار ہوں' دوا کے ساتھ دعا' کو بھی علاج کا حصہ بنائیں۔ اللہ شفاء دے گا۔ انشاء اللہ۔

لوحِ مریخ / لوحِ تحفظ (لاکٹ)

دشمن سے حفاظت' صحت' سحری و آسیبی امراض سے بچاؤ' تحفظ اور قوت جسمانی جیسے فوائد حاصل کرنے کے لیے یہ لوح استعمال ہوتی ہے۔ اس کے استعمال سے آپ ایک خاص قسم کا روحانی تحفظ حاصل کریں گے۔ کسی قسم کے مقابلے میں کامیابی' مردانہ طاقت' صحت' جسمانی حالت کی بہتری کے ساتھ ساتھ آسیب اور سحر وغیرہ سے بچاؤ کے لئے بھی لوح مریخ استعمال کی جاتی ہے۔

لوحِ شمس

عزت وقار' شہرت' کامیابی' عروج' حکومت' سیاست' حصول عہدہ' اعلیٰ پوزیشن' نوکری میں ترقی اور اولاد نرینہ کے حصول کے لیے بہترین لوح ہے۔

لوحِ زحل

زحل کے ناقص اثرات کے خاتمے کے لیے یہ لوح خاص طور پر تیار کی جاتی ہے۔ ساڑھ ستی کے لیے بھی مفید۔ جب چلتے کام رکنے لگ جائیں اور کام ہوتے ہوتے رہ جائیں' تو سمجھ لیں کہ آپ کو اس لوح کی ضرورت ہے۔

لوحِ زہرہ

عوام وخواتین میں مقبولیت' تسخیر محبوب' رجوع خلقت' شادی' حسن' خوبصورتی اور کشش پیدا کرنے کے لیے باکمال لوح ہے۔ اس کے ساتھ زعفران سے تحریر کردہ خصوصی نقوش بھی پہننے کے لیے دیئے جائیں گے۔ بیوٹی پارلر اور ڈاکٹروں سے استفادہ کے ساتھ ساتھ اس لوح اور نقوش کا استعمال حیرت انگیز نتائج لائے گا۔

لوحِ عطارد

برائے علم وعقل اور حافظے میں اضافہ' رزق' کاروبار اور تجارت میں ترقی' فصاحت و بلاغت' دماغی امراض سے بچاؤ' امتحان میں کامیابی اور بچوں کی تعلیم میں اعلیٰ کارکردگی کے لیے ایک تحفہ ہے۔

لوحِ مشتری/لوحِ رزق

دولت' استحکام' خوش حالی' تجارت میں اضافہ' ترقی' حصول جائیداد' انعامی بانڈ' لاٹری' خاتمہ غربت جیسے مقاصد کے لیے یہ لوح بہت زیادہ مفید ہے۔ وہ خواتین و حضرات جو روزگار کے مسائل یا بندش کا شکار ہیں یا وہ جن کی نوکری یا کاروبار کے معاملات میں مخالفت یا دشمنی کی وجہ سے مسائل اور رزق میں برکت یا وسعت نہیں ہے۔ وہ جن کے اخراجات زیادہ اور آمدن کم ہے۔ جنہیں مالی مشکلات کا سامنا ہے۔ قرض کی ادائیگی کرنی ہے یا مالی آسودگی حاصل کرنی ہے یا کاروبار میں برکت' نوکری میں ترقی مطلوب ہے تو وہ اس لوح سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

خاتمِ سلیمان

خاتم سلیمانؑ مختلف مسائل کے لیے موثر ثابت ہوتی ہے۔ یہاں ان سب کا بیان ممکن نہیں۔ اس کی مکمل خصوصیات کی تفصیل آپ ہماری کتاب طلسمات زہرہ میں دیکھ سکتے ہیں۔

لوحِ استخارہ

یہ لوح کسی بھی کام یا بانڈ نمبر وغیرہ کے لیے استخارہ کرنے کے لیے مفید ہے۔ بعض دفعہ انسان دوراہے پر کھڑا ہوتا ہے کہ وہ ادھر جائے یا اُدھر جائے۔ جب فیصلہ کرنا بہت مشکل اور ضروری بھی ہو تو ایسے حالات میں اس لوح کا ہونا مفید رہتا

ہے۔ استخارہ سے فیصلہ کرنا آسان ہو جاتا ہے۔

برکاتی انگوٹھی

معاملات زندگی میں عمومی بہتری اور متفرق مسائل کے حل کے لیے عدد 9 کی انگوٹھی بہت زیادہ استعمال ہوتی ہے۔

انگوٹھی عدد 9

کاروبار اور تجارت میں اضافے، رزق میں برکت، حصول روزگار، حصول اولاد، تسخیر و رجوع خلقت، شادی، محبت، صحت، خصوصی امراض، ردسحر، جادو، مقدمے میں کامیابی وغیرہ کے لئے استعمال میں لائیں۔

انگوٹھی مریخ

جنسی قوت، صحت، توانائی، جسمانی، حیوانی تحفظ، خاتمہ بیرونی اثرات اور ردسحر کے لیے اس کو بہت دفعہ تجربے کے بعد زود اثر پایا گیا ہے۔

الواح رفع رجعت / نحوست سیارگان

کسی بھی فرد کے زائچہ میں کواکب کی رجعت یا نحوست کے تحت پیدا ہونے والے اثرات کے خاتمے کے لیے یہ الواح تیار کی جاتی ہیں۔ ہر کوکب کی لوح الگ ہے۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیں ہمارا تفصیلی پمفلٹ جو مفت طلب کیا جاسکتا ہے۔

سبعہ کواکب کے نایاب طلاسم

خیال رہے کہ ہر طلسم تین حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ عددی طلسم پر مشتمل ہے۔ دوسرا طلسم سے منسوب ایک خاص شکل جو کہ عددی طلسم کی پشت پر بنائی جائے گی اور تیسرا حصہ اُن اسماء و آیات پر مشتمل ہے جو ہر عددی طلسم کے چاروں اطراف میں تحریر کی گئی ہیں۔ یوں انتہائی قدیم طلاسم کو اسمائے ربانی و آیات قرآنی سے ایک خاص طاقت کا منبع بنایا گیا ہے اور اس طرح ان کے اصل اثرات میں کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے۔ مزید تفصیل کے لیے دیکھیں ہمارا تفصیلی پمفلٹ جو مفت طلب کیا جاسکتا ہے۔

زائچہ جات/ حالات زندگی وغیرہ

ادارے کے زیر اہتمام جاری زائچہ سازی کے کام سے آپ بھی فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ آپ اپنا یا شریک حیات یا بچوں یا بہن بھائی یا ہونے والی بیوی یا شوہر یا کاروباری ساتھی یا کسی دوست یا کسی دشمن وغیرہ کا زائچہ بنوانے اور حالات زندگی معلوم کرنے کی خواہش مند ہوں تو بالمشافہ مل کر یا خط کے ذریعے کوائف ارسال کر کے زائچہ اور حالات زندگی استخراج کروا سکتے ہیں۔

بچے کا نام

علم نجوم کی روشنی میں بچے کا نام استخراج کروا کر آپ اپنے بچے کو کواکب کے نحس اثرات سے محفوظ اور سعد اثرات کے تحت کر سکتے ہیں۔ نام، نام والدہ، تاریخ، وقت اور مقام پیدائش ہمراہ فیس کے ارسال کر کے بچے کا نام استخراج کروائیں۔

وقتی زائچہ

زائچہ شادی/ زائچہ کاروبار/ زائچہ اولاد/ زائچہ صحت/ زائچہ سحر وغیرہ ....

مستقبل کے حوالے سے کسی ایک خاص معاملے یا امر کا ہر پہلو سے جائزہ لینے کے لیے زائچہ سوال بنایا جاتا ہے۔ اس معاملے سے متعلق تمام سوالوں کے جواب اس زائچے سے دیئے جائیں گے۔ یہ زائچہ بنوانے کے لیے نام، نام والدہ، تاریخ، وقت اور مقام پیدائش بمعہ سوال تحریر کرنے کی تاریخ، وقت اور مقام سوال ہمراہ فیس ارسال کریں۔

خوش قسمتی کا پتھر

خوش قسمتی کا پتھر کون سا ہے؟ کس پتھر کا استعمال آپ کے لیے موزوں ہے؟ حصول صحت، رد سحر اور دیگر مسائل کے حل کے لیے موزوں پتھر کا انتخاب۔ نام، نام والدہ، تاریخ، وقت اور مقام پیدائش ہمراہ فیس کے ارسال کر کے خوش قسمتی کا پتھر معلوم کریں۔

آپ کا پیدائشی زائچہ اور خوش قسمتی کا نمبر

آپ کا پیدائشی زائچہ جہاں شادی' روزگار' سفر اور تعلیم وغیرہ کے بارے میں بیان کرتا ہے۔ وہاں آپ کے لیے ان خوش قسمتی کے نمبروں کا استخراج کرنے میں بھی معاون ومددگار ہوتا ہے' جن کے استعمال سے آپ مختلف انعامی ذرائع آمدن جیسا کہ ریس' لاٹری' شیئرز' پرائز بانڈ وغیرہ سے بہتر نتائج حاصل کر سکتے ہیں۔

اگر آپ چاہتے ہیں کہ ان انعامی سکیموں میں حصہ لینے کے لیے اپنے ذاتی نمبر استخراج کروائیں' تو اپنے کوائف یعنی نام' والدہ کا نام' تاریخ پیدائش' جگہ پیدائش اور وقت پیدائش ارسال کریں۔ ہم آپ کو ان انعامی سکیموں میں استعمال کے لیے آپ کے ذاتی زائچہ سے تین خاص ایسے متحرک عدد بتائیں گے جو آپ کو ان امور میں کامیابی دلانے کا باعث ہوں گے۔

حالات زندگی 123 اہم امور

زندگی کے ان 23 اہم امور پر یہ نجومی رپورٹ تیار کی جاتی ہے۔ مزاج و کردار۔ زندگی میں خوشیاں اور تکمیل خواہشات۔ محبت اور رومانس۔ مشاغل۔ صحت۔ مالی حالات۔ طریق زندگی۔ کیریئر۔ روزگار۔ خوش قسمتی کا چکر۔ خوش قسمتی کی دھات۔ خوش قسمتی کا دن۔ خوش قسمتی کا رنگ۔ آپ کا برج۔ آپ کا کوکب۔ اسم الٰہی برائے ذکر۔ زائچہ پیدائش۔ شرف وہبوط کواکب۔ خوش قسمتی کا عدد۔ خصوصی صدقات۔ قمری برج/کواکب اور اس کے اثرات۔ شمسی برج/کوکب اور اس کے اثرات۔ طالع برج/کوکب اور اس کے اثرات۔ یہ رپورٹ حاصل کرنے کے لیے نام' نام والدہ' تاریخ' وقت اور مقام پیدائش ہمراہ فیس ارسال کریں۔

تقدیر پیدائشی زائچہ پر احکام

بوقت پیدائش آسمان پر موجود کواکب مختلف انداز اور طریقے سے انسانی زندگی کے ہر پہلو پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ یہ رپورٹ آپ پر آپ کو آشکار کرے گی کہ فطرت نے آپ اور آپ سے متعلقہ معاملات کے حوالے سے کیا طے کر رکھا ہے؟ آپ کے اندر موجود مختلف صلاحیتوں کے بارے میں فطری رازوں سے آپ کی آشنائی کروائی جائے گی۔

اس رپورٹ میں تمام کواکب یعنی قمر' شمس' عطارد' زہرہ' مریخ' مشتری' زحل' یورانس' نیپچون اور پلوٹو کی آپ کے زائچہ میں موجود مختلف بروج اور گھروں میں موجودگی کے اثرات کو بیان کیا جائے گا۔ اس کے علاوہ ان کواکب کی آپس میں' طالع اور عاشر سے بننے والی نظرات کو بمع تمام گھروں کے حاکموں کے دوسرے گھروں میں قابض ہونے سے پیدا ہونے والے اثرات کو بھی بیان کیا جائے گا۔

آپ کے پیدائشی زائچہ کا مکمل جائزہ۔ یہ رپورٹ بنوانے کے لیے نام' نام والدہ' تاریخ' وقت اور مقام پیدائش ہمراہ فیس کے ارسال کریں۔

آنے والا کل ٹرانزٹ رپورٹ

کیا آپ اس بات کو جاننا چاہتے ہیں کہ موجودہ اور آنے والے وقت میں کواکب کی فطری حرکت کس انداز میں آپ کی زندگی پر اثر انداز ہوگی؟ آپ کے آنے والے ماہ و سال آپ کے لیے کیا لے کر آ رہے ہیں؟ آپ کو کن حالات واقعات سے واسطہ پڑ سکتا ہے؟ یہ سب کچھ جاننے کے لیے درج ذیل رپورٹ آپ کے لیے صد درجہ مفید ثابت ہوگی۔

یہ رپورٹ ان کوائف اثرات کو ظاہر کرتی ہے جو کسی بھی خاص عرصہ میں شمس اور دیگر کواکب کے زائچہ کے مختلف گھروں میں داخلہ کی وجہ سے جنم لیتے ہیں۔ اس کے علاوہ جب ٹرانزٹ میں موجود کواکب مختلف گھروں میں داخل ہونے پر پیدائشی زائچہ میں موجود اساسی کواکب کے ساتھ سعد اور نحس نظر بناتے ہیں تو ان کے بھی خصوصی اثرات مرتب ہوتے ہیں۔ جن کو بیان کیا جائے گا۔ یوں کسی بھی ایک خاص عرصہ کے اندر ہونے والی ہر ممکنہ تبدیلی بہتری اور خرابی سے آپ آگاہ ہوسکیں گے۔ اس رپورٹ کی مدد سے آپ اپنی زندگی کو بہتر طور پر پلان کرسکیں گے اور زیادہ بہتر نتائج حاصل کرسکیں گے۔ یہ رپورٹ تفصیل اور جامعیت کا ایک حسین امتزاج ہے۔ اس رپورٹ کو بنوانے کے لیے اپنے کوائف یعنی نام، نام والدہ، تاریخ، وقت اور مقام پیدائش ارسال کریں۔ ساتھ ہی یہ بھی تحریر کریں کہ کس عرصہ کی رپورٹ درکار ہے؟

ساڑھ ستی

کہیں آپ ساڑھ ستی کا شکار تو نہیں ہیں؟ زحل جب بھی حرکت کرتا ہوا پیدائشی زائچہ کے بارھویں، پہلے اور دوسرے گھر سے گزرتا ہے تو یہ عرصہ انسان کو مختلف الانواع مسائل جیسے کہ قرضہ، اخراجات کی زیادتی، غلط فیصلے، مالی تنگیوں اور پریشانیوں کے گرداب میں پھنسا جاتا ہے اور یوں اُس کی زندگی ناکامی و نامرادی کا شکار ہوکر ذلت کا نشان بن کر رہ جاتی ہے۔ اس حوالے سے ادارہ "راہنمائے عملیات" نے یہ انتظام کیا ہے کہ آپ اس بات کو جان سکیں کہ کہیں آپ ساڑھ ستی کا شکار تو نہیں ہیں اور اگر ہیں تو اس حوالے سے بچاؤ کے اقدامات تجویز کیے جائیں گے جن پر عمل پیرا ہو کر آپ اپنے آپ کو پریشانیوں سے بچا پائیں گے۔

اِس کے لیے آپ اپنے کوائف یعنی نام، والدہ کا نام، تاریخ پیدائش، وقت پیدائش اور جگہ پیدائش ہمراہ فیس ارسال کریں۔

جواہرات

پتھروں کے روحانی، بصری اور طبیعاتی اثرات سے دنیا کا کوئی بھی فرد انکار نہیں کر سکتا۔ انسانی زندگی کے ہر پہلو کو یہ بالواسطہ یا بلاواسطہ متاثر کرتے ہیں۔ قدرت نے لاتعداد دنیاوی اور روحانی معاملات کی اصلاح و بہتری کیلئے لاتعداد اقسام کے پتھر تخلیق کیے ہیں۔

کون سا پتھر موزوں ہے؟

آپ کے مسائل کے حل، آپ کی صحت، روزگار اور رزق میں برکت و وسعت، مختلف امراض سے حصول صحت، مثلاً دماغی امراض، ٹی بی، کینسر، گلے پڑنا، ہائی بلڈ پریشر، دمہ، کھانسی، برص وغیرہ۔ معاشرتی عزت و وقار و مرتبہ کے حصول، روحانی مسائل کے حل، روزمرہ مسائل و پریشانی کے حل کے واسطے، تعلیمی سلسلوں میں رکاوٹوں کے خاتمے اور ذہن کے علم کی طرف متوجہ ہوتے، اعلیٰ تعلیم کے واسطے، جادو ٹونے سے بچنے، سحر کے علاج وغیرہ کے لئے زائچہ پیدائش کے حوالے سے موزوں پتھر کا انتخاب۔ نام، برج یا عدد وغیرہ کی مناسبت سے استخراج پتھر، ستاروں کی نحوست دور کرنے کے واسطے پتھر و جواہرات استعمال کرنا زندگی میں کامیابیوں کو بڑھائے گا۔

نقلی / اصلی پتھر

پتھر ہمیشہ اصلی لینا چاہیے۔ گو نقلی پتھر ہمیشہ سے ہی بنتے چلے آ رہے ہیں لیکن آج کل جدید سائنس کی بدولت نقل کے کام نے بہت ترقی کر لی ہے۔ اصل سے بہتر نقل دستیاب ہے۔ جو قیمت میں بھی کم ہوتا ہے۔ تاہم میرا مشورہ یہ ہے کہ ان نقلی پتھروں کے استعمال سے کوئی فائدہ نہیں اٹھایا جا سکتا۔ سو زیادہ پیسے نہیں ہیں تو سستا پتھر خرید لیں لیکن ہو اصل۔ اگر اصل ہوگا تو اس کا فائدہ ہوگا ورنہ نہیں۔ نقلی پتھر ایسے ہی ہے جیسے آپ نے رنگ دار شیشہ یا پلاسٹک پہن رکھا ہو۔

موزوں قیمت

ادارہ آپ کے لیے جواہرات و پتھروں کے انتخاب کے علاوہ صرف قیمتی ہی نہیں بلکہ کم اور درمیانی مالیت کے حامل موزوں پتھر بھی فراہم کرتا ہے۔ آپ ہر قسم کے پتھروں کے حصول کیلئے رجوع کر سکتے ہیں۔ ہر پتھر کی ذمیت اور وزن کے اعتبار سے اس کی قیمت ہوتی ہے۔

زعفرانی نقوش

بیماری کی نوعیت کچھ بھی ہو!

بیماری چاہے کتنی پرانی ہی کیوں نہ ہو!

بیماری چاہے کتنی ہی موذی کیوں نہ ہو!


اللہ تعالیٰ کی ذات پر بھروسہ رکھتے ہوئے ''زعفرانی نقوش'' کا ایک کورس مکمل کریں۔ اس کے اثرات اور فوائد آپ پر خود ظاہر ہوں گے۔ آپ خود محسوس کریں گے کہ آپ صحت یاب ہو رہے ہیں۔


یہ ''زعفرانی نقوش'' درجہ اول کے زعفران سے خاص کواکبی اوقات میں کاغذ پر تحریر کیے جاتے ہیں اور صحت اور تندرستی کے حوالے سے اِن پر خصوصی آیات قرآنی اور اسماء ربی کا ورد بھی کیا جاتا ہے۔ تاکہ اِن کے اثرات میں زیادہ سے زیادہ طاقت پیدا کی جاسکے اور اِن کو استعمال کرنے والے کو زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو اور اس کو صحت کے جن مسائل سے واسطہ ہے اُن کا حل نکلے اور وہ صحت یاب ہو۔


''زعفرانی نقوش'' کے اس کورس کا ہدیہ انتہائی کم یعنی صرف رکھا گیا ہے۔ زعفرانی نقوش کے استعمال کا مکمل طریقہ کار نقوش کے ہمراہ ارسال کیا جائے گا۔ آپ کسی بھی تکلیف کا شکار ہوں ایک دفعہ ضرور اِن کو استعمال کر کے دیکھیں۔ اللہ تعالیٰ کی ذات شفاء دینے والی ہے اور ہمیں مکمل یقین ہے کہ اِن زعفرانی نقوش کے استعمال سے آپ صحت یاب ہوں گے۔ انشاء اللہ۔


خط و کتابت، منی آرڈر اور رابطہ:

خالد اسحاق راٹھور، مکان نمبر 2، گلی نمبر 11، محمد نگر، گڑھی شاہو، لاہور۔









ISBN 978-969-535-045-4